★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعرات 7 محرم الحرام 1447ھ، 3 جولائی 2025ء 20 ہاڑ 2082 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 227

مریم نواز شریف

ملک کی تاریخ میں عوام کے گھر بنانے کا ریکارڈ قائم کیا، اپنے ہی ریکارڈ خود توڑیں گے

بغیر سفارش گھر بنانے کیلئے قرضوں کا اجرا قابلِ تقلید مثال ہے، اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کا مقصد عوام کیلئے آسانی پیدا کرنا ہے، اپلائی کرنیوالے ہر فرد کو سیاسی وابستگی سے بالا قرضے مل رہے ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا شاندار پراجیکٹ تیزی سے کامیابی کی طرف گامزن، اپنی چھت، اپنا گھر منصوبہ! پنجاب میں 50 ہزار سے زائد گھروں کی تعمیر مکمل

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا شاندار پراجیکٹ اپنی چھت، اپنا گھر منصوبہ کامیابی کی نئی بلندیوں کی جانب گامزن ہے۔ پنجاب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ محض چند ماہ کی قلیل مدت میں 50 ہزار سے زائد گھروں کی تعمیر مکمل ہوگئی جبکہ مجموعی طور پر 57 ارب 90 کروڑ روپے کے قرضے مستحق افراد کو فراہم کئے گئے ہیں۔ حکومت پنجاب کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے (بقیہ نمبر 1)



وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کی ایف اے او کے ڈائریکٹر جنرل کوڈونگیو سے روم سے ملاقات کر رہے ہیں

سٹاک مارکیٹ میں نیا ریکارڈ قائم! ہنڈرڈ انڈیکس تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا

کراچی: (ویب ڈیسک) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں نیا ریکارڈ قائم کرتے ہوئے ہنڈرڈ انڈیکس تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا۔ کاروباری ہفتے کے تیسرے روز بھی کاروبار کے آغاز پر سٹاک ایکسچینج میں زبردست تیزی د (بقیہ نمبر 2)

باجوڑ: صادق آباد پھاٹک میلہ کے قریب دھماکا

اسسٹنٹ کمشنر سمیت 5 افراد جام شہادت نوش کر گئے جبکہ 11 زخمی ہیں

پولیس اور سکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر تحقیقات کا آغاز

باجوڑ: (دنیا نیوز) باجوڑ میں صادق آباد پھاٹک میلہ گراؤنڈ کے قریب بم دھماکا ہوا ہے جس میں اسسٹنٹ کمشنر سمیت 5 افراد شہید ہوگئے۔ پولیس حکام کے مطابق خیبر پختونخوا کے ضلع (بقیہ نمبر 8)



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی ملاقات کر رہے ہیں

ایران کا جوہری پروگرام پرامن مقاصد کے لیے ہے، روسی صدر پیوٹن

پیوٹن اور میکرون کا دو گھنٹے طویل ٹیلیفونک رابطہ، ایران کے جوہری اور میزائل پروگرام پر گفتگو

ماسکو (ویب ڈیسک) روسی صدر ولادیمیر پیوٹن اور فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون کے درمیان دو گھنٹے طویل ٹیلیفونک گفتگو ہوئی، جس میں ایران کے جوہری پروگرام اور میزائل ٹیکنالوجی کے (بقیہ نمبر 9)

معاشی استحکام کے ثمرات عوام تک پہنچانے کیلئے ہر قسم کی قربانی دینے کو تیار ہوں، وزیراعظم

وزیراعظم کی نادہندگان سمیت تمام صنعتوں کی پیداوار ڈیجیٹائز کر کے ٹیکس نیٹ میں لانے کی ہدایت، وزیراعظم نے سال 2024-25 میں وفاقی ٹیکس محصولات میں گزشتہ 10 سالوں کی نسبت 42 فیصد اضافے پر وزارت خزانہ اور ایف بی آر کی کاوشوں کو سراہا

محصولات کی وصولی اور اپنے فرائض کی ادائیگی میں ایف بی آر عوام سے عزت و تکریم کے ساتھ پیش آئے۔ ملکی معیشت کی ترقی کیلئے تمام سرکاری ادارے ایف بی آر کیساتھ مکمل تعاون کریں: شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے نادہندگان سمیت تمام صنعتوں کی پیداوار ڈیجیٹائز کر کے انہیں ٹیکس نیٹ میں لانے کی ہدایات دی ہیں۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی ڈیجیٹائزیشن اور دیگر اصلاحات کے حوالے سے ہفتہ وار جائزہ اجلاس وزیراعظم محمد (بقیہ نمبر 4)



لاہور: سیکرٹری پرائس کنٹرول ڈاکٹر احسان بھٹہ ڈیپارٹمنٹل ڈویلپمنٹ سکروٹنی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایئر چیف مارشل ظہیر بابر سدھو کا دورہ امریکا، اہم سول اور عسکری حکام سے ملاقاتیں

ایئر چیف ظہیر بابر سدھو کی امریکی ایئر فورس کی سیکریٹری کیلی ایل سیپلٹ سے بھی ملاقات ہوئی

واشنگٹن (این این آئی) پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل ظہیر بابر سدھو امریکا کے دورے پر ہیں۔ ایئر چیف مارشل ظہیر بابر سدھو نے امریکا میں اہم سول اور عسکری حکام سے ملاقاتیں (بقیہ نمبر 10)

خواجہ آصف کا وفاقی اور پنجاب حکومت میں پیپلز پارٹی کی شمولیت کا اشارہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے وفاقی اور پنجاب حکومت میں پیپلز پارٹی کی شمولیت کا اشارہ دے دیا۔ خواجہ آصف نے نجی ٹی وی سے گفتگو میں کہا کہ اس وقت کیا ہو رہا ہے، یہ تو نہیں بتا سکتے لیکن امکان ہے کہ پیپلز پارٹی حکومت میں شامل ہو جائے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے (بقیہ نمبر 6)

شمالی وزیرستان، سکیورٹی خدشات کے پیش نظر میٹرک کے پرچے ملتوی

میران شاہ (این این آئی) شمالی وزیرستان میں سکیورٹی خدشات کے پیش نظر میٹرک کے پرچے ملتوی ہو گئے ہیں۔ چیئرمین بنوں بورڈ (بقیہ نمبر 14)

بھارت پاکستان کیخلاف پہلگام حملے کے الزام پر ''کواڈ'' کی حمایت حاصل کرنے میں ناکام

واشنگٹن (این این آئی) ''کواڈ الائنس'' نے جس میں امریکہ، جاپان، آسٹریلیا اور (بقیہ نمبر 15)

پاکستان دنیا بھر میں تنازعات مذاکرات کے ذریعے حل کا حامی ہے صائم افتخار

پاکستان دنیا بھر میں تیزی سے بدلتی صورت حال پر نظر رکھے ہوئے ہے، غزہ کی صورتحال پرامن بنانے کے لیے کوشاں ہیں

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ پاکستان دنیا بھر میں تنازعات کا مذاکرات کے ذریعے حل کا حامی ہے۔ ایک بیان میں عاصم افتخار نے کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق تنازعات کا پرامن حل چاہتا ہے اور دنیا بھر (بقیہ نمبر 11)



لاہور: چیئرمین زکوۃ بشر کونسل رانا منور حسین پنجاب زکوۃ و عشر کونسل کے 35 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ججز کی سنیارٹی پر مشاورت کا معاملہ، جسٹس منصور علی شاہ کا جوڈیشل کمیشن کو ایک اور خط

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے سینئر جج جسٹس منصور علی شاہ نے سیکرٹری جوڈیشل کمیشن کو ایک اور اہم خط ارسال کر دیا (بقیہ نمبر 12)

گورنر سندھ نے فنانس بل پر دستخط کر دیے

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے سندھ فنانس بل کی (بقیہ نمبر 13)

جون میں دہشتگردی کے 78 واقعات، 100 افراد جاں بحق 189 زخمی

2025 کے پہلے چھ ماہ کے دوران ملک میں دہشتگردی کے 502 واقعات رپورٹ ہوئے جن میں 737 افراد جاں بحق اور 991 زخمی ہوئے

اسلام آباد (این این آئی) جون 2025 میں فتنہ الہندوستان کی جانب سے دہشتگردی کی 78 کارروائیاں کی گئیں جن میں 100 افراد جاں بحق اور 189 زخمی ہوئے۔ دہشتگردی پر کام کرنے والے تھنک ٹینک کی رپورٹ کے مطابق جون میں سکیورٹی فورسز نے جوابی کارروائیوں میں 71 دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا جبکہ 52 مشتبہ دہشتگردوں کو گرفتار کیا گیا۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ 2025 کے پہلے چھ ماہ کے دوران ملک میں دہشتگردی (بقیہ نمبر 5)

سپریم کورٹ کے فیصلے پر عملدرآمد، اضافی مخصوص نشستوں پر اراکین کی رکنیت بحال

حال اراکین اب اسمبلیوں کی کارروائی میں شریک ہو سکیں گے

پنجاب سے قومی اسمبلی میں خواتین کی 11 مخصوص نشستیں بحال کر دی گئی ہیں

اسلام آباد: (ویب ڈیسک) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سپریم کورٹ کے فیصلے پر عملدرآمد کرتے ہوئے اضافی مخصوص نشستوں پر اراکین کی رکنیت بحال کر دی۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سپریم کورٹ کے فیصلے کی روشنی میں قومی و صوبائی اسمبلیوں کی مخصوص نشستیں اور جنرل نشستوں (بقیہ نمبر 3)



وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری ٹوبہ ٹیک سنگھ میں امن و امان سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

ملک میں پولیو کا ایک اور کیس سامنے آ گیا، رواں سال کیسز کی تعداد 14 ہو گئی

میران شاہ (این این آئی) پاکستان میں پولیو کا ایک اور کیس سامنے آیا ہے جس کے بعد رواں سال پولیو سے متاثرہ بچوں کی تعداد 14 (بقیہ نمبر 18)

یورپ میں شدید ہیٹ ویو! فرانس میں دو ہزار اسکول بند

ترکی میں جاری جنگلاتی آگ کے باعث ہزاروں افراد کو نقل مکانی کرنا پڑی، غیر ملکی میڈیا

پیرس/روم/انقرہ (این این آئی) یورپ شدید ترین گرمی کی لپیٹ میں آ چکا ہے، جس نے کئی ممالک میں معمولاتِ زندگی کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق (بقیہ نمبر 17)

کراچی سمیت ملک بھر کے بجلی صارفین کے لیے اچھی خبر

نیپرا نے پاور ڈویژن کی درخواست منظور کرتے ہوئے اپنا فیصلہ نوٹیفکیشن کے لیے حکومت کو بھجوا دیا

بنیادی ٹیرف میں اوسط ایک روپے 14 پیسے فی یونٹ اور زیادہ سے زیادہ ایک روپے 16 پیسے فی یونٹ تک کی

اسلام آباد (این این آئی) شہر قائد سمیت ملک بھر کے بجلی صارفین کے لیے اچھی خبر سامنے آ گئی، جس کے مطابق نیپرا نے بجلی کے بنیادی (بقیہ نمبر 19)

بھارت کا خطے پر تسلط کا خواب چکنا چور ہو چکا ہے، واجد برکی

لندن (این این آئی) سابق پالیمنٹری امیدوار آف سوئن کولڈ فیلڈ برطانیہ واجد برکی نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر کا حل ناگزیر ہے پاک فوج کے سربراہ کی جانب سے مسئلہ کشمیر پر ایک بار پھر دوٹوک موقف اپنانے پر فیلڈ مارشل جنرل سید (بقیہ نمبر 20)

سعودی عرب کا مصر میں سوڈانی مریضوں کے لیے صحت کا نیا منصوبہ

تین بنیادی اہداف پر مشتمل منصوبے پر قاہرہ، اسوان، اسکندریہ سمیت پانچ شہروں میں عملدرآمد جاری

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے مصر میں گردوں کی خرابی میں مبتلا سوڈانی مریضوں کی مدد کے لیے ایک بڑے طبی منصوبے کا آغاز کیا ہے۔ یہ منصوبہ عالمی ادارہ صحت اور مصر کی وزارت (بقیہ نمبر 21)



لاہور: صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق محکمہ داخلہ کے کنٹرول روم میں محرم الحرام کے حفاظتی انتظامات بارے بریفنگ لے رہے ہیں

پاکستان پائیدار ترقی کے لیے نتیجہ خیز شفاف شراکت داریوں کیلئے پرعزم ہے، وزیر خزانہ

وزیر خزانہ کا پائیدار ترقی کے 2030 ایجنڈے کے حصول کے لیے عالمی ترقیاتی تعاون کو موثر بنانے اور ترقیاتی تعاون کی نئی سوچ اپنانے پر زور

وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کا سپین میں چوتھی عالمی کانفرنس برائے فنانسنگ فار ڈویلپمنٹ (FfD4) میں کثیر الفریقی گول میز اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان پائیدار ترقی کے لیے نتیجہ خیز اور شفاف شراکت داریوں کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے عالمی برادری سے اپیل کی کہ اب وقت آ گیا ہے کہ ہم وعدوں سے آگے بڑھ کر عمل کی طرف آئیں۔ وزیر خزانہ نے اپنے خطاب میں ترقیاتی تعاون کو فروغ دینے کے لیے تین نکاتی حکمت عملی پیش کی۔ وزیر خزانہ نے فوری عملی (بقیہ نمبر 16)

سندھ میں پاکستان کی تاریخ کی سب سے بڑی اساتذہ بھرتی مکمل

93 ہزار سے زائد پرائمری اسکول اور جونیئر ایلیمنٹری اساتذہ کو آفر لیٹرز جاری کر دیے گئے، وزیر تعلیم کی مبارکباد

کراچی (این این آئی) محکمہ تعلیم سندھ نے پاکستان کی تاریخ کی سب سے بڑی اساتذہ بھرتی کا عمل مکمل کر لیا ہے، جس کے تحت 93 ہزار سے زائد پرائمری اسکول اور جونیئر ایلیمنٹر (بقیہ نمبر 29)



لاہور: وزیر لیبر و سپورٹس پنجاب فیصل ایوب کھوکھر انتظامی افسران و سیاسی نمائندگان کے ہمراہ محرم الحرام کے مجالس و جلوس روٹس کا معائنہ کر رہے ہیں

یمن کا حشر بھی ایران جیسا ہی ہو گا، اسرائیل کاٹز

صنعا (این این آئی) اسرائیل کے وزیر دفاع اسرائیل کاٹز نے ایرانی حمایت یافتہ حوثی ملیشیا کے خلاف جوابی کارروائی کا عزم ظاہر (بقیہ نمبر 30)

شیخ حسینہ واجد نے انسانیت کے خلاف جرائم کے الزامات کی تردید کر دی

ڈھاکا (این این آئی) بنگلہ دیش کی سابق وزیراعظم شیخ حسینہ واجد نے اپنے اوپر لگنے والے انسانیت کے خلاف جرائم کے الزام (بقیہ نمبر 31)

ایلون مسک کو امریکہ سے ملک بدر کیا جا سکتا ہے، ٹرمپ کی دھمکی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ معروف ٹیکنالوجی سرمایہ کار اور ارب پتی ایلون مسک کو امریکہ سے ملک بدر کرنے پر غور کر سکتے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے (بقیہ نمبر 32)



لاہور: وزیر اسپورٹ اینڈ ماس ٹرانزٹ پنجاب بلال اکبر خان ہیڈ برطانوی ہائی کمیشن لاہور آفس بین وارممکن سے پنجاب میں نئے ماس ٹرانزٹ کے منصوبوں پر گفتگو کر رہے ہیں

ملک کے مختلف علاقوں میں بارش کی پیشگوئی، اسلام آباد میں مطلع ابر آلود

پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ اور نشیبی علاقوں میں اربن فلڈنگ کا خدشہ موجود ہے

سندھ اور بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں موسم گرم اور مرطوب رہے گا، محکمہ موسمیات

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ ملک کے مختلف علاقوں میں بارش کا امکان ہے، جبکہ کئی علاقوں میں موسم گرم اور مرطوب رہے گا۔ اسلام آباد میں مطلع ابر آلود ہے اور آج بادل برسنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ پنجاب بھر میں موسم گرم اور مرطوب رہنے کی پیشگوئی (بقیہ نمبر 26)

کراچی میں 8 سے 11 جولائی کے دوران بارش کا امکان

کراچی (این این آئی) کراچی میں 8 سے 11 جولائی کے دوران معتدل شدت کی بارش ہو سکتی ہے۔ ترجمان محکمہ موسمیات انجم نذیر نے بتایا کہ آج شہر میں مطلع ابر آلود اور موسم مرطوب رہنے کا امکان ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مون (بقیہ نمبر 25)

حج 2026 کی لازمی رجسٹریشن کیلئے 9 جولائی کی ڈیڈ لائن مقرر

شرائط و ضوابط حج پالیسی 2026 کے مطابق الگ سے جاری کی جائیں گی

آن لائن پورٹل اور 15 نامزد بینکوں کے ذریعے رجسٹریشن کی سہولت موجود ہے

اسلام آباد: (ویب ڈیسک) حج 2026 کے لیے لازمی رجسٹریشن کا آغاز کر دیا گیا۔ وزارت مذہبی امور کے ترجمان کے مطابق آن لائن پورٹل اور 15 نامزد بینکوں کے ذریعے رجسٹریشن کی سہولت موجود ہے، حج 2026 کے لیے رجسٹریشن کی آخری تاریخ 9 جولائی مقرر ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ مذہبی امور میں رجسٹرڈ افراد کو سرکاری یا پرائیویٹ حج سکیم میں شمولیت کا اختیار ہوگا، پاکستانی پاسپورٹ کے اہل سمندر پار پاکستانی بھی آن لائن پورٹل کے ذریعے رجسٹریشن کی سہولت موجود ہے، حج کریں۔ وزارت مذہبی امور (بقیہ نمبر 27)

پاکستان نے جنرل اسمبلی میں بھارت کا بھیانک چہرہ اور ناپاک عزائم بے نقاب کر دیئے

''بی جے پی-آر ایس ایس کے تحت بھارت ایک اکثریتی آمریت میں تبدیل ہو چکا ہے، جہاں تمام اقلیتیں، مسلمان، عیسائی، اور دلت مسلسل خوف و جبر کے سائے تلے زندگی گزار رہے ہیں

یہ ایک کلاسیکی مثال ہے جس میں مظلوم بننے کا دعویٰ اصل میں مظالم ڈھانے والا کرتا ہے۔ ایک ایسا ریاستی نظام، جس نے نفرت کو بطور ہتھیار استعمال کیا'' ربیعہ اعجاز کا کرارا جواب

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے اقوام متحدہ کے جنرل اسمبلی اجلاس میں بھارت کا بھیانک چہرہ اور ناپاک عزائم دنیا کے سامنے بے نقاب کر دیا۔ بھارتی بیان کے جواب میں سیکنڈ سیکرٹری ربیعہ اعجاز نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں جوابی بیان دیا، جس میں انہوں نے کہا کہ ''مجھے بھارتی مندوب کے ریمارکس کا جواب دینے پر مجبور ہونا پڑ رہا ہے۔ یہ ایک کلاسیکی مثال ہے جس میں مظلوم (بقیہ نمبر 28)



لاہور: صوبائی وزیر فیصل ایوب کھوکھر، رکن قومی اسمبلی سیف الملوک کھوکھر اور دیگر محرم الحرام میں سکیورٹی و دیگر انتظامات بارے منعقدہ اجلاس میں پاکستان کی تعمیر و ترقی اور خوشحالی کی دعا مانگ رہے ہیں

بلاول بھٹو

عالمی برادری دہشت گردی کیخلاف جنگ میں پاکستان سے تعاون کرے

طالبان حکومت کی وعدہ خلافیاں خطے میں عدم استحکام کا باعث ہیں، بھارت پانی کو ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کی روش ترک کرے

سرنڈر کرنا پاکستان کی ڈکشنری میں شامل نہیں، ڈیجیٹل پروپیگنڈا عصر حاضر کا ایک اور پیچیدہ چیلنج ہے' عالمی کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان دہشت گردی کیخلاف ہراول دستے کا کردار ادا کر رہا ہے، عالمی برادری دہشت گردی کیخلاف جنگ میں پاکستان سے تعاون کرے۔ ''دنیا کیلئے پاکستان کی دہشت گردی کیخلاف جنگ'' کے عنوان پر عالمی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ دہشت گردی ایک عالمی مسئلہ ہے، پاکستان نے د (بقیہ نمبر 33)

رمیش سنگھ اروڑہ کی لندن میں سکھ APPG کی تقریب میں شرکت

تقریب میں سکھ فیڈریشن، برطانوی ارکان پارلیمنٹ، سکھ رہنماؤں اور تنظیموں نے شرکت کی

کرتار پور، اقلیتی آزادی، ویزا پالیسی اور سکھ میرج ایکٹ پر پاکستان کے مثبت اقدامات اجاگر

لاہور/لندن (زیڈ این این) صوبائی وزیر اقلیتی امور پنجاب سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے لندن میں آل پارٹیز پارلیمنٹری گروپ (APPG) برائے سکھ امور کی 20 ویں سالگرہ کی تقریب میں شرکت کی۔ تقریب میں سکھ فیڈریشن UK، برطانوی ارکان پارلیمنٹ، سکھ رہنماؤں او (بقیہ نمبر 22)

کراچی سمیت ملک بھر کے بجلی صارفین کے لیے اچھی خبر

بھارت کا خطے پر تسلط کا خواب چکنا چور ہو چکا ہے، واجد برکی

رمیش سنگھ اروڑہ کی لندن میں سکھ APPG کی تقریب میں شرکت



لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا ہے کہ محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن کی جانب سے ٹرشری کیئر ہسپتالوں کو 9485 ایئر کنڈیشنرز تقسیم کر دیئے گئے ہیں۔ یہ ایئر کنڈیشنرز ٹرشری کیئر ہسپتالوں میں آنے والے مریضوں کی آسانی اور (بقیہ نمبر 24)

سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کیلئے آسانیاں پیدا کرنا اولین ترجیح، صوبائی وزیر صحت

ٹرشری کیئر ہسپتالوں کو 9485 ایئر کنڈیشنرز تقسیم کر دیئے گئے ہیں' گفتگو

سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کیلئے آسانیاں پیدا کرنا اولین ترجیح ہے: خواجہ سلمان رفیق

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا ہے کہ محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن کی جانب سے ٹرشری کیئر ہسپتالوں کو 9485 ایئر کنڈیشنرز تقسیم کر دیئے گئے ہیں۔ یہ ایئر کنڈیشنرز ٹرشری کیئر ہسپتالوں میں آنے والے مریضوں کی آسانی اور (بقیہ نمبر 24)

خواجہ آصف کا وفاقی اور پنجاب حکومت میں پیپلز پارٹی کی شمولیت کا اشارہ

پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن قومی ایجنڈا پر مل کر کام کر سکتی ہیں، پیپلز پارٹی کی حکومت میں شمولیت اچھی بات ہوگی، انٹرویو

اس وقت کیا ہو رہا ہے، یہ تو نہیں بتا سکتے لیکن امکان ہے پیپلز پارٹی حکومت میں شامل ہو جائے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے وفاقی اور پنجاب حکومت میں پیپلز پارٹی کی شمولیت کا اشارہ دے دیا۔ خواجہ آ (بقیہ نمبر 23)

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض
سٹی نیوز

شادی ہال کے ویٹرز کی نقب زنی کی بڑی واردات، ملزمان گرفتار

لاہور (خالد صمدانی سے) چوکی ہلوکی پولیس نے کاروائی کے دوران شادی ہال کے ویٹرز کی ہال میں نقب زنی کی بڑی واردات ٹریس کر کے ملزمان گرفتار کر لیے ترجمان کے مطابق چوکی ہلوکی پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے کارروائی کرتے ہوئے 3 رکنی ڈکیت ونقب زن گروپ ٹریس کر کے گرفتار کرلیا ملزمان نے چند روز قبل ڈیفنس روڈ پر واقع شادی ہال میں گن پوائنٹ پر واردات کے دوران 5 اے سی چلر اور 2 ڈیفریزر لے گئے تھے ایس پی ماڈل ٹاؤن نے بتایا کہ ملزمان ہال میں ویٹرز کا کام کرتے تھے ان کے اور شادی ہال کے مالک کے مابین لین دین کا معاملہ چل رہا تھا اس معاملے کے باعث باہم مل کر واردات کی تھی، گرفتار ملزمان چاند، بابر، اور شان سے لاکھوں مالیت کے 5 اے سی چلر اور 2 ڈیفریزر برآمد کر کے مقدمہ درج کرلیا

لاہوریے ڈاکوؤں اور چوروں کا آسان ہدف بن گئے پولیس کی ناکہ بندی بھی کام

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہوریے ڈاکوؤں اور چوروں کا آسان ہدف بن گئے پولیس کی ناکہ بندی بھی کام۔ نہ آسکی، گزشتہ چوبیس گھنٹے کے دوران مختلف جرائم کی 307 وارداتیں رپورٹ، پولیس ریکارڈ کے مطابق۔ نقب زنی کی وارداتوں میں شہر کے مختلف علاقوں میں چور 16 گھروں سے لاکھوں مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر مختلف علاقوں سے 6 شہریوں سے لاکھوں روپے 2 شہریوں سے موٹر سائیکلیں، اور موبائل فونز چھین لیے، جھپٹا مار کاروائیوں میں ڈاکو مختلف علاقوں سے 6 شہریوں سے ہزاروں روپے اور قیمتی موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے، جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر بھر سے 36 موٹر سائیکلیں، ایک دیگر وہیکل، تین مویشی چوری ہو گئے اور مختلف تھانوں میں متفرق چوری کی 237 وارداتیں رپورٹ ہوئیں

گھریلو ناچاقی پر 30 سالہ شخص نے گلے میں پھندا ڈال کر خودکشی کر لی

پولیس نے لاش پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کر کے قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا

لاہور (خالد صمدانی سے) کاہنہ کے علاقے میں گھریلو ناچاقی پر 30 سالہ شخص نے گلے میں پھندا ڈال کر خودکشی کر لی، پولیس نے لاش پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کر کے قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا ایدھی ترجمان کے مطابق کاہنہ کے علاقے پرانا کاہنہ کے رہائشی 30 سالہ شفیق نے گلے میں پھندا ڈال کر خودکشی کر لی، اطلاع ملنے پر پولیس نے لاش مردہ خانے منتقل کر کے قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا پولیس کی ابتدائی تحقیقات کے مطابق واقعہ گھریلو تنازعہ کا نتیجہ ہے،

ڈی آئی جی آپریشنز محمد فیصل کامران کا داتا دربار کا دورہ سیکیورٹی پلان پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت

لاہور (رمیض علی سے) ڈی آئی جی آپریشنز لاہور محمد فیصل کامران نے داتا دربار کا دورہ کیا اور وہاں موجود سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران انہوں نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو ہدایت کی کہ زائرین کی جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ ڈی آئی جی آپریشنز کا کہنا تھا کہ، مقدس مقامات کی سیکیورٹی ہماری اولین ترجیح ہے، اور اس حوالے سے کسی بھی قسم کی کوتاہی یا غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے موقع پر موجود افسران کو سیکیورٹی پلان پر مکمل اور سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کی، اور کہا کہ زائرین کو محفوظ اور پُرامن ماحول فراہم کرنا پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ لاہور پولیس مقدس مقامات کی حرمت اور سیکیورٹی کے حوالے سے ہائی الرٹ ہے اور تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

باسط منہاس کو نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر کے گھر کی دہلیز پر قتل کر دیا

ملزمان میں سے ایک کی پہچان عرفان کے نام سے ہوئی جو کہ محکمہ پولیس میں ہی ملازمت کرتا ہے

گوجرانوالہ (غلام شبیر ریزیڈنٹ ایڈیٹر) نواحی گاؤں کدھر شرف کے رہائشی باسط منہاس کو نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر کے گھر کی دہلیز پر قتل کر دیا، تفصیلات کے مطابق کدھر شریف کا رہائشی باسط منہاس گھر کی دہلیز پر ہی کھڑا تھا کہ نامعلوم ملزمان نے باسط منہاس پر اندھا دھند فائرنگ کر دی جس سے باسط منہاس موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا، بعد ازاں سی سی ٹی وی فوٹیج میں ملزمان نظر آئے تو مقتول کے وارثان نے تھیمہ چالان میں ملزمان کو نامزد کر دیا، ملزمان میں سے ایک کی پہچان عرفان کے نام سے ہوئی جو کہ محکمہ پولیس میں ہی ملازمت کرتا ہے جس نے سیشن کورٹ سے ضمانت خارج ہونے پر ہائیکورٹ سے ضمانت کروا رکھی ہے، اس سلسلہ میں مدعی پارٹی کا کہنا ہے کہ ان کے جوبھی ظلم وزیادتی ہوئی ہے وہ محکمہ پولیس کے ملازم عرفان نامی ملزم نے کروایا ہے کیونکہ اس کا شوٹرز کے ساتھ رابطہ تھا اس سلسلہ میں ملزم عرفان اور شوٹرز کی 55 کالیں آپس میں میچ کر گئی ہیں، مدعی پارٹی کا مزید کہنا ہے کہ ہمارے ساتھ بہت زیادتی ہوئی ہے اور تقریباً ڈیڑھ سال ہو گیا ہے اور ابھی تک ملزمان آزاد گھوم رہے ہیں، اس سلسلہ میں مدعیوں کا مزید کہنا ہے کہ ملزم عرفان اسلحہ لیکر ہمارے گھروں کے آس پاس گھومتا ہے اور الٹا ہمیں ہی سنگین نتائج کی دھمکیاں دیتا ہے۔ مدعیوں کا کہنا ہے کہ ہماری اور ہمارے اہلخانہ کی جانوں کو بھی خطرہ ہے جب تک ہمارے ملزمان گرفتار نہیں ہوتے اس وقت تک ہم محفوظ ہیں، مدعی مقدمہ محمد انار نے بتایا کہ مقتول کے 3 چھوٹے چھوٹے بچے ہیں جو کہ بے سہارا ہو گئے ہیں، ہماری آر پی او گوجرانوالہ سمیت دیگر متعلقہ حکام سے پرزور اپیل ہے کہ ہمارے بچے کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کر کے ہمیں انصاف مہیا جائے۔



کمشنر لاہور ڈویژن زید بن مقصود محرم الحرام انتظامات جائزہ کے حوالہ سے امام بارگاہ کاشانہ عباس علمدار ٹاؤن شپ، بی بی پاک دامن دربار اور عنایت علی شاہ گڑھی شاہو کا دورہ اور منتظمین سے ملاقات کر رہے ہیں

کمشنر لاہور/بی بی پاک دامن دربار۔ امام بارگاہ عنایت علی شاہ گڑھی شاہو اور امام بارگاہ کاشانہ عباس علمدار ٹاؤن شپ کے دورے

کمشنر لاہور زید بن مقصود نے امام بارگاہ کاشانہ عباس ٹاؤن شپ۔ بی بی پاک دامن کے منتظمین و لائسنس ہولڈرز سے ملاقات کی

مانیٹرنگ، ریسکیو، میڈیکل کور، سکیورٹی، لائٹنگ، نکاسی آب انتظامات مکمل ہیں۔ اے سی شالامار و ایس پی پولیس کی بریفنگ

حکومتی ہدایات اور ایس او پی ز کیمطابق تمام انتظامات کو یقینی بنایا گیا ہے۔ روزانہ کی بنیاد پر جائزہ لیا جارہا ہے۔ کمشنر لاہور

انتظامیہ کا منتظمین و لائسنس ہولڈرز سے مکمل رابطہ ہے۔ محرم جلوس میں اوقات کی پابندی پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔ کمشنر لاہور

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایت پر مرکزی امام بارگاہوں کے دورے اور منتظمین سے ملاقات کا سلسلہ جاری ہے۔ کمشنر لاہور زید بن مقصود نے محرم الحرام انتظامات جائزہ کے حوالے سے بی بی پاک دامن دربار، امام بارگاہ عنایت علی شاہ گڑھی شاہو اور امام بارگاہ کاشانہ عباس علمدار ٹاؤن شپ کا دورہ کیا۔ کمشنر لاہور زید بن مقصود نے محرم الحرام انتظامات جائزہ کے حوالے سے بی بی پاک دامن دربار، امام بارگاہ عنایت علی شاہ گڑھی شاہو اور امام بارگاہ کاشانہ عباس علمدار ٹاؤن شپ کا دورہ کیا۔ کمشنر لاہور زید بن مقصود نے تمام متعلقہ انتظامی افسران کے ہمراہ امام بارگاہوں میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر اے سی شالامار و ایس پی پولیس نے انتظامات بارے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ امام بارگاہوں اور جلوس روٹس کی مانیٹرنگ، ریسکیو، میڈیکل کور، سکیورٹی، لائٹنگ اور نکاسی آب انتظامات مکمل ہیں، امام بارگاہوں کے منتظمین سے مکمل رابطہ میں ہیں۔ کمشنر لاہور نے امام بارگاہ کاشانہ عباس ٹاؤن شپ اور بی بی پاک دامن کے منتظمین و لائسنس ہولڈرز سے ملاقات کی۔ منتظمین و لائسنس ہولڈرز نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کیے گئے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ کمشنر لاہور نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایت پر مرکزی امام بارگاہوں کے روزانہ کی بنیاد پر دورے ہو رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی محرم انتظامات کو ہر پہلو سے یقینی بنانے کی ہدایات کے مطابق اقدامات اٹھائے گئے ہیں۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ مرکزی امام بارگاہوں و جلوسوں کے روٹس کی تمام ضروریات کو یقینی بنایا جارہا ہے اور انتظامی مانیٹرنگ بھی جاری ہے۔ انتظامیہ کا منتظمین و لائسنس ہولڈرز سے مکمل رابطہ ہے محرم جلوس میں اوقات کی پابندی پر عملدرآمد یقینی بنائیں، کمشنر لاہور نے مزید کہا کہ حکومتی ہدایات اور ایس او پی ز کیمطابق تمام انتظامات کو یقینی بنایا گیا ہے اور روزانہ کی بنیاد پر جائزہ لیا جارہا ہے۔

جمعیت اہلحدیث پاکستان حالیہ پٹرولیم، گیس قیمتوں میں ہوشربا اضافے کو مسترد کرتی ہے۔ علامہ ہشام الٰہی ظہیر

لاہور (خبر نگار) صدر جمعیت اہلحدیث پاکستان ڈاکٹر علامہ ہشام الٰہی ظہیر نے کہا حکومت عوام کو ریلیف کی بجائے تکلیف دینے میں مصروف ہے۔ جمعیت اہلحدیث پاکستان حالیہ پٹرولیم، گیس قیمتوں میں ہوشربا اضافے کو مسترد کرتی ہے۔ وزیر اعظم پاکستان پندرہ دن پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کے سلسلے اور لیوی کو فی الفور ختم کریں۔ حکومت پاکستان پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ واپس لے۔ انہوں نے کہا ملک مزید مہنگائی کا مکمل نہیں ہو سکتا۔ پہلے ہی مظلوم عوام بجلی کے بھاری بھرکم بلوں کے بوجھ تلے دبی ہوئی ہے۔ غریب اور متوسط آدمی بھاری بھرکم بجلی بھرے یا اپنے بچوں کا پیٹ پالے۔ حکومت پارلیمنٹیرین سمیت اشرافیہ کو نواز رہی ہے جبکہ غریب کا کچومر نکالنے پر تلی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا سارا بوجھ غریب اور متوسط طبقے پر ڈالنا سراسر زیادتی ہے۔ جمعیت اہلحدیث پاکستان حکومت وقت کی عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف آواز بلند کرتی رہے گی۔ صدر جمعیت اہلحدیث پاکستان نے بین الاقوامی حالات پر بھی اظہار خیال کرتے ہوئے کہا مسجد اقصیٰ پر مسلسل مصروف ہے۔ جمعیت اہلحدیث پاکستان حالیہ پٹرولیم، گیس قیمتوں میں ہوشربا اضافے کو مسترد کرتی ہے۔ وزیر اعظم پاکستان پندرہ دن پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کے سلسلے اور لیوی کو فی الفور ختم کریں۔ حکومت پاکستان پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ واپس لے۔ انہوں نے کہا ملک مزید مہنگائی کا مکمل نہیں ہو سکتا۔ پہلے ہی مظلوم عوام بجلی کے بھاری بھرکم بلوں کے بوجھ تلے دبی ہوئی ہے۔ غریب اور متوسط آدمی بھاری بھرکم بجلی بھرے یا اپنے بچوں کا پیٹ پالے۔ حکومت پارلیمنٹیرین سمیت اشرافیہ کو نواز رہی ہے جبکہ غریب کا کچومر نکالنے پر تلی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا سارا بوجھ غریب اور متوسط طبقے پر ڈالنا سراسر زیادتی ہے۔ جمعیت اہلحدیث پاکستان حکومت وقت کی عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف آواز بلند کرتی رہے گی۔ صدر جمعیت اہلحدیث پاکستان نے بین الاقوامی حالات پر بھی اظہار خیال کرتے ہوئے کہا مسجد اقصیٰ پر مسلسل

پنجاب اسمبلی میں مخصوص نشستوں پر ارکان کی بحالی کے بعد مسلم لیگ (ن) ایوان کی سب سے بڑی جماعت بن گئی

بحالی کے فیصلے کے نتیجے میں مسلم لیگ (ن) کے ارکان کی مجموعی تعداد 206 سے بڑھ کر 229 ہو گئی ہے

لاہور (خبر نگار) الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے مخصوص نشستوں پر ارکان کی بحالی کے بعد پنجاب اسمبلی میں جماعتی پوزیشن میں بڑی تبدیلی سامنے آئی ہے، جس کے تحت مسلم لیگ (ن) ایوان کی سب سے بڑی جماعت کے طور پر ابھری ہے۔ بحالی کے فیصلے کے نتیجے میں مسلم لیگ (ن) کے ارکان کی مجموعی تعداد 206 سے بڑھ کر 229 ہو گئی ہے۔ خواتین کی مخصوص نشستوں پر مسلم لیگ (ن) کی نمائندگی 36 سے بڑھ کر 57 ہو گئی ہے جبکہ اقلیتی نشستوں پر ارکان کی تعداد 5 سے بڑھ کر 7 ہو گئی ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کو بھی ایک اقلیتی اور ایک خواتین کی نشست ملنے سے اس کے ارکان کی تعداد 14 سے بڑھ کر 16 ہو گئی ہے۔ مسلم لیگ (ق) کی خواتین نشستوں کی تعداد 2 سے بڑھ کر 3 ہو گئی، جس کے بعد ان کے کل ارکان 11 ہو گئے ہیں۔ استحکام پاکستان پارٹی کی نمائندگی بھی ایک خواتین نشست کے اضافے سے بڑھی ہے، جس سے ان کے ارکان کی تعداد 6 سے بڑھ کر 7 ہو گئی ہے۔ پنجاب اسمبلی میں سنی اتحاد کونسل کے ارکان کی تعداد بدستور 76 ہے جبکہ پاکستان تحریک انصاف کے 27 ارکان اسمبلی میں موجود ہیں۔ تحریک لبیک پاکستان اور مجلس وحدت المسلمین کے پاس ایک ایک نشست بدستور موجود ہے۔ مجموعی طور پر 371 رکنی پنجاب اسمبلی میں اس وقت 369 ارکان موجود ہیں۔ ایک آزاد رکن نے تاحال حلف نہیں اٹھایا جبکہ ایک نشست پر ضمنی انتخاب باقی ہے۔ الیکشن کمیشن کے حالیہ فیصلے نے پنجاب اسمبلی کے سیاسی منظرنامے کو نئی ترتیب دی ہے، جس کے بعد ایوان میں عددی اکثریت مسلم لیگ (ن) کے پاس ہے۔

سیکرٹری اوقاف نے مسجد و دربار حضرت شاہ چراغ کے تعمیراتی منصوبے کا بعد از تکمیل افتتاح کر دیا

وزیر اعلیٰ کے ویژن کی روشنی میں ''ماڈل شرائنز'' کی تشکیل کا خواب شرمندہ تعبیر کر دیا۔ سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری

لاہور (صابر غوری) سیکرٹری / چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے مسجد و دربار حضرت شاہ چراغ کے تعمیراتی منصوبے کا بعد از تکمیل افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ کے ویژن کی روشنی میں ''ماڈل شرائنز'' کی تشکیل کا خواب شرمندہ تعبیر کر دیا ہے۔ مسجد و دربار حضرت شاہ چراغ کے تاریخی شکوہ کو اصل طرز تعمیر کے مطابق بحالی کو یقینی بنا دیا۔ مزارات و مساجد کے تزئین و آرائش کے ساتھ ریونیو کے حصول کی طرف بھی گامزن ہے۔ اس موقع پر سیکرٹری اوقاف نے تزئین پراجیکٹ مسجد و دربار کی بروقت تکمیل پر شعبہ انجینئرنگ و اوقاف کو مبارکباد دی۔ مزید یہ کہ مسجد و دربار حضرت شاہ چراغ کا تزئین منصوبہ 57.11 ملین روپے کے لاگت سے مکمل ہوا ہے، جس میں مسجد کی اصل تاریخی حالت میں بحالی، کنکر لائم پلستر، پکا قلی، فریکسو ورک، دیار کی لکڑی کے دروازوں کی تنصیب، واٹر پروف مٹینگل ترپال، وضوگاہ کے فائبر گلاس شیڈ و طہارت خانہ کی چھت کی تبدیلی، لوح مزار، تربت کی تزئین، دربار شریف کی ماربل فلورنگ اور مسجد و مزار شریف سے ملحقہ حجرہ کی تعمیر سمیت تمام خستہ حالی، پرانی تعمیرات کے امور مقررہ ٹائم لائن میں مکمل کیے گئے ہیں۔ افتتاحی تقریب میں ایڈیشنل سیکرٹری اوقاف نبیلہ جاوید، ڈائریکٹر پراجیکٹس اوقاف رفیق نور وٹو، ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اوقاف محمد شاکر، ڈپٹی ڈائریکٹرز اوقاف آصف اعجاز، ایاز حبیب، زونل ایڈمنسٹریٹرز اوقاف ایاز محمود لاشاری، اشفاق ڈیال، صوبائی خطباء اوقاف مولانا مختار احمد ندیم، مولانا محمد احمد، منیجر اوقاف محمد رضوان، ہیڈ ڈرائیسمین صدر دفتر محمد شفقین، ایس ڈی او محمد نواز اور ضلعی خطیب اوقاف مولانا شفیق الرحمن سمیت نمازیان و عقیدتمندوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ افتتاحی تقریب کے آخر میں پاکستان کی سلامتی، استحکام، ترقی و خوشحالی، قومی یکجہتی، ملک و قوم کی فلاح کے لیے دعائے خیر کی گئی۔



عوامی مسائل کے حل کے لیے ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں دوسرے روز بھی ریونیو کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے عوام کے مسائل سنے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو تنویر یاسین اور دیگر ریونیو افسران کھلی کچہری میں موجود تھے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر عوامی مسائل کے حل کے لیے ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں دوسرے روز بھی ریونیو کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے عوام کے مسائل سنے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو تنویر یاسین اور دیگر ریونیو افسران کھلی کچہری میں موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات پر عوام کو درپیش ریونیو مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے تا کہ تمام ریونیو افسران کی موجودگی میں عوام کو ایک ہی چھت تلے انکے مسائل کو حل کر کے حقیقی معنوں میں ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام ریونیو افسران کو بھی ہدایت کی کہ کھلی کچہری میں آنے والے لوگوں کے مسائل کو بروقت حل کر کے انہیں میرٹ پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ کھلی کچہری میں آنے والے لوگوں نے ڈپٹی کمشنر کو اپنے ریونیو مسائل کے حل کے سلسلہ میں درخواستیں پیش کی جن کے فوری حل کے لیے ڈپٹی کمشنر احکامات جاری کیے۔



ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کی زیر صدارت بین المذاہب ہم آہنگی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا

ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی جانب سے محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام، جلوسوں اور مجالس کی سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کی زیر صدارت بین المذاہب ہم آہنگی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ ڈی پی او عاطف نذیر، مقامی علمائے کرام، بین المذاہب ہم آہنگی کمیٹی، امن کمیٹی کے اراکین اور یحیٰ برادری کے سرکردہ افراد شریک ہیں۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران تمام مسالک کے افراد مذہبی رواداری اور ہم آہنگی کو فروغ دیتے ہوئے صلح بھرپور امن و امان کے قیام اور یحیٰ کا مظاہرہ کریں۔ ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی جانب سے محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام، جلوسوں اور مجالس کی سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔ بین المذاہب ہم آہنگی کمیٹی اور امن کمیٹی کے اراکین کا بھی فرض ہے کہ وہ محرم کے جلوسوں کے موقع پر اپنی ذمہ داریاں ادا کرتے ہوئے رواداری، بھائی چارہ، اخوت اور یحیٰ کو فروغ دیں۔ انکا کہنا تھا کہ اسلام ہمیں ایک دوسرے کے حقوق کے تحفظ کا درس دیتا ہے، ہمیں فرقہ واریت کے خاتمہ کو یقینی بنا کر وطن عزیز کو امن کا گہوارہ بنانا ہے۔ انکا کہنا تھا کہ ملکی اور بین الاقوامی موجودہ صورتحال کے پیش نظر تمام مسالک کے افراد کو یحیٰ اور حب الوطنی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک دوسرے کے مسالک کا احترام کرنا چاہیے۔ ضلعی انتظامیہ کے تمام محکمے اور پولیس تمام مسالک کی سکیورٹی کے لیے ہمہ وقت الرٹ ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حافظ آباد میں محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام کے لیے ماضی کی روایات مثالی ہیں اور امید ہے کہ اس محرم الحرام کے دوران بھی مقامی علمائے کرام، تمام مسالک کے سرکردہ افراد حکومتی اداروں سے تعاون کرتے ہوئے جلوسوں کی سکیورٹی کے لیے اپنا بھرپور تعاون جاری رکھیں گے۔ اس موقع پر بین المذاہب ہم آہنگی کمیٹی اور یحیٰ برادری کے سرکردہ افراد نے امن و امان کے قیام کے لیے ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او کو اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی کا محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے روٹ کا دورہ

اس موقع پر مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب مس سلمہ بٹ، ایم این اے ریاض الحق جج، ممبران صوبائی اسمبلی، کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل اور آر پی او محبوب رشید بھی موجود تھے

اوکاڑہ (طارق خاں بلوچ سے) صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی کا محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے روٹ کا دورہ، اس موقع پر مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب مس سلمہ بٹ، ایم این اے ریاض الحق جج، ممبران صوبائی اسمبلی، کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل اور آر پی او محبوب رشید، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید، ڈی پی او اور شہد ہدایت سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے، صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے مالی جلوس کے روٹ کے مختلف پوائنٹس پر انتظامات اور سکیورٹی امور کا جائزہ لیا، محرم الحرام کے جلوس کی مکمل کلیرنس اور سویپنگ کے سلسلہ میں اقدامات کا سلسلہ جاری رکھنے کی ہدایات جاری کیں، صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف محرم الحرام پر لائیو آر ڈر سمیت تمام انتظامات کی مانیٹرنگ کر رہی ہیں، اس سلسلہ میں ڈویژنل لیول پر میٹنگز کا سلسلہ مسلسل سے جاری ہے، تمام اقدامات کا مقصد عزاداروں کو سہولیات کی فراہمی اور امن و امان کا قیام ہے، انہوں نے کہا کہ مجھے اور مشیر وزیر اعلیٰ سلمہ بٹ کو حکومتی ذمہ داری کے لیے فرائض کی انجام دہی تفویض کی گئی ہے، محرم الحرام پر طبی سہولیات، صفائی ستھرائی، سبیلوں کی فراہمی، سیف سٹی اور سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب اور ارارنجمنٹ فلڈنگ کے لیے بہترین انتظامات کیے جائیں، ہر ضلع میں فیلڈ ہسپتال اور کلینک آن وہیلز موجود ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر محرم الحرام کے موقع پر جلوسوں میں متحرک نظر آئیں گی۔



ریلوے پریم یونین کے صدر شیخ محمد انور کی قیادت میں وفد کی وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی سے ملاقات

ملاقات میں مزدوروں کے مسائل اور ادارے کی ترقی کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال وزیر ریلوے نے تنخواہوں اور پنشن کی بروقت ادائیگی اور دیگر مطالبات کی منظوری کی یقین دہانی کرائی

لاہور (صابر غوری) ریلوے ملازمین کی نمائندہ تنظیم پریم یونین کے صدر شیخ محمد انور کی قیادت میں پریم یونین کے وفد نے وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی سے ریلوے ہیڈ کوارٹرز میں ملاقات کی۔ اس موقع پر پاکستان ریلوے کے چیف ایگزیکٹو آفیسر/سینئر جنرل منیجر عامر علی بلوچ بھی موجود تھے جبکہ وفد میں سینئر نائب صدر عبدالقیوم اعوان چیف آرگنائزر خالد محمود چوہدری، ڈپٹی سیکرٹری جنرل عدنان شکور شریک تھے۔ ملاقات میں مزدوروں کے مسائل اور ادارے کی ترقی کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شیخ محمد انور نے وفاقی وزیر ریلوے کو وزارت سنبھالنے کے بعد 100 دن کی کارکردگی اور ریلوے میں متعارف کرائی گئی مثبت اصلاحات پر خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے کا وقار بحال کرنے اور ملازمین کے اعتماد کو بحال کرنے کی سمت میں وزیر ریلوے کے اقدامات قابل تحسین ہیں۔ شیخ محمد انور نے دوران ملاقات ریلوے ملازمین کو درپیش سنگین مسائل، خصوصاً تنخواہوں میں تاخیر 2019 سے بند TA اور ریٹائرڈ ملازمین کے واجبات کی فوری ادائیگی کے مطالبات پیش کیے۔ وزیر ریلوے نے ان تمام امور پر مکمل تعاون کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھے ملازمین کے ان مسائل کا احساس ہے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ انشاءاللہ تنخواہوں اور پنشن کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ آئندہ ملازمین کو مقررہ تاریخوں میں تنخواہیں ملیں گی۔ ڈی اے کی ادائیگی کیلئے بھی موثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ کوشش کر رہے ہیں کہ وزیر اعظم سے اسپیشل فنڈز منظور کروائے جائیں۔ شیخ محمد انور نے کوئٹہ اور بلوچستان کے عوام کی احساس محرومی دور کرنے اور سفری سہولیات کے لیے بلوچستان سے بند کی گئی ٹرینوں خصوصاً اکبر بگٹی ایکسپریس کی بحالی کا مطالبہ بھی کیا۔ وزیر ریلوے نے وفد کو بتایا کہ 15 مارچ کو پریم یونین کی جانب سے پیش کیے گئے مطالبات میں شامل ایم ایل 2 کی واحد ٹرین خوشحال خان خٹک، لاہور تا وزیر آباد براستہ نارووال سیالکوٹ ٹرین کی بحالی، موہنجو داڑو، پاک ملتان سے ڈی جی خان تک توسیع کی گئی ٹرینوں کا فیصلہ خوش آئند ہے۔ میری کوشش ہوگی جلد ہی اکبر بگٹی ایکسپریس کو بھی بحال کر دیا جائے۔ شیخ محمد انور نے ملک کی تاریخ میں پہلی مرتبہ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے درمیان ریلوے کے شعبے میں مربوط تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ خوش آئند امر ہے کہ دونوں سطحوں کی حکومتیں مل کر ریلوے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے اہم پراجیکٹس پر کام کر رہی ہیں۔ یہ اقدامات ریلوے کی ترقی اور عوام کو معیاری سفری سہولیات فراہم کرنے میں اہم سنگ میل ثابت ہوں گی وفاقی وزیر ریلوے نے پریم یونین کے ساتھ ریلوے اور ملازمین کے مسائل بالخصوص تعاون کی یقین دہانی کرائی جس پر مرکزی صدر شیخ محمد انور نے محمد حنیف عباسی کو یقین دلایا کہ ادارے کے وسیع تر مفاد اور محکمہ ریلوے کی بہتری کیلئے اٹھائے گئے تمام اقدامات پر پریم یونین وزیر ریلوے کے اقدامات کو سراہتے ہوئے اپنا کردار ادا کریں گی۔ پریم یونین کے چیئرمین ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے وزیر ریلوے کے شبت رویے اور اعلانات کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پریم یونین/ ریلوے کا ہر مزدور اور افسر تمام علاقائی، لسانی، سیاسی تعصبات اور امتیازات سے بالاتر ہو کر صرف اور صرف پاکستان ریلوے کی بہتری اور اس کے ٹرین آپریشن کو بہتر سے بہتر اور معمول پر رکھنے کیلئے اپنے فرائض اور ذمہ داریوں کو مقدم رکھتا ہے اور یہی ان کی اولین ترجیح ہے۔



کارپوریٹ ڈیری اینڈ میٹ فارمنگ کے موضوع پر اسٹیک ہولڈرز کی مشاورتی اجلاس کا اہتمام کیا

اجلاس میں لائیوسٹاک پروڈکشنز کے فارمز، مویشیوں کو فربہ کرنے والے فارم، بھیڑ اور بکری کے فارم قائم کرنے کے بارے میں معلومات حاصل کی گئیں

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز (UVAS) لاہور نے ملک میں لائیوسٹاک اور ڈیری کے شعبوں کی بہتری کے لیے ''کارپوریٹ ڈیری اینڈ میٹ فارمنگ'' کے موضوع پر اسٹیک ہولڈرز کی مشاورتی اجلاس کا اہتمام کیا۔ چیئرپرسن پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن پروفیسر ڈاکٹر اقرار احمد خان نے UVAS کے وائس چانسلر میر ٹوریس پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس (DLA.I,T.I) لاہور اور پروگریسو فارمر مسٹر نواز ٹوانہ کے ہمراہ اجلاس کی مشترکہ صدارت کی اور UVAS ڈیری ٹیکنالوجی کے ماہرین سے تجاویز اور تکنیکی آرا سنی۔ اجلاس میں لائیو سٹاک پروڈکشنز کے فارمز، مویشیوں کو فربہ کرنے والے فارم، بھیڑ اور بکری کے فارمز قائم کرنے کے بارے میں معلومات حاصل کی گئیں۔ اجلاس میں پرنسپل آفیسر راوی کیمپس پروفیسر ڈاکٹر ارشد جاوید، یو اس بزنس سکول کے پروفیسر ڈاکٹر رانا ایوب اور لائیو سٹاک، ڈیری، نیوٹریشن، میٹ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے شعبوں کے فیکلٹی ممبران کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ڈاکٹر جنید نے ڈیری فارمنگ اور دودھ کی

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 3 جولائی 2025ء

ڈپٹی کمشنر چکوال ساہ رحیات کا اسسٹنٹ کمشنر کے دفتر میں قائم سیکیورٹی کنٹرول روم کا دورہ

نصب کیمروں کے ذریعے شہر میں چھٹی محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے روٹ کا معائنہ کیا، مرکزی جلوس کے روٹ پر لگائے جانے والی سبیلوں کا بھی معائنہ کیا





چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر ساہ رحیات نے اسسٹنٹ کمشنر چکوال کے دفتر میں قائم سیکیورٹی کنٹرول روم کا دورہ کر کے وہاں پر نصب کیمروں کے ذریعے شہر میں چھٹی محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے روٹ کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر اے ڈی سی جی بلال بن عبد الحفیظ اور اسسٹنٹ کمشنر چکوال ڈیٹان شریف قیصرانی بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر ساہ رحیات نے سیکیورٹی کے تمام انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اور کنٹرول روم میں ڈیوٹی پر تعینات سٹاف کے بارے میں تفصیلات دریافت کرتے ہوئے اس امر کی تاکید کی کہ ڈیوٹی کے اوقات میں کامل مستعدی سے کام کیا جائے۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر مرکزی جلوس کے روٹ پر لگائے جانے والی سبیلوں کا بھی معائنہ کیا۔

ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل نے ڈومیسائل کلرک اسسٹنٹ کمشنر آفس چنیوٹ نثار حیدر کو بدعنوانی، نااہلی اور عوام کے جائز کاموں میں رکاوٹ ڈالنے پر ملازمت سے معطل کر دیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل نے ڈومیسائل کلرک اسسٹنٹ کمشنر آفس چنیوٹ نثار حیدر کو بدعنوانی، نااہلی اور عوام کے جائز کاموں میں رکاوٹ ڈالنے پر ملازمت سے معطل کر دیا۔ کلرک کے خلاف مزید محکمانہ کارروائی بھی جاری ہے جبکہ جونیئر کلرک سید حنات احمد کو ڈومیسائل کلرک تعینات کر دیا گیا ہے۔

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی کی زیر صدارت پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیشن اتھارٹی (PERA) کا پہلا اجلاس ڈی سی آفس کانفرنس روم میں منعقد ہوا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی کی زیر صدارت پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیشن اتھارٹی (PERA) کا پہلا اجلاس ڈی سی آفس کانفرنس روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سید ایوب بخاری، سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر افضل سکھیرا اور ایس ڈی پی او ملک خلیل بھی شریک ہوئے۔ ڈپٹی کمشنر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلع سیالکوٹ میں پیرا کو موثر، متحرک اور نتیجہ خیز بنانے کے لیے تمام ادارے مربوط انداز میں کام کریں گے۔ اجلاس میں پیرا کو عملی طور پر فعال کرنے کے لیے مختلف انتظامی امور کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ PERA کی ٹیم کو فوری طور پر 27 کانسٹیبلز کی ضرورت ہے، جو ڈسٹرکٹ پولیس سے ڈیپوٹیشن پر لیے جائیں گے۔ یہ کانسٹیبلز مختلف انفورسمنٹ سرگرمیوں میں حصہ لیں گے جن میں تجاوزات کے خلاف کارروائی، ذخیرہ اندوزی، ناجائز تعمیرات اور دیگر خلاف ورزیوں کا سدباب شامل ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ پیرا کے تحت قائم ہونے والے انفورسمنٹ اسٹیشن کو فوری طور پر فعال کیا جائے اور شکایات کے ازالے کے لیے جامع میکانزم وضع کیا جائے۔

عملداروں کی سہولت کاری ہماری ترجیح ہے: ڈپٹی کمشنر چنیوٹ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر امن محرم الحرام اخوت، رواداری اور احترام کے ساتھ، ضلع چنیوٹ میں وزیر اعلیٰ پنجاب محرم الحرام کمپیس مکمل فعال اور جلوسوں کے راستوں پر قائم سبیلوں میں عملداروں کے لئے میٹھے ٹھنڈے پانی کا خصوصی انتظام کیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے کہا ہے کہ عشرہ محرم کے باقی ایام میں بھی عملداروں کی سہولت ہماری ترجیح ہے۔

تیغ منور فارم ہاؤس پر مہر محمود سنز کی جانب سے بزنس کمیونٹی کو پارٹی دی گئی

مختلف شہروں سے آئے احباب کے اعزاز میں ظہرانہ دیا گیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) گوجرانولہ کے معروف تاجر رہنماؤں چیف منور و مہر محمود نے مختلف شہروں کے تاجر نمائندوں و احباب کو اپنے جی ٹی روڈ فارم ہاؤس پر پرتکلف پارٹی دی۔ اس موقع پر مہر اسد محمود و مہر آصف محمود نے شیخ منور و مہر محمود کے ہمراہ مختلف شہروں سے تشریف لائے احباب کو فارم ہاؤس آمد پر خوش آمدید کہا۔ صدر انجمن تاجران گلف مارکیٹ سیالکوٹ محمد عمر بٹ، ممبر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس خواجہ عامر جاوید، ممبر صرافہ ایسوسی ایشن محمد علی سمیت لاہور، فیصل آباد و گوجرانولہ سے شرکت کی۔ اس موقع پر شرکاء نے سویمنگ کی جس کے بعد انکی تواضع مینگو سے کی گئی۔ بعد ازاں تاجر برادری کے اعزاز میں فارم ہاؤس پر پرتکلف ضیافت کا اہتمام کیا گیا۔ عزت افزائی پر شرکاء نے منتظمین کا شکریہ ادا کیا۔

علمائے کرام تقاریر میں امن و امان، فرقہ وارانہ ہم آہنگی پر زور دیں: ڈاکٹر سید افتخار حسین نقوی

بنیان مرصوص آپریشن جیسا قومی اتحاد سے ہی اسلام و پاکستان کے دشمنوں کے مذموم ارادوں کو خاک میں ملا سکتے ہیں



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) علمائے کرام تقاریر میں امن و ایمان، فرقہ وارانہ ہم آہنگی پر زور دیں ملک بدامنی کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ تمام اہل وطن کو متحد ہو کر آگے بڑھنا ہوگا پاکستان کے تحفظ کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے ملی یک جہتی امہ کی ضرورت اور طرہ امتیاز بھی ہے بنیان مرصوص آپریشن جیسا قومی اتحاد سے ہی اسلام و پاکستان کے دشمنوں کے مذموم ارادوں کو خاک میں ملا سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار دھوبی گھاٹ میں 25 ویں سالانہ قومی امن و پیغام اتحاد بین المسلمین پریس کانفرنس سے میزبان ڈاکٹر سید افتخار حسین نقوی، علامہ محمد ریاض کھرل ؒ محبوب المشائخ صاحبزادہ سید محمد ایوب شاہ، پیر محمد مقصود مدنی ؒ مفتی مظفر اقبال ؒ علامہ غلام اللہ خاں ؒ علامہ عزیز الحسن اعوان ؒ مفتی محمد انس مدنی، پیر محمد صدیق الرحمن و دیگر جملہ مکاتب فکر اکابرین مختلف تنظیمات کے سربراہوں نے مشترکہ بیانیہ میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ توڑنے والے سے جوڑنے والا افضل ہے دفاع وطن کے لیے متحد ہیں ہم سب پاکستان کے ٹھیکیدار نہیں چوکیدار ہیں ضابطہ اخلاق پر عمل ہو رہا ہے مقدسات کی توہین برداشت نہیں ایسے شخص سے تمام مکاتب فکر برات کا اعلان کرتے ہیں سیدنا حضرت امام حسین کی تعلیمات مشعل راہ مینارہ نور رہتی دنیا تک انکی عظمت و شان کے ڈنکے بجتے رہیں گے لازوال داستان کربلا کے چرچے ہیں زمین و آسمانوں پر وطن عزیز کو دہشت گردی سے نجات اور دفاع وطن کے لیے افواج پاکستان کی لازوال قربانیوں کی تحسین کرتے ہیں ورنہ حالات لیبیا و عراق سامنے ہیں سپہ سالار حافظ سید عاصم منیر اور انکی پوری ٹیم و نظم نے بھارتی ٹھیکیداری کو یکسر ختم کیا اقوام عالم میں پاکستان کا پرچم سربلند کیا جو ملک و قوم کیلئے نیک شگون ہے۔ صاحبزادہ ابرار حسین جلوی ؒ قاری عاشق تعیمی، علامہ محمد شریف کھرل ؒ علامہ رضا امین سیفی محمدی ؒ علامہ اعظم فاروق، حافظ مقبول احمد، پروفیسر محمد آصف رضا، محمد اسلم بھٹی، رانا فرحت علی، علامہ تنویر طاہر راٹھور، ملک جواد رضا اعوان، وسیم عمران شاہ، میاں عبدالوحید، میاں عثمان رانا دلاور عباس و دیگر شیوخ الاسلام نے کہا کہ متحد و بیدار امت کی ملک کو اشد ضرورت ہے پنجاب دیتے کہ جمعتہ المبارک ؒ مجالس، اجتماعات، جلوسوں میں پیغام امن بین المسالک ہم آہنگی اخوت و یگانگت بھائی چارہ تحمل برداشت کا درس عام کیا جائے یہ اہل اسلام کا قومی شرعی فریضہ ہے تا کہ ملک دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا جا سکے پاکستان ہم سب کا ہے اور یہ تا قیامت قائم رہے گا یہ کلمہ طیبہ کے نام پر بنا ہے تمام اہل اسلام سے ریاستی اداروں کے ساتھ مکمل وتائید اور شانہ بشانہ قیام امن کیلئے کھڑے رہنے کی تلقین کرتے ہیں یہ وطن ہمارا ہے ہم سب ہیں پاسبان اس کے۔

فیڈرل بورڈ ٹی میل ممبر الیکشن کے ای ووٹنگ سسٹم کا فرانزک کروایا جائے

دوبارہ شفاف انتخابات کروائے جائیں، ای ووٹنگ سسٹم کو غیر فعال کرنے والے عناصر کے خلاف فوری کارروائی کی جائے: ڈاکٹر غزالہ شاہین وائیں



میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) فیڈرل بورڈ ٹی میل ممبر الیکشن کے ای ووٹنگ سسٹم کا فرانزک کروایا جائے۔ دوبارہ شفاف انتخابات کروائے جائیں ڈاکٹر غزالہ شاہین وائیں تفصیلات کے مطابق 26 جون کو ممبر بورڈ آف گورنرز فی میل نشت ہونے والے الیکشن میں ہونے والی دھاندلی پر صدر جنوبی پنجاب ایپسما ڈاکٹر غزالہ شاہین وائیں، جنرل سیکرٹری جنوبی پنجاب راؤ محمد عارف، نائب صدر جنوبی پنجاب واجد چوہدری، کوآرڈینیٹر ایپسما حافظ حسن ضیاء نے اپنے بیان میں کہا کہ فیڈرل بورڈ ٹی میل نشت متنازعہ الیکشن کروایا گیا ہے ای ووٹنگ سسٹم کو غیر فعال کرنے والے عناصر کے خلاف فوری کارروائی کی جائے چیئرمین فیڈرل تعلیمی بورڈ ڈاکٹر محمد اکرام ملک نتائج کی شفافیت تک حتمی ٹیبلیشن نا کریں غزالہ وائیں نے کہا کہ الیکشن میں ہونے والی سنگین بے ضابطگیوں کی تحقیقات کروائیں ای ووٹنگ سسٹم کے غیر فعال ہونے کی وجہ سے ایپسما کے ممبران پرائیویٹ سکولز عہدیداران کو ووٹنگ کے عمل سے محروم رکھا گیا ریٹرننگ آفیسر کے آفس میں ہمارے اعتراضات کو سنا نہیں جا رہا الیکشن کی شفافیت کو یقینی نا بنایا گیا تو ایپسما قانونی رستہ اختیار کرے گی اور پاکستان بھر میں احتجاج کی کال دی جائے گی۔

صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کا محرم الحرام کے سلسلہ میں ٹوبہ ٹیک سنگھ کا دورہ

وزیر اطلاعات نے ڈی سی آفس میں ایک اہم اجلاس کی صدارت کی، جس میں کمشنر فیصل آباد مریم خان، آر پی او ذیشان اصغر، ڈپٹی کمشنر محمد نعیم سندھو، ڈی پی او عبادت نثار و دیگر کی شرکت



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے عشرہ محرم الحرام کے دوران عملداروں کے تحفظ، سیکیورٹی انتظامات اور سہولیات کا جائزہ لینے کے لیے ٹوبہ ٹیک سنگھ کا دورہ کیا۔ اپنے دورہ کے دوران وزیر اطلاعات نے ڈی سی آفس میں ایک اہم اجلاس کی صدارت کی، جس میں کمشنر فیصل آباد مریم خان، آر پی او ذیشان اصغر، ڈپٹی کمشنر محمد نعیم سندھو، ڈی پی او عبادت نثار، منتخب نمائندگان، مسلم لیگ ن کے رہنما ایوب خان گادھی، قدیر اعوان، رحیل انور، حارث امجد اور عقبہ وڑائچ شریک ہوئے۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او نے وزیر اطلاعات کو سیکیورٹی، صفائی، روشنی، میڈیکل سہولیات اور دیگر انتظامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ عظمیٰ بخاری نے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب عملداروں کو مکمل تحفظ اور تمام تر سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور اور موثر اقدامات کر رہی ہے۔ بعد ازاں وزیر اطلاعات نے مرکزی امام بارگاہ، جلوس کے روایتی راستوں، اور مرکزی کنٹرول روم کا دورہ کیا۔ سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے سیکیورٹی، صفائی، لائٹنگ اور پانی کی سبیلوں کا جائزہ لیا۔ جلوس کے ہمراہ ریسکیو 1122، موبائل فیلڈ اسپتال، کلینک آن ویل اور پانی کے چھڑکاؤ کی سہولیات کی دستیابی بھی یقینی بنائی گئی ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ محرم الحرام ہمیں صبر، قربانی، اتحاد اور برداشت کا درس دیتا ہے اور موجودہ عالمی تناظر میں اس پیغام کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹوبہ ٹیک سنگھ میں تمام مکاتب فکر کے درمیان مذہبی رواداری اور اتحاد قابل تحسین ہے۔ علمائے کرام منبر و محراب سے سوشل میڈیا کے مثبت استعمال کا پیغام دیں تا کہ معاشرے میں امن، برداشت اور بھائی چارہ فروغ پا سکے۔ وزیر اطلاعات نے خبردار کیا کہ حکومت کی زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت سوشل میڈیا پر شرانگیز اور نفرت انگیز مواد پھیلانے والوں کے خلاف سخت کارروائی جاری ہے اور اس کی 24/7 مانیٹرنگ بھی کی جا رہی ہے۔ آخر میں عظمیٰ بخاری نے ضلعی انتظامیہ، سیکیورٹی اداروں، محکمہ بلدیات اور دیگر متعلقہ محکموں کی خدمات کو سراہا جبکہ جلوس کے منتظمین نے بہترین انتظامات پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کا شکریہ ادا کیا۔

ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم پنوار کی زیر صدارت ماہانہ کارکردگی اجلاس

موسم برسات میں جوہڑوں اور سیلابی پانی میں نہانے سے اجتناب کریں: محمد اکرم پنوار



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ضلعی ہیڈ کوارٹرز پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 ننکانہ صاحب میں ماہانہ کارکردگی کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم پنوار نے کی۔ اجلاس میں کنٹرول روم انچارج محمد نوید، ریسکیو سٹیشن آفیسر علی عمران، ایشن کوارڈینیٹر محمد سعید میڈیا کوارڈینیٹر علی اکبر اور تمام ریسکیو آفیسرز و انچارجز نے شرکت کی۔ کنٹرول روم انچارج محمد نوید نے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم پنوار کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 ننکانہ صاحب کو جون میں 17013 موصول ہونے والی کالز میں 3817 ایمرجنسی کالز تھیں۔ 3817 ایمرجنسی کالز پر 3930 متاثرین کو ریسکیو سروس مہیا کی گئی جن میں 700 روڈ ٹریفک ایکسیڈنٹ، 2460 میڈیکل 43، فائر کیس، 101 لڑائی جھگڑے اور تشدد، پانی میں ڈوبنے کے 4 واقعات اور 509 متفرق ایمرجنسیز شامل ہیں ریسکیو 1122 عملہ نے 1451 زخمیوں کو موقع پر طبی امداد دی جبکہ 2371 متاثرین کو طبی امداد دینے کے بعد مختلف ہسپتالوں میں منتقل کر دیا گیا اور ان حادثات اور میڈیکل ایمرجنسیز کے دوران 108 متاثرین جانبر نہ ہو سکے۔ اس کے علاوہ تشفی بخش سطح پر علاج کی سہولیات میسر نہ ہونے کی وجہ سے ڈاکٹرز نے 341 مریضوں کو ریفر کر دیا جنہیں ریسکیو 1122 ننکانہ صاحب کی پیشٹنٹ ٹرانسفر سروس کے ذریعے لاہور اور فیصل آباد کے ہسپتالوں میں بلا معاوضہ اور سخاوت منتقل کیا گیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم پنوار نے کہا کہ مون سون سیزن میں پتنگوں کو جوہڑوں اور سیلابی پانی میں ہرگز نہ جانے دیں تاکہ پانی میں ڈوبنے کے واقعات سے بچا جا سکے اور بجلی کے کھمبوں اور تاروں کے قریب نہ جائیں۔

عشرہ محرم الحرام میں بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے تمام تر انتظامات مکمل کر لیے گئے

جھنگ (بیورو رپورٹ) ایس ای فیصکو سرکل جھنگ مدثر علی شیخ نے کہا کہ عشرہ محرم الحرام میں بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے تمام تر انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں ماتمی جلوسوں کے روٹس میں رکاوٹ پیدا کرنیوالی تاروں کو فوری طور پر ہٹا دیا گیا ہے اور روزانہ کی بنیاد پر جلوسوں کے روٹس کو چیک کیا جا رہا ہے لائن سٹاف جلوسوں کے ہمراہ ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں گزشتہ روز ایکسیئن فیصکو جھنگ سرکل ملک مرید حسین، ایسیئن فیصکو جھنگ سیکنڈ ڈویژن ساجد پرویز سدھانہ اور ایسیئن فیصکو جھنگ ڈویژن راؤ انعام اکبر کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مدثر علی شیخ نے کہا کہ محرم الحرام کی تعطیلات میں تمام افسران و عملہ کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئی ہیں

ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی محمد عاصم جاوید کی ہدایات پر ملاوٹ مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

فوڈ سیفٹی ٹیم نے بروقت کارروائی کی اور ملزم کو رنگے ہاتھوں پکڑ کر تھانہ محمد والہ میں مقدمہ درج کرا دیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی محمد عاصم جاوید کی ہدایات پر ملاوٹ مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز پنجاب فوڈ اتھارٹی ڈاکٹر محمد قاسم رضا کی کڑی نگرانی اور خفیہ اطلاع کی بنیاد پر لالیاں کے نواحی علاقہ سے مصنوعی دودھ بنانے کے لئے استعمال ہونے والے محلول کو سیلائر سمیت دھر لیا گیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز نے بتایا کہ محلول ملک یاور آئل اور دیگر کیمیکلز سے تیار کیا گیا تھا جس کو مصنوعی دودھ کی تیاری میں استعمال کیا جانا تھا۔ فوڈ سیفٹی ٹیم نے بروقت کارروائی کی اور ملزم کو رنگے ہاتھوں پکڑ کر تھانہ محمد والہ میں مقدمہ درج کرا دیا گیا۔ علاوہ ازیں فوڈ سیفٹی ٹیموں نے ضلع بھر میں 50 دودھ بردار گاڑیوں کی چیکنگ سمیت 119 انسپکشنز کیں اور قوانین کی خلاف ورزی پر 60 ہزار روپے کے جرمانے کیے۔ محفوظ خوراک کی فراہمی کے کمپئن کے تحت پکوان سنٹرز اور برگر اینڈ شوارما پوائنٹس کی کڑی نگرانی جاری ہے اور حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی اور ایکسپائرڈ مصالحہ جات کے استعمال پر 23 ہزار روپے کے جرمانے، 2 کلو غیر معیاری مرچیں تلف کر دی گئیں۔ دودھ کی ناقص کوالٹی پر دودھ بردار گاڑیوں کو 14 ہزار روپے کے جرمانے، کریانہ سٹور کی انسپکشن، ممنوع گٹکا اور ممنوع چائنیز سالٹ برآمد کرنے کے تلف اور 23 روپے کے جرمانے کیے گئے۔

پٹرولیم مصنوعات اور گھریلو و کمرشل گیس کے نرخوں میں اضافے پر شہریوں کا شدید غم و غصے کا اظہار

مزدور طبقہ، رکشہ ڈرائیورز، چھوٹے دکاندار اور تنخواہ دار طبقہ شدید متاثر ہوا ہے۔ شہریوں نے کہا کہ روزمرہ اشیاء کی قیمتیں پہلے ہی بے قابو ہیں

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر سید عبدالرزاق سید سے) حکومت کی جانب سے حالیہ دنوں میں پٹرولیم مصنوعات اور گھریلو و کمرشل گیس کے نرخوں میں اضافے پر شہریوں نے شدید غم و غصے کا اظہار کیا ہے اور اسے ''عوام کا معاشی قتل'' قرار دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق یکم جولائی 2025 سے حکومت نے پٹرول کی قیمت میں 8 روپے 36 پیسے اور ڈیزل کی قیمت میں 10 روپے 39 پیسے فی لیٹر اضافہ کر دیا ہے۔ اسی طرح گھریلو گیس کی قیمتوں میں بھی 15 سے 20 فیصد اضافہ کیا گیا ہے۔ رائیونڈ کے مختلف علاقوں میں عوام نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مہنگائی پہلے ہی آسمان سے باتیں کر رہی ہے، اب ایندھن اور گیس کی قیمتوں میں اضافے سے بنیادی ضروریات زندگی مزید مہنگی ہو گئی ہیں۔ مزدور طبقہ، رکشہ ڈرائیورز، چھوٹے دکاندار اور تنخواہ دار طبقہ شدید متاثر ہوا ہے۔ شہریوں نے کہا کہ روزمرہ اشیاء کی قیمتیں پہلے ہی بے قابو ہیں، جبکہ ٹرانسپورٹ، کھانے پینے اور بجلی کے بل بھی ان زخموں کے ساتھ مزید بڑھ جائیں گے۔ حکومت کو عوامی مشکلات کا احساس کرتے ہوئے فوری طور پر پٹرولیم اور گیس کی قیمتوں میں کمی کرنی چاہیے۔ عوامی و سماجی حلقوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب اور وزیر اعظم پاکستان سے اپیل کی ہے کہ وہ فوری طور پر ان ظالمانہ نرخوں پر نظر ثانی کریں اور عام شہریوں کو ریلیف فراہم کریں۔

جھنگ پولیس کے زیر اہتمام ایک منظم اور مؤثر فلیگ مارچ کا انعقاد کیا گیا

عشرہ محرم الحرام کے دوران امن و امان کی فضا کو برقرار رکھنے اور عوام الناس میں احساسِ تحفظ کو فروغ دینا اولین ترجیح ہے



جھنگ (بیورو رپورٹ) عشرہ محرم الحرام کے دوران امن و امان کی فضا کو برقرار رکھنے اور عوام الناس میں احساسِ تحفظ کو فروغ دینے کے لیے جھنگ پولیس کے زیر اہتمام ایک منظم اور مؤثر فلیگ مارچ کا انعقاد کیا گیا۔ اس فلیگ مارچ کی قیادت ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر، ایس پی انویسٹی گیشن عابد حسین ظفر، پاک آرمی اور پاک رینجرز کے افسران نے کی، جبکہ ایس ڈی پی او، ایس ایچ او، ریسکیو 15، ریسکیو 1122، ٹریفک پولیس، ایلیٹ فورس، پاک آرمی اور رینجرز کے متعدد دستے بھی اس میں شریک تھے۔ یہ فلیگ مارچ پولیس لائنز سے آغاز پذیر ہوا اور شہر کے مختلف اہم علاقوں سے گزرتے ہوئے واپس پولیس لائنز پر اختتام پذیر ہوا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کا کہنا تھا کہ عشرہ محرم الحرام کے دوران شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے۔ محرم الحرام کے دوران ضابطہ اخلاق کی مکمل پاسداری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، تا کہ مذہبی ہم آہنگی اور بھائی چارے کی فضا قائم رہے۔ جبکہ ایس پی انویسٹی گیشن عابد حسین ظفر نے اپنے گفتگو کے دوران کہا کہ سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے جا چکے ہیں اور تمام افسران و اہلکار ہائی الرٹ ہو کر اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں۔ امن و امان میں خلل ڈالنے والے عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا

دعوتِ اسلامی کی طرف سے ساداتِ کرام کی دلجوئی محرم الحرام میں FGRF کا عظیم فلاحی اقدام

دعوتِ اسلامی جہاں دین اسلام کی تبلیغ، اصلاحِ معاشرہ اور کردار سازی کے عظیم مشن پر گامزن ہے

فیروزوالہ (نامہ نگار) دعوتِ اسلامی کی طرف سے ساداتِ کرام کی دلجوئی محرم الحرام میں FGRF کا عظیم فلاحی اقدام دعوتِ اسلامی جہاں دین اسلام کی تبلیغ، اصلاحِ معاشرہ اور کردار سازی کے عظیم مشن پر گامزن ہے، وہیں فلاحی میدان میں بھی اس کی خدمات روزِ روشن کی طرح عیاں ہیں۔ بالخصوص اس کے شعبہ FGRF (فیضانِ گلوبل ریلیف فاؤنڈیشن) کے تحت ملک بھر میں بے شمار فلاحی سرگرمیاں جاری ہیں، جو اہلِ حاجت کے لیے امید کی ایک روشن کرن بن چکی ہیں۔ محرم الحرام جیسے بابرکت مہینے میں، جب دل کربلا کی عظیم قربانیوں کو یاد کر کے چھلکتے ہیں، اسی جذبۂ ایثار و محبت کے تحت دعوتِ اسلامی کے فلاحی شعبے FGRF نے منڈی واربرٹن میں ایک روح پرور خدمت سرانجام دی۔ شہدائے کربلا کے ایصالِ ثواب کی نیت سے ساداتِ کرام کے 22 گھرانوں کو نقد امداد پیش کی گئی، جن میں سے 12 گھرانوں کو 12،000 روپے فی کس اور 10 گھرانوں کو 10،000 روپے فی کس نذرانہ پیش کیا گیا۔ یہ قدم نہ صرف فلاحِ عامہ کا مظہر ہے بلکہ ساداتِ کرام سے قلبی وابستگی اور عقیدت کا عملی ثبوت بھی ہے۔ اس موقع پر مقامی عاشقانِ رسول کی آنکھیں شکر و محبت سے چھلک اٹھیں اور دل دعاؤں سے لبریز ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ دعوتِ اسلامی کی کاوشوں کو اپنی بارگاہ قبولیت میں شرفِ قبول عطا فرمائے اور وارِ برٹن شہر کو اپنے خاص کرم، رحمت اور برکتوں کا مرکز بنا دے۔ آمین۔

پریس کلب مصطفیٰ آباد کو پنجاب کا مثالی پریس کلب بنائیں گے: ڈاکٹر اصغر علی شہزاد



مصطفیٰ آباد/لیالی (نمائندہ خصوصی) پریس کلب مصطفیٰ آباد لیالی رجسٹرڈ کے ضمنی الیکشن کے بعد پہلا اجلاس الیکشن کمشنر پریس کلب مصطفیٰ آباد ملک محمد اقبال نے نو منتخب صدر ڈاکٹر اصغر علی شہزاد اور نو منتخب سرپرست اعلیٰ محمد عمران سلفی کو نو منتخب کمیٹی کی حلف برداری کرایا: قائم مقام صدر شاہد عمر نے نو منتخب صدر ڈاکٹر اصغر علی شہزاد سے حلف لیا، تفصیلات کے مطابق پریس کلب مصطفیٰ آباد لیالی رجسٹرڈ کے ضمنی الیکشن کے بعد پہلا اجلاس قائم مقام صدر شاہد عمر کی زیر صدارت پریس کلب مصطفیٰ آباد میں منعقد ہوا، اجلاس کا آغاز چیئرمین میں سپریم کونسل ملک محمد اقبال کی تلاوت کلام پاک اور سینئر صحافی الیاس ملک کی نعت رسول مقبول ﷺ سے کیا گیا، قائم مقام صدر شاہد عمر نے نو منتخب صدر ڈاکٹر اصغر علی شہزاد سے حلف لیا، الیکشن کمشنر پریس کلب مصطفیٰ آباد ملک محمد اقبال نے نو منتخب صدر ڈاکٹر اصغر علی شہزاد اور نو منتخب سرپرست اعلیٰ محمد عمران سلفی کو نو منتخب کمیٹی کی حلف برداری کرایا، بعد ازاں بقیہ اجلاس کی صدارت نو منتخب صدر ڈاکٹر اصغر علی شہزاد نے کی، جبکہ جنرل سیکرٹری کے فرائض سہیل فرخ ندھو نے ادا کیے، اجلاس میں صدر پریس کلب ڈاکٹر اصغر علی شہزاد، جنرل سیکرٹری سہیل فرخ ندھو، چیئرمین میں سپریم کونسل ملک محمد اقبال، سرپرست اعلیٰ محمد عمران سلفی، سینئر محمد حسین صدر الیکٹرونک میڈیا محمد اکمل کھوکھر صدر یونین آف جرنلسٹ، زراعلی خاں، الیاس ملک، محمد جمیل ندھو، مہر عبدالقیوم ارشد علی جوئیہ، عمر شاہین، مہر عدنان محمد جمیل رحمانی، چوہدری اشتیاق جٹ، حاجی محمد ابراہیم، احمد جمال ایڈووکیٹ، ناصر ندھو، حاجی عبدالقادر، مہر صداقت علی، محمد طاہر میو، شاہد عمر، و دیگر صحافیوں نے نو منتخب صدر ڈاکٹر اصغر علی شہزاد اور نو منتخب سرپرست اعلیٰ محمد عمران سلفی کو مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا، نو منتخب سرپرست اعلیٰ محمد عمران سلفی نے کہا کہ میں نے گزشتہ 14 سال بطور صدر ہاؤس کی خدمت کی ہے اور میں اپنی اس خدمت کے سلسلہ کو آئندہ بھی جاری رکھوں گا، اور پریس کلب کی بہتری کے لئے پہلے سے بڑھ کر جدوجہد کروں گا

فرینڈز آف پولیس پروگرام کے تحت ایجوکیٹو انٹرنیشنل سیالکوٹ طالبات کا دورہ

پولیس خدمت مرکز، پولیس تحفظ مرکز، میثاق سینٹر، سیف سٹی دکھایا گیا



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پنجاب پولیس ''فرینڈز آف پولیس'' پروگرام کے تحت پریمیم کمپیس، ایجوکیٹو انٹرنیشنل اسکول کی طالبات کا پولیس خدمت مرکز، پولیس تحفظ مرکز، میثاق سینٹر اور سیف سٹی کا دورہ کیا اس دوران پبلک ریلیشنز آفیسر ڈی پی او آفس نے موثر و مفید بریفنگ دی۔ ایجوکیٹو انٹرنیشنل سکول کی روح رواں بیرسٹر وقاص ابریز خان کی قیادت میں سکول انتظامیہ نے ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد سے بھی ملاقات کی۔ مستقبل کے معمار طلباء نے سیالکوٹ پولیس کے جدید ترین مراکز میں مستعدی کیساتھ فرائض منصبی انجام دینے والے عملہ اور شہریوں کے جان و مال کی حفاظت کیلئے فوری ایکشن کو خوب سراہا۔ فرینڈز آف پولیس پروگرام عوام اور پولیس کے درمیان اعتماد سازی کا ایک اہم قدم ہے۔ اس پروگرام کا مقصد پولیس کے مثبت امیج کو اجاگر کرنا اور عوام میں شعور بیدار کرنا ہے۔ یہ پروگرام پولیس اور عوام کے درمیان خلیج کو کم کرنے اور باہمی تعاون کو فروغ دینے میں مدد کرتا ہے۔

لیسکو آفس شیخوپورہ میں ضعیف العمر خاتون کے ساتھ ناروا سلوک کی پرزور مذمت کرتے ہیں

افسران کا عوام کے ساتھ ایسا رویہ کسی صورت قابل قبول نہیں سکیورٹی گارڈ نے ایس

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

سیاسی بداعتمادی میں اضافہ

سپریم کورٹ نے مخصوص نشستوں کے معاملہ پر نظر ثانی کی اپیل میں گزشتہ سال جولائی میں سپریم کورٹ کے 13 رکنی بنچ کے اکثریتی فیصلہ کو مسترد کر کے، اسی کیس میں پشاور ہائی کورٹ کا فیصلہ بحال کر دیا ہے۔ جس کے تحت خواتین اور اقلیتوں کی مخصوص نشستیں تحریک انصاف یا سنی اتحاد کونسل کو نہیں دی جا سکتیں۔ اس مقدمہ میں قانونی موشگافیوں سے قطع نظر یہ فیصلہ سیاسی بداعتمادی وعدم استحکام میں اضافہ کرے گا۔

آئین کے مطابق انتخابات کے بعد اسمبلیوں میں اقلیتوں کی نمائندگی کے لیے مخصوص نشستیں تقسیم کی جاتی ہیں۔ یہ مقررہ سیٹیں ہر اسمبلی میں سیاسی پارٹیوں کی نمائندگی کے مطابق تفویض ہوتی ہیں۔ تاہم فروری 2024 کے انتخابات کے بعد ان نشستوں کے حوالے سے تنازعہ شروع ہوا تھا۔ الیکشن کمیشن نے تحریک انصاف کو 'بیٹ' کا انتخابی نشان دینے سے انکار کر دیا تھا کیوں کہ الیکشن کمیشن کا موقف تھا کہ پارٹی کے انٹرا پارٹی انتخابات قابل قبول نہیں تھے۔ سپریم کورٹ نے اس فیصلہ کی توثیق کی تھی جس کے بعد تحریک انصاف کے امیدواروں نے درجنوں مختلف نشانات کے تحت انتخاب میں حصہ لیا لیکن منظم مہم جوئی اور عوامی رابطہ کے نتیجہ میں وہ کثیر تعداد میں سیٹیں جیتنے میں کامیاب ہو گئی۔

تاہم تحریک انصاف کے بینر تلے منتخب ہونے والے ان امیدواروں کو 'آزاد' تصور کیا گیا۔ آزاد ارکان چونکہ کسی سیاسی پارٹی کا گروپ کا حصہ نہیں ہوتے، اس لیے انہیں مخصوص نشستوں میں حصہ نہیں ملتا۔ البتہ اگر کوئی آزاد رکن نتیجے کا اعلان ہونے کے تین دن کے اندر کسی سیاسی پارٹی میں شامل ہو جائے تو ان کی طاقت اس سیاسی پارٹی کی طاقت سمجھتے ہوئے انہیں مخصوص نشستیں دے دی جاتی ہیں۔ تحریک انصاف نے مخصوص نشستوں میں حصہ لینے اور اپنی پارلیمانی حیثیت مستحکم کرنے کے لیے سنی اتحاد کونسل نامی غیر معروف سیاسی پارٹی میں شامل ہونے کا فیصلہ کیا اور اپنے تمام ارکان کو اس پارٹی میں شامل ہونے کی ہدایت کر دی۔ اس کے بعد سنی اتحاد کونسل کی طرف سے مخصوص نشستیں حاصل کرنے کی کوشش کی گئی۔ الیکشن کمیشن کے اکثریتی ارکان نے البتہ تین دن کی مدت کے بعد کیے گئے اس فیصلہ کو ماننے سے انکار کر دیا اور مخصوص نشستیں مسلم لیگ (ن)، پیپلز پارٹی و دیگر جماعتوں کو دے دی گئیں۔ اس فیصلہ کو پہلے پشاور ہائی کورٹ میں چیلنج کیا گیا لیکن مئی 2024 میں پشاور ہائی کورٹ سے یہ اپیل مسترد ہو گئی تو اس کے خلاف سپریم کورٹ میں اپیل دائر کی گئی۔

سپریم کورٹ کے 13 رکنی بنچ نے 12 جولائی 2024 کو آٹھ پانچ کی اکثریت سے مخصوص نشستوں کی تقسیم پر الیکشن کمیشن کے فیصلہ کو ناجائز و غیر قانونی قرار دیتے ہوئے ان سیٹوں پر نامزد کیے ہوئے ارکان کو ڈی نوٹیفائی کرنے کا حکم دیتے ہوئے یہ سیٹیں تحریک انصاف کو دینے کا حکم دیا۔ اکثریتی ججوں کا کہنا تھا کہ انتخابات میں تحریک انصاف کے امیدواروں نے کامیابی حاصل کی ہے، اس لیے یہ سیٹیں سنی اتحاد کونسل کو نہیں مل سکتیں بلکہ تحریک انصاف کو دی جائیں۔ تنازعہ کی بنیاد یہ حقیقت بنی کہ اس معاملہ میں تحریک انصاف درخواست گزار ہی نہیں تھی لیکن اکثریتی ججوں نے پارٹی کو 'گھر سے بلا کر' اضافی سیٹوں کا تحفہ عطا کر دیا۔ اس بارے میں قانون دان منقسم تھے اور اسے آئینی کی بجائے سیاسی فیصلہ قرار دیا گیا۔ سپریم کورٹ کے اکثریتی فیصلہ میں اگر سنی اتحاد ہی کو سیٹوں کا مستحق مان لیا جاتا تو شاید یہ معاملہ زیادہ پیچیدہ نہ ہوتا۔ البتہ اس فیصلہ کے سیاسی تاثر کی وجہ سے اس پر اختلافات سامنے آنے لگے۔ الیکشن کمیشن نے مخصوص سیٹوں پر نامزد کیے ہوئے ارکان کو ڈی نوٹیفائی تو کر دیا لیکن سپریم کورٹ کے حکم کے مطابق تحریک انصاف کو سیٹیں دینے کی بجائے اس فیصلہ کے سقم تلاش کرنے شروع کر دیے اور اس پر نظر ثانی کی اپیل دائر کی گئی۔

ن لیگ کے جدِ امجد کا فرمان

تحریر: منظور حسین کاسف

کہتے ہیں کہ جاتی عمرہ میں دنیا کی ہر نعمت موجود ہے سوائے کتاب کے۔ نون لیگ کے حامی نامور صحافی مجیب الرحمان شامی بھی اس کی تصدیق کرتے ہیں۔

کتاب سوچنا سکھاتی ہے۔ مردوزن کے مادی وجود کو انسان کا اخلاقی وجود عطا کر دیتی ہے۔ معاشرے میں کتاب سے دوری اور فتوے سے قربت پیدا کرنے والے نون لیگ کے جد امجد ضیاءالحق فرماتے تھے کہ میں استادوں اور شاعروں سے بہت تنگ ہوں۔ یہ بہت ظالم طبقہ ہے جو سوچتا بھی ہے۔ کہتا بھی ہے۔ اور لکھتا بھی ہے۔ یہ سوچ نون لیگ کی گھٹی میں شامل ہے اور آج بھی نون لیگ میں یہ خوف موجود ہے کہ کتاب اور علم و ادب کی روشنی پھیلنے سے ہماری سیاست کا خاتمہ ہو جائے گا۔

نون لیگ ایک ایسے خاندان کی ملکیت ہے جس میں کوئی عالم، محدث، فلسفی، مفکر، مصور، دانشور، صحافی، مصنف، شاعر، ادیب، بیوروکریٹ، انجینئر، ڈاکٹر، پروفیسر یا کوئی پڑھا لکھا بھی پیدا نہیں ہوا۔

پاکستان میں لائبریری یا علمی، ادبی ادارے بھی نون لیگ کی ترجیحات میں شامل نہیں رہے۔ کیونکہ ایسے ادارے شعور اور علم دیتے ہیں

ایک سروے کے مطابق پاکستان میں فی کس صرف 6 پیسے سالانہ کتاب کے لئے خرچ کیے جاتے ہیں۔

امریکی دارالحکومت واشنگٹن کے مرکزی چوک میں ملک کے "اعلیٰ ترین اداروں کی تین بڑی عمارتیں لائبریری، پارلیمنٹ اور سپریم کورٹ موجود ہیں۔ گویا ترقی یافتہ قومیں آج بھی کتاب کو اہمیت دیتی ہیں۔

ایک پڑھے لکھے سیاست دان ذوالفقار علی بھٹو کے دور حکومت میں اکادمی ادبیات پاکستان، مقتدرہ قومی زبان، اقبال اکادمی، نیشنل بک فاؤنڈیشن جیسے کئی علمی اور ادبی ادارے قائم کیے گئے۔ چونکہ ان اداروں سے حکمرانوں کو کوئی مالی فائدہ نہیں ہوتا۔ اس لئے نون لیگ کی حکومت ان کو ختم کرنا چاہ رہی ہے۔ ہوسکتا ہے میاں نواز شریف صاحب کی خواہش ہو کہ علمی اور ادبی اداروں کی بڑی بڑی عمارات کو فوڈ سٹریٹ میں تبدیل کر دیا جائے۔

بھٹو دور میں بڑے شہروں میں حکومت نے پاکستان نیشنل سنٹر کے نام سے لائبریریاں قائم کیں۔ جہاں پر کوئی بھی تنظیم علمی، ادبی، قومی پروگرام، مشاعرے، مباحث، مذاکرے کروا سکتی تھی۔ اس طرح ہر شہر میں لائبریری کے ساتھ ایک علمی اور ادبی مرکز قائم ہو گیا تھا۔

ن لیگ کے دور حکومت 1990-1993 کے دوران ان علمی اور ادبی مراکز پاکستان نیشنل سنٹرز کو بند کر دیا گیا۔ کیونکہ تاجر حکمرانوں کا کتاب اور علم سے کوئی تعلق نہ تھا۔

1258 میں سقوط بغداد ہوا۔ جب ہلاکو خان نے قتل عام کیا اور اپنے وقت کی دنیا کی سب سے بڑی لائبریری (ہاؤس آف وزڈم) کو جس میں چار لاکھ سے زائد کتابیں تھیں۔ جلا کر راکھ کر دیا۔ تاریخ ہلاکو خان کو انسانیت کا دشمن اور علم دشمن قرار دیتی ہے۔ مگر پاکستان میں شعوری کوشش سے لوگوں کی شعوری سطح اس قدر پست کر دی گئی ہے۔ کہ لائبریریاں بند کرنے کا سانحہ برپا کرنے والوں کو کوئی کچھ بھی نہیں کہتا۔ محترمہ بینظیر بھٹو شہید سے ایک انٹرویو میں سوال کیا گیا کہ نواز شریف اور مشرف میں سے اگر ایک کا انتخاب کرنا پڑے تو آپ کس کا انتخاب کریں گی تو محترمہ نے کہا کہ مشرف بہتر ہے کیونکہ نواز شریف نے جتنا ظلم ہم پر کیا۔ اتنا ظلم تو جانور بھی نہیں کرتے۔

مشرف بہرحال نواز شریف سے بہتر تھا کیونکہ اس کی ترجیحات میں تعلیم بھی شامل تھی اس نے بیرونی ممالک سے چن چن کر پاکستانی ماہرین تعلیم کو بہترین پیکیج کے ساتھ پاکستان بلایا مثلاً یونیورسٹی آف گجرات قائم کی تو امریکہ سے ایک پاکستانی ماہر تعلیم کو بلا کر وائس چانسلر مقرر کیا۔ اور یونیورسٹی کا نام مشرف نے نواز شریف کی طرح اپنے نام پر نہیں رکھا۔ بلکہ مشرف نے کسی بھی ادارے کو اپنے نام سے منسوب نہیں کیا۔ پنجاب میں پرویز الٰہی کے دور میں بھی تعلیم پر خصوصی توجہ دی گئی۔ سویڈن کی مدد سے ایشیاء کی سب سے بڑی انجینئرنگ یونیورسٹی سمبڑیال کے مقام پر منظور ہوئی۔ جس کے لئے زمین خرید کر دو رویہ سڑک بھی مکمل ہو گئی۔ پھر پنجاب میں شہباز شریف کی حکومت آ گئی۔ اور دس سال تک یونیورسٹی پر کام نہیں ہونے دیا تو سویڈن کی حکومت نے منصوبہ ترک کر دیا۔ عمران خان کی حکومت نے اس منصوبے پر دوبارہ کام شروع کر کے یونیورسٹی کی عمارت تعمیر کر دی۔ مگر تعلیم کا آغاز ہونے سے پیشتر ہی بدقسمتی سے پھر نون لیگ کی حکومت آ گئی اور کام روک دیا گیا۔ خدانخواستہ اگر نون لیگ کی حکومت برقرار رہی تو شاید اس یونیورسٹی کی عمارت کو کھنڈر میں تبدیل ہونا پڑے۔ چونکہ یونیورسٹیاں علم پھیلاتی ہیں اس لئے نون لیگ کبھی بھی تعلیمی اداروں کی ترقی کے حق میں نہیں رہی۔ البتہ دکھاوے کے لئے کبھی کبھار کہیں کوئی کالج، یونیورسٹی یا ہسپتال سرکاری پیسے سے بنا کر نواز شریف کے نام منسوب کر دیتے ہیں حالانکہ نواز شریف کا ذاتی ایک روپیہ بھی ان منصوبوں میں خرچ نہیں ہوتا۔ جیسے نواز شریف کالج سرگودھا، نواز شریف یونیورسٹی ملتان، نواز شریف ہسپتال لاہور وغیرہ

لہو لگا کے شہیدوں میں ہو گئے داخل
ہوس تو نکلی مگر حوصلہ کہاں نکلا

وزیراعلیٰ پنجاب کا مشن۔۔صحت مند پنجاب صحت مند پاکستان

تحریر و ترتیب: شہزاد حسین
ترجمان پنجاب فوڈ اتھارٹی

تپتی دھوپ ہو یا شدید سردی، عید ہو، تہوار یا کوئی خاص دن، چھٹی ہو یا کام کا دن، پنجاب فوڈ اتھارٹی اتھارٹی مسلسل فیلڈ میں سرگرم ہے، الرٹ ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن صحت مند پنجاب کی عملی تکمیل کے لیے محدود استعداد کار اور وسائل کیساتھ رواں مالی سال 158 فیصد چیکنگ میں اضافہ ہوا۔ گزشتہ سالوں کی نسبت 164 فیصد جرمانے اور 24 فیصد مقدمات میں اضافہ ہوا۔ تفصیلات کے مطابق سال 24/25 میں 12 لاکھ 35 ہزار 741 فوڈ پوائنٹس چیک کیے گئے، 1 لاکھ 19 ہزار 285 کو 1 ارب 52 کروڑ 24 لاکھ 78 ہزار سے زائد جرمانے عائد کیے گئے، علاوہ ازیں قوانین کی خلاف ورزی پر 3 ہزار 300 یونٹس بند کر کے 1344 مقدمات درج کروا دیے گئے، ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے بتایا کہ 18 ہزار 937 سیمپل لیبارٹری ٹیسٹ کیے گئے، کارروائیوں کیساتھ اشیاء ⌞ خورد و نوش کی چیکنگ اور تلف شرح میں بھی ریکارڈ اضافہ ہوا، 1 لاکھ 42 ہزار 114 لٹر ناقص آئل، 1 لاکھ 17 ہزار 775 لٹر ناقص پانی بیورجز، 13.89 فیصد اضافے کیساتھ 6 لاکھ 86 ہزار کلو سے زائد گوشت تلف کیا گیا، دودھ تلف شرح میں چیکنگ کی نسبت واضح کمی ریکارڈ ہوئی جس میں 16 لاکھ 24 ہزار لٹر سے زائد ملاوٹی دودھ تلف کیا گیا، 55 ہزار 974 کلو غیر معیاری مصالحہ جات بھی تلف کیے گئے۔ دودھ کی چیکنگ میں 5 گنا اضافہ؛ تلف شرح میں 3 گنا کمی دودھ کے معیار کا منہ بولتا ثبوت ہے پنجاب فوڈ اتھارٹی اب تک 4 لاکھ 50 ہزار فوڈ ہینڈلرز کو فوڈ سیفٹی ٹریننگ دے چکی ہے اسی طرح گزشتہ سال سے اب تک 1884 آگاہی سیمینار اور کیمپس لگائے گئے، مجموعی طور پر 1 لاکھ 97 ہزار 447 افراد اور 25 ہزار 624 عازمین حج کو نیوٹریشن کی ٹریننگ دی گئی، خواتین کی اچھی صحت کے لیے ایٹ سیف دو مین پمپئن شروع کی گئی، اس پمپئن کے تحت خواتین کی اچھی صحت کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں علاوہ ازیں اسٹیٹ آف دی آرٹ سکول نیوٹریشن پروگرام بھی جاری ہے، اس پروگرام کے تحت بچوں کو فری لنچ باکس فراہم کیے جا رہے ہیں۔ اب تک 10 ہزار 786 بچوں کو 2 ماہ کے لیے ہیلدی لنچ باکس فراہم کیا جا چکا ہے، بات یہاں ختم نہیں ہوتی ڈی جی فوڈ اتھارٹی اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے جعلساز مافیا کے گرد شکنجہ بھی سخت کر رہے ہیں اور ملاوٹ کے جڑ سے خاتمے کے لیے بھی بھرپور اقدامات جاری ہیں، ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے اسلامی تعلیمات اور شریعت میں ملاوٹ کی سزا اور جزا کو عوامی آگاہی میں شامل کیا اور ملاوٹ کا خاتمہ ممبر و محراب سے شروع کیا گیا، یوسی لیول تک فوڈ سیفٹی کو یقینی بنانے کے لیے بائیک سکواڈ بھی شروع کیا گیا، مری میں ضلعی دفتر بھی بنایا گیا تاکہ پاکستان اور بیرون ممالک سے آنے والے سیاحوں کو اچھی اور صحت بخش خوراک کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے، اپنی نوعیت کا منفرد کھیلتا پنجاب نیوٹریشن پروگرام کا باقاعدہ آغاز کیا جا رہا ہے۔ ایک مثل بھی مشہور ہے کہ ''ایک صحت مند ماں ہی صحت مند معاشرے کو پروان چڑھاتی ہے، اس غیر سنجیدہ رویہ اپنائے ہوئی عوام کی صحت کے تحفظ کے لیے پنجاب فوڈ اتھارٹی کے اقدامات قابل ذکر و تحسین ہیں گھر کے کچن کو ماڈل کچن بنانے اور خواتین، بچوں کی صحت کو لاحق خطرات سے بچانے کے لیے ایل ایم ایس متعارف کروا دیا گیا، اب ای ایل ایم ایس کیا ہے اور اس کے سے ہم عوام کیا فائدہ اٹھا سکتے ہیں الیکٹرانک لرننگ مینجمنٹ سسٹم اپنی نوعیت کا ایک الگ سسٹم تشکیل دیا گیا ہے جس کے تحت گھر میں بیٹھ کر فارغ اوقات میں خواتین فوڈ سیفٹی ٹریننگ حاصل کر سکیں جو کہ ہمارے خواتین کی غذائی تربیت میں معاون ثابت ہو گا گھر کے کچن میں تیار ہونے والے کھانے کیا فوڈ سیفٹی قوانین کے عین مطابق تیار کیے گئے ہیں؟ یہ تعلیمات بہت کم لوگوں ہیں آج یہ ایک لمحہ فکریہ ہے کہ صرف 51 فیصد پاکستانی کھانا کھانے اور بنانے سے قبل ہاتھ دھوتے ہیں جس سے کچن میں آلودگی اور انسان کے لیے بیمار ہونے خطرہ لاحق ہوتا ہے، دوسری طرف دیکھا جائے تو دیہی علاقوں میں 68 فیصد گھرانے کھانا پکانے، دھونے اور پینے کے لیے پانی کے غیر محفوظ ذرائع پر انحصار کرتے ہیں مطلب ناقص پانی کا استعمال کرتے ہیں، عموماً ہمارے گھروں میں کچن کی شیلف، چولہے اور دیگر اشیاء ⌞ کو صاف کرنے کے لیے تولیہ یا عام کپڑا استعمال کیا جاتا ہے، ہمارے اس پروگرام کا مقصد ہی اس رجحان کو تبدیل کرنا ہے کہ عام کپڑے کی بجائے صفائی کے لیے مخصوص سینیٹائزر استعمال کریں جو کہ جراثیم کی جڑ کو ہی ختم کر دے۔ عموماً ہماری خواتین کو نان فوڈ گریڈ اور فوڈ گریڈ اشیاء ⌞ کے متعلق علم نہیں ہوتا، فریزر میں گوشت اور دودھ کو اکٹھا رکھ دیا جاتا ہے جو کہ ایک نقصان دہ عمل ہے، ہماری خواتین کو اپنی ذاتی صفائی پر خصوصی توجہ کی تعلیم بھی دی جا رہی ہے جیسا جہ کھانا پکانے اور سٹور کرنے قبل ناخن کاٹ لیں، سر کو ڈھانپیں اور ایپرن کا استعمال کریں، سبزیوں کو کاٹنے کے لیے فوڈ گریڈ بورڈ کا استعمال کریں اور نل کے پانی کو



میں خواتین فوڈ سیفٹی ٹریننگ حاصل کر سکیں جو کہ ہمارے خواتین کی غذائی تربیت میں معاون ثابت ہو گا گھر کے کچن میں تیار ہونے والے کھانے کیا فوڈ سیفٹی قوانین کے عین مطابق تیار کیے گئے ہیں؟ یہ تعلیمات بہت کم لوگوں ہیں آج یہ ایک لمحہ فکریہ ہے کہ صرف 51 فیصد پاکستانی کھانا کھانے اور بنانے سے قبل ہاتھ دھوتے ہیں جس سے کچن میں آلودگی اور انسان کے لیے بیمار ہونے خطرہ لاحق ہوتا ہے، دوسری طرف دیکھا جائے تو دیہی علاقوں میں 68 فیصد گھرانے کھانا پکانے، دھونے اور پینے کے لیے پانی کے غیر محفوظ ذرائع پر انحصار کرتے ہیں مطلب ناقص پانی کا استعمال کرتے ہیں، عموماً ہمارے گھروں میں کچن کی شیلف، چولہے اور دیگر اشیاء ⌞ کو صاف کرنے کے لیے تولیہ یا عام کپڑا استعمال کیا جاتا ہے، ہمارے اس پروگرام کا مقصد ہی اس رجحان کو تبدیل کرنا ہے کہ عام کپڑے کی بجائے صفائی کے لیے مخصوص سینیٹائزر استعمال کریں جو کہ جراثیم کی جڑ کو ہی ختم کر دے۔ عموماً ہماری خواتین کو نان فوڈ گریڈ اور فوڈ گریڈ اشیاء ⌞ کے متعلق علم نہیں ہوتا، فریزر میں گوشت اور دودھ کو اکٹھا رکھ دیا جاتا ہے جو کہ ایک نقصان دہ عمل ہے، ہماری خواتین کو اپنی ذاتی صفائی پر خصوصی توجہ کی تعلیم بھی دی جا رہی ہے جیسا جہ کھانا پکانے اور سٹور کرنے قبل ناخن کاٹ لیں، سر کو ڈھانپیں اور ایپرن کا استعمال کریں، سبزیوں کو کاٹنے کے لیے فوڈ گریڈ بورڈ کا استعمال کریں اور نل کے پانی کو ہرگز مت استعمال کریں حفظان صحت اور تندرستی کے معاملے میں اسلام کی معتدل ہدایات موجود ہیں، جن پر عمل پیرا ہو کر ہم نہ صرف صحت مند زندگی گزار سکتے ہیں، صحت اللہ کی بڑی نعمت ہے، بلکہ سب سے بڑی نعمت ہے، انسان کا وجود ہی صحت سے ہے، خوراک اُس وقت مفید ثابت ہوتی ہے جب وہ صاف ستھرے ماحول اور صاف اشیاء ⌞ کی مدد سے تیار کی جا رہی ہو پنجاب فوڈ اتھارٹی ملاوٹ سے پاک پنجاب عزم کے تحت صوبہ بھر کے عوام خصوصاً عام عادی کی اچھی صحت کے لیے ضرر رساں ہر قسم کے ملاوٹی اجزاء ⌞ سے پاک صاف خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے متعدد منصوبہ جات پر عمل درآمد میں مصروف عمل ہے، والدین کو نیوٹریشن امور کے متعلق آگاہی کے لیے پرنٹ میڈیا، الیکٹرانک میڈیا سمیت دیگر ذرائع ابلاغ کا استعمال بھی کیا جا رہا ہے، فوڈ نیوٹریشن کے امور ہوں یا بچوں کی اچھی صحت، معیاری دودھ کی بات ہو یا غذائیت سے بھرپور خوراک کی، پنجاب فوڈ اتھارٹی کا ہر پروگرام ہی قابل ذکر ہے۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی تاریخ میں تاریخی اور پائیدار مختلف پروگرامز کے آغاز سے فوری فعالی تک کے تمام مراحل کی سرپرستی عاصم جاوید صاحب نے کی، ڈی جی فوڈ اتھارٹی نے کہا وزیر اعلیٰ پنجاب کے حکم پر عام آدمی تک محفوظ خوراک کی یقینی فراہمی کیلئے دن رات کارروائیاں جاری ہیں۔

غزہ کے چوبیس لاکھ لوگ

تحریر: الیاس گجر

یوں لگتا ہے کہ دنیا نے انسانوں کی تعریف میں سے غزہ کے چوبیس لاکھ لوگوں کو نکال دیا ہے اور وہ صرف اسرائیل کی بقا اور کامیابی کو یقینی بنانا چاہتی ہے۔ ایران کے خلاف اسرائیلی جارحیت کے حوالے سے بھی یہی مزاج سامنے آیا تھا۔ اور 21 ماہ سے غزہ میں شہریوں کی نسل کشی کے بھیانک عمل پر بھی مسلسل خاموشی انسانی ضمیر پر شرمناک کلنک کی حیثیت رکھتی ہے۔ یورپی یونین نے مئی میں اپنی سفارتی سروس کو غزہ کے حالات کے پیش نظر اس بات کا جائزہ لینے کی ہدایت کی تھی کہ کیا اسرائیل نسل کشی و دیگر انسانی حقوق کی خلاف ورزی کا مرتکب ہو رہا ہے۔ سفارتی سروس کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اسرائیل غزہ میں انسانی حقوق کی خلاف ورزی کر رہا ہے۔ گزشتہ روز یورپی یونین کے اجلاس میں اس رپورٹ پر غور کرتے ہوئے یہ تجویز زیر غور تھی کہ ان حالات میں اسرائیل کے ساتھ تعاون کا پچیس سال پرانا معاہدہ معطل کیا جائے تاکہ اسرائیلی حکومت پر جنگ بندی اور انسانی حقوق کی خلاف ورزی کرنے کے لیے دباؤ ڈالا جائے۔ البتہ مختلف ممالک کے درمیان اختلافات کی وجہ سے یورپی یونین کے اعلامیے میں جنگ بندی پر زور دینے کے علاوہ صرف یہ کہا گیا ہے کہ 'غزہ کا بلاکیڈ ختم کیا جائے، اسرائیلی یرغمالیوں کو رہا کیا جائے اور مغربی کنارے پر غیر قانونی یہودی آبادکاروں کے فلسطینیوں پر حملے بند کیے جائیں'۔ اسرائیل ایسے بیانات کی پرواہ نہیں کرتا کیوں کہ وہ جانتا ہے کہ برائے نام تنقید کرنے کے باوجود یورپی ممالک کبھی اس کے خلاف کوئی سفارتی، معاشی یا سیاسی اقدام نہیں لے سکتے۔ یورپ میں انسانی حقوق کے لیے کام کرنے والے متعدد افراد اسے یورپ کا دوہرا معیار قرار دیتے ہیں۔ یورپی یونین کے اجلاس میں سپین اور آئرلینڈ نے اسرائیل کے ساتھ معاہدہ منسوخ کرنے اور غزہ میں نسل کشی بند کرانے کے لیے سخت رویہ اختیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا تھا۔ لیکن اتحاد میں شامل جرمنی اور ہنگری اسرائیل کے خلاف کسی بھی عملی اقدام کے خلاف تھے۔ جرمنی نے واضح کر دیا تھا کہ وہ اسرائیل کی فوجی و سیاسی امداد جاری رکھے گا۔ تاہم نازیوں کے ہاتھوں یہودیوں کے قتل عام سے لگنے والے ماضی کے داغ کو دھونے کے لیے جرمن حکومت فلسطینیوں کی نسل کشی برداشت کرنے پر راضی ہے۔ حالانکہ اس غیر انسانی طرز عمل سے یہی اصول طے ہو گا کہ جرمنی اور دیگر یورپی ملکوں نے نہ کل انسانی حقوق کی پرواہ کی تھی اور نہ انہیں آج انسانوں کی ہلاکت اور ان کے ساتھ ہونے والی ناانصافی پر کوئی حقیقی تشویش ہے۔ البتہ خود کو انسانیت کا علمبردار ثابت کرنیکے لیے نرم الفاظ میں 'تشویش' کا اظہار کافی سمجھا جاتا ہے۔ اقوام متحدہ کے ادارے اور انسانی حقوق کے لیے کام کرنے والی تنظیمیں غزہ میں قحط، بھوک، بے چارگی، دواؤں کی قلت اور انسانی جان ارزاں ہونے پر مسلسل احتجاج کر رہی ہیں اور مطالبہ کرتی ہیں کہ اسرائیل پر دباؤ ڈالا جائے تاکہ یہ جنگ بند ہو اور غزہ کے باشندوں کو مناسب خوراک و علاج فراہم ہو سکے۔ اسرائیل نے عالمی اداروں پر جانبداری اور حماس کے سہولت کار ہونے کا الزام لگاتے ہوئے 2 مارچ سے غزہ کے لئے خوراک اور دواؤں کی سپلائی پر مکمل پابندی لگائی ہوئی ہے۔ یہ پابندی لگاتے ہوئے اسرائیلی حکومت نے دعویٰ کیا تھا کہ حماس کے جنگجو شہریوں کے لیے آنے والی امداد لوٹ کر لے جاتے ہیں۔ اس لیے اس پابندی سے حماس کا مقابلہ کیا جائے گا۔ لوگوں کی ضروریات کے لیے اٹھنے والی آوازوں کے جواب میں یہ کہا گیا کہ ابھی غزہ میں خوراک کا کافی اسٹاک موجود ہے۔ وہاں کسی نئی سپلائی کی ضرورت نہیں ہے۔ جبکہ اقوام متحدہ اور دیگر امدادی تنظیمیں ان دعووں کو مسترد کرتی رہی ہیں۔ ایک ماہ پہلے غزہ میں



خوراک فراہم کرنے کے جو مراکز قائم کیے ہیں وہاں پر امداد کے لیے آنے والے لوگوں پر اسرائیلی فائرنگ سے جمعرات تک سامنے آنے والے اعداد و شمار کے مطابق 549 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں۔ صرف گزشتہ چوبیس گھنٹے کے دوران غزہ میں مارے جانے والے فلسطینیوں کی تعداد ایک سو سے زائد ہے۔

ان میں زیادہ لوگ یا تو خوراک لینے والے مراکز پر اسرائیلی فائرنگ کا نشانہ بنے یا مغربی کنارے پر ناجائز طور سے آباد کیے جانے والے یہودیوں نے فلسطینی آبادیوں پر حملے کر کے انہیں شہید کیا۔ اسرائیل فوج ہمیشہ آبادکاروں کی حفاظت میں فلسطینیوں کو نشانہ بناتی ہے۔ اسرائیلی اخبار ہارٹز کی رپورٹ کے مطابق متعدد فوجیوں و افسروں نے بتایا ہے کہ انہیں غیر مسلح فلسطینیوں پر فائرنگ کی ہدایت ہے۔ اخبار نے ایک فوجی کے حوالے سے بتایا کہ ہجوم کو منتشر کرنے کے لیے آنسو گیس یا کوئی دوسرا طریقہ اختیار کرنے کی بجائے ان پر فائرنگ کی جاتی ہے، مارٹر، مشین گن یا گرینیڈ لانچر سے حملہ کیا جاتا ہے۔ انسانی حقوق کی تنظیمیں اس ہلاکت خیزی کو براہ راست امدادی تنظیم جی ایچ ایف کے طریقہ کا نتیجہ قرار دیتی ہیں۔ لندن میں انسانی حقوق کی وکیل کیٹ میکنوش نے الجزیرہ کو بتایا کہ یہ طریقہ جنگی جرم شمار ہو گا۔ اور اس تنظیم سے وابستہ لوگوں پر بھی ان جنگی جرائم میں ملوث ہونے کے الزام میں مقدمے چلائے جا سکتے ہیں۔

خوراک فراہم کرنے کے جو مراکز قائم کیے ہیں وہاں پر امداد کے لیے آنے والے لوگوں پر اسرائیلی فائرنگ سے جمعرات تک سامنے آنے والے اعداد و شمار کے مطابق 549 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں۔ صرف گزشتہ چوبیس گھنٹے کے دوران غزہ میں مارے جانے والے فلسطینیوں کی تعداد ایک سو سے زائد ہے۔

اس صورت حال پر پوپ لیو نے ایک تبصرے میں کہا ہے کہ 'مشرق وسطیٰ کے ممالک جنگ کی زد پر ہیں۔ خاص مفادات کے لیے نفرت عام ہو رہی ہے۔ ایک ایسی فضا پیدا ہو گئی ہے جس میں سانس لینا بھی دشوار ہو رہا ہے۔ علاقے کی صورت حال 'شیطانی شدت' اختیار کر چکی ہے۔ غزہ میں چار عرب ممالک غزہ کا انتظام سنبھالیں۔ اور حماس کی قیادت کو غزہ سے جلاوطن کر دیا جائے۔ اسی رپورٹ کے مطابق حماس نے اس تجویز کو مسترد کر دیا ہے۔ اس کے علاوہ اس تجویز میں ایک مشکل غزہ کے مستقبل میں فلسطین اتھارٹی کو اختیار دینے کا معاملہ بھی شامل ہے۔ عرب ممالک کہتے ہیں کہ جنگ بندی کے بعد فلسطین اتھارٹی کو غزہ میں پاؤں جمانے کا موقع دیا جائے جبکہ امریکی صدر نیتو اجلاس میں یورپی لیڈروں کی خوشامد اور تعریفیں سن کر خوش خوش واشنگٹن واپس گئے ہیں۔ تاہم غزہ میں جنگ بندی کے لیے کوئی سرگرمی دکھائی نہیں دیتی۔ اگرچہ ٹرمپ نے ایران میں جنگ بند ہونے کے بعد کہا تھا کہ غزہ میں جلد ہی جنگ بند ہو جائے گی۔ تاہم اس حوالے سے ابھی کوئی آثار دکھائی نہیں دیتے۔

انگریزی زبان کے ایک اسرائیلی اخبار 'ٹائمز آف اسرائیل' نے البتہ ایک مقامی میڈیا آؤٹ لیٹ 'اسرائیل ہیوم' کے حوالے سے خبر دی ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور وزیر اعظم نیتن یاہو غزہ میں جلد جنگ بند کرنے اور ابراہم اکارڈ کو توسیع دینے پر راضی ہوئے ہیں۔ ابراہم اکارڈ اس معاہدہ کا نام ہے جس کے تحت ٹرمپ نے سابقہ دور میں متعدد عرب ممالک کو اسرائیل کے ساتھ سفارتی تعلقات استوار کرنے پر آمادہ کیا تھا۔ اس رپورٹ کے مطابق طے کیا گیا ہے کہ جنگ دو ہفتے میں بند ہو جائے۔ مصر، متحدہ عرب امارات سمیت صورت حال المناک اور غیر انسانی ہے۔ افسوس کی بات ہے کہ بہت سے معاملات میں طاقت کا اصول کارفرما ہے۔ اور بین الاقوامی قانون اور انسانی حقوق کو نظر انداز کر کے جبر کا اصول مسلط کیا جا رہا ہے۔ اس کے باوجود دنیا خاموش ہے۔ یورپی یونین اب اسرائیل کے ساتھ تعاون کے معاملہ پر ایک ماہ بعد پھر سے غور کرے گی جبکہ امریکی صدر نیتو اجلاس میں یورپی لیڈروں کی خوشامد اور تعریفیں سن کر خوش خوش واشنگٹن واپس گئے ہیں۔ تاہم غزہ میں جنگ بندی کے لیے کوئی سرگرمی دکھائی نہیں دیتی۔ اگرچہ ٹرمپ نے ایران میں جنگ بند ہونے کے بعد کہا تھا کہ غزہ میں جلد ہی جنگ بند ہو جائے گی۔ تاہم اس حوالے سے ابھی کوئی آثار دکھائی نہیں دیتے۔

انگریزی زبان کے ایک اسرائیلی اخبار 'ٹائمز آف اسرائیل' نے البتہ ایک مقامی میڈیا آؤٹ لیٹ 'اسرائیل ہیوم' کے حوالے سے خبر دی ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور وزیر اعظم نیتن یاہو غزہ میں جلد جنگ بند کرنے اور ابراہم اکارڈ کو توسیع دینے پر راضی ہوئے ہیں۔ ابراہم اکارڈ اس معاہدہ کا نام ہے جس کے تحت ٹرمپ نے سابقہ دور میں متعدد عرب ممالک کو اسرائیل کے ساتھ سفارتی تعلقات استوار کرنے پر آمادہ کیا تھا۔ اس رپورٹ کے مطابق طے کیا گیا ہے کہ جنگ دو ہفتے میں بند نہیں ہیں۔ ان پیچیدہ اور مشک

انٹرنیشنل



غزہ۔ایک تباہ شدہ اقوام متحدہ ریلیف اینڈ ورکس ایجنسی (UNRWA) کی عمارت کا منظر

ناکہ بندی کے باوجود ایران کی ریکارڈ 70 بلین ڈالر تیل کی سالانہ سیل

بیجنگ (این این آئی) چین امریکی پابندیوں کے سخت ہونے کے باوجود بھاری مقدار میں ایرانی تیل خریدنا جاری رکھے ہوئے ہے۔ پوشیدہ سپلائی چین اور یوآن ادائیگی کے نظام کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ڈالر کے غلبہ کو نظرانداز کرتے ہوئے ایسا کیا جا رہا ہے۔ اگرچہ چینی کسٹمز نے جولائی 2022 کے بعد سے ایران سے تیل کی کوئی ترسیل ریکارڈ نہیں کی ہے لیکن بحری جہاز سے باخبر رہنے کے اعداد و شمار بہت مختلف کہانی کو ظاہر کر رہے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انرجی اینالٹکس فرم کیپلر کے اعداد و شمار بتاتے ہیں



ایرانی عدلیہ کے خبر رساں ادارے 'میزان' کی جاری کردہ تصویر میں امدادی کارکن تہران میں ایوین جیل کمپلیکس کے اندر ریسکیو کاموں میں مصروف ہیں

بھارت میں مسلم مخالف وقف ترمیمی قانون کے خلاف بڑا احتجاج

مودی سرکار مسلمانوں کو نمایاں طور پر پس پشت ڈالنے کی کوشش میں سرگرم ہے، شرکاء

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں مسلم مخالف وقف ترمیمی قانون کے خلاف بڑا احتجاج کیا گیا۔ بھارتی ٹی وی رپورٹ کے مطابق مودی سرکار مسلمانوں کو نمایاں طور پر پس پشت ڈالنے کی کوشش میں سرگرم ہے جس کے خلاف بھارتی شہر پٹنہ میں ہزاروں افراد نے سخت احتجاج کیا۔ مسلم تنظیم عمارت شریعہ کی قیادت میں مظاہرہ کیا گیا جس میں بیشتر بھارتی سیاستدان، ایم پی اور ایم ایل اے بھی احتجاج میں شامل ہوئے۔ بہار اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر تیجسوی یادیو اور ممبر لوک سبھا پپو یادیو نے حکومت کے خلاف زبردست احتجاج کی قیادت کی، عوام اور اپوزیشن جماعتوں نے مودی سرکار کے غیر جمہوری اور متعصبانہ اقدامات کی شدید مذمت کی۔ تیجسوی یادیو کا کہنا تھا کہ اپوزیشن نے وقف ترمیمی بل کی دونوں ایوانوں میں بھرپور مخالفت کی، جو لوگ اب اقتدار میں ہیں وہ جلد ہی ختم ہو جائیں گے، ایوان ہو عدالت ہو یا سڑک، وقف قانون کے خلاف ہر محاذ پر جنگ جاری رہے گی۔ پپو یادیو نے کہا کہ بی جے پی 4.7 کروڑ غریب اور اقلیتوں کے ووٹ چھین کر بہار الیکشن میں کامیابی حاصل کرنا چاہتی ہے۔ مولانا فیصل رحمانی نے کہا کہ یہ ترامیم ہماری عبادت گاہوں اور ورثہ کو چھیننے کی سازش ہے، وقف ایکٹ میں ترامیم کا مقصد لاکھوں مسلمانوں اور نچلی ذات کے ہندوں کو انتخابی عمل سے محروم کرنا ہے۔ ہندوتوا نظریے پر قائم مودی سرکار متعدد بار مسلم مخالف رویے کا مظاہرہ کر چکی ہے، این آر سی، تین طلاق اور اب وقف ترمیمی قانون، بی جے پی کی جانب سے مسلمانوں کے خلاف مسلسل حکومتی حملے ہیں۔ شریعت پر حملہ صرف مسلمانوں پر نہیں بلکہ بھارت میں تمام پسماندہ طبقات اور اقلیتوں پر حملہ ہے، بی جے پی حکومت نہ تو جمہوریت کی حامی ہے اور نہ ہی عوام کی، بلکہ کھلم کھلا مسلم دشمنی پر قائم شدہ جماعت ہے، بی جے پی کے یہ اقدامات ہندوتوا نظریے کی عکاس اور ملک میں فرقہ وارانہ فضا کو ہوا دے رہے ہیں

فلسطین میں موت کا رقص جاری، پاکستانی سفیر نے اقوام متحدہ میں حقائق بے نقاب کر دیے

سلامتی کونسل محض تماشائی نہ بنے۔ اصل مسئلے یعنی غیر قانونی اسرائیلی قبضے کا خاتمہ ناگزیر ہے، سفیر عاصم افتخار

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کی رپورٹ جو سلامتی کونسل کی قرارداد 2334 (قابض فلسطینی علاقوں میں اسرائیلی غیر قانونی بستیوں) پر عملدرآمد سے متعلق ہے، غزہ میں تکلیف اور سفاکی کی سطح کو حیران کن اور ناقابل برداشت قرار دیتی ہے۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے مشرق وسطیٰ بشمول مسئلہ فلسطین پر بریفنگ کے دوران بیان دیتے ہوئے اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب، سفیر عاصم افتخار احمد نے سیکرٹری جنرل کے ان الفاظ کا حوالہ دیا، جنہوں نے رپورٹ میں کہا کہ خاندانوں کو بار بار نقل مکانی پر مجبور کیا گیا ہے اور وہ اب غزہ کی زمین کے پانچویں حصے سے بھی کم جگہ پر محصور ہیں، اور یہ سمٹتی ہوئی جگہیں بھی خطرے سے دوچار ہیں۔ سفیر عاصم نے کہا کہ بچے غذائی قلت کے باعث جان سے ہاتھ دھو رہے ہیں، حالانکہ یونیسیف بارہا خبردار کر چکا ہے کہ غذائی قلت انتہائی تشویشناک حد تک بڑھ رہی ہے۔ صرف مئی کے مہینے میں چھ ماہ سے پانچ سال کی عمر کے 5,100 سے زائد بچوں کو شدید غذائی قلت کے علاج کے لیے داخل کیا گیا۔ مارچ میں عارضی جنگ بندی کے خاتمے کے بعد سے اب تک 6,500 سے زائد مزید جانیں ضائع ہو چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیکرٹری جنرل کی رپورٹ میں اسرائیل کے جنگی طریقوں اور ہتھکنڈوں پر بھی سنگین تحفظات کا اظہار کیا گیا ہے اور مظالم اور بین الاقوامی قوانین کی دیگر خلاف ورزیوں پر فوری احتساب پر زور دیا گیا ہے۔ پاکستانی سفیر نے کہا کہ نام نہاد انسانی امداد کی تقسیم نظام نہ صرف بین الاقوامی انسانی قانون اور انسانی وقار کے منافی ہے بلکہ یہ بھوکے شہریوں کو براہ راست خطرے میں ڈال دیتا ہے، کیونکہ انہیں کھانے اور پانی کی تلاش میں فعال جنگی علاقوں سے گزرنا پڑتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس کا نتیجہ خوفناک ہے کہ 500 سے زائد افراد کو صرف انسانی امداد حاصل کرنے کی کوشش میں قتل کر دیا گیا۔ یہ واقعی ایک موت کا جال ہے، جیسا کہ سیکرٹری جنرل نے درست طور پر کہا۔ انہوں نے کہا کہ تشدد صرف غزہ تک محدود نہیں ہے۔ اسرائیل نے مغربی کنارے بشمول مشرقی یروشلم میں فوجی چھاپوں میں شدت، غیر قانونی بستیوں کی توسیع اور آبادکاروں کے بے لگام تشدد کو فروغ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ادوجا کے مطابق 7 اکتوبر 2023 سے 19 جون 2025 تک مغربی کنارے میں 949 فلسطینی جن میں کم از کم 200 بچے شامل ہیں، شہید کیے جا چکے ہیں اور 40,000 سے زائد افراد کو زبردستی بے دخل کیا گیا، جو 1967 کے بعد سب سے بڑی جبری بے دخلی ہے۔ سفیر عاصم نے خبردار کیا کہ اگر سلامتی کونسل اپنی ہی قراردادوں پر عملدرآمد یقینی نہ بنائے تو اس کے سنگین نتائج عالمی امن و سلامتی کے لیے پیدا ہوں گے اور خود سلامتی کونسل کی ساکھ اور اختیار کو زک پہنچے گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ سال اقوام متحدہ کے چارٹر کا 80 واں سال ہے، جو انصاف، امن اور تمام اقوام کی خودمختاری کے اصولوں پر مبنی ہے۔ مگر غزہ اور مقبوضہ فلسطینی علاقوں میں اس چارٹر کے بنیادی اصولوں کو مکمل بے خوفی کے ساتھ مسلسل پامال کیا جا رہا ہے، انہوں نے کہا کہ سلامتی کونسل محض تماشائی نہ بنے۔ اصل مسئلے یعنی غیر قانونی اسرائیلی قبضے کا خاتمہ ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ الزام تراشی سے گریز کیا جائے۔ اب وقت ہے کہ مشترکہ عالمی عزم کے تحت مشرق وسطیٰ میں منصفانہ اور پائیدار امن کے لیے سنجیدہ اور ٹھوس اقدامات کیے جائیں۔ سفیر عاصم افتخار نے کہا کہ مسئلہ فلسطین عرب اسرائیل تنازع کا مرکزی نکتہ ہے۔

مودی راج میں بھارت سرمایہ داروں کیلیے غیر محفوظ قرار

ہیلے پرائیویٹ ویلتھ مائیگریشن رپورٹ نے بھارتی معاشی صورتحال کا پردہ فاش کر دیا

نئی دہلی (این این آئی) مودی کا معاشی ماڈل نعروں تک محدود ہے لیکن درحقیقت بھارت کے سرمایہ دار طبقے کا مستقبل بھارت میں غیر محفوظ ہے۔ سال 2025 کی ہیلے پرائیویٹ ویلتھ مائیگریشن رپورٹ نے بھارت کی معاشی صورتحال کا پردہ فاش کر دیا۔ ہیلے پرائیویٹ ویلتھ مائیگریشن رپورٹ کے مطابق 2025 میں بھارت سے تقریباً ساڑھے 3 ہزار ہائی نیٹ ورتھ افراد کا ملک چھوڑ کر جانے کا ارادہ ہے، بھارت میں بڑے پیمانے پر برین ڈرین مودی سرکار کی ناکام اقتصادی پالیسیوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا کہ بھارت میں برین ڈرین مالی نقصان کے ساتھ ساتھ بھارت کی انٹرپرینیور صلاحیتوں اور قیادت کی ایک بڑی کمی کا آغاز بھی ہے، مودی کے زیر قیادت بھارت کا ہنر مند طبقہ روز بہ روز کمزور ہوتا جا رہا ہے۔ مودی سرکار کی ہندوتوا پالیسی کو ترجیح ملک کی ترقی کو قربان کر رہی ہے، نتیجتاً سرمایہ دار طبقہ بھارت سے بھاگ رہا ہے۔ ہیلے پرائیویٹ ویلتھ مائیگریشن رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ بھارت میں سیاسی عدم استحکام، سماجی انتشار اور پالیسیوں پر عوام کا اعتماد ختم ہوتا جا رہا ہے۔ بھارتی اشرافیہ 26 ارب ڈالرز کی دولت کے ساتھ بیرون ملک منتقل ہونے کی تیاری میں مصروف ہے۔ رپورٹ کے مطابق بھارتی اشرافیہ برطانیہ، امریکا اور امارات جیسے ممالک کا رخ کر رہے ہیں، بھارت کی اقتصادی ترقی کے باوجود اشرافیہ کا ملک چھوڑنا معاشی پالیسیوں پر عدم اعتماد کو ظاہر کرتا ہے۔ واضح رہے کہ مودی کے زیر قیادت حالیہ برسوں میں کارپوریٹ ٹیکس، ریگولیٹری دباؤ اور سیاسی عدم استحکام نے سرمایہ دار طبقے میں بے چینی کو جنم دیا۔ بھارت کی چمکتی معیشت صرف میڈیا کی زینت ہے لیکن زمینی حقائق اس کے برعکس ہیں۔ دوسری جانب، پاکستان معاشی مشکلات کے باوجود سرمایہ کاروں کا اعتماد برقرار رکھنے میں کامیاب ہے۔ مودی کے بلند و بانگ ترقی کے دعوے جھوٹ ثابت، ملک کے ارب پتی افراد مستقبل کے لیے مغرب کا رخ کرتے نظر آئے۔



غزہ۔اسرائیلی جنگی طیاروں کی جانب سے غزہ شہر کے مشرق میں الشجاعیہ محلے کے اسٹالز مارکیٹ کے پیچھے دو فضائی حملے کیے جانے کے بعد دھواں اٹھ رہا ہے

جی 7 وزرائے خارجہ کا اسرائیل، ایران جنگ بندی کی حمایت کا اعادہ

نیویارک (این این آئی) جی 7 وزرائے خارجہ نے ایران کے جوہری پروگرام پر جامع، قابل تصدیق اور دیرپا معاہدے کے لیے مذاکرات کی بحالی پر زور دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جی 7 وزرائے خارجہ نے ایران اور مشرق وسطیٰ سے متعلق مشترکہ بیان میں کہا کہ ایران کو ایٹمی ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ بیان میں ایران سے افزودگی کی غیر ضروری سرگرمیاں دوبارہ نہ شروع کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ بیان میں ایران میں آئی اے ای اے چیف کے خلاف گرفتاری اور پھانسی کے مطالبات کی مذمت کی گئی ہے اور اسرائیل ایران جنگ بندی کی حمایت کا اعادہ کیا گیا۔



میکسیکو سٹی، میکسیکو میں کیمپو مارٹے میں نیشنل گارڈ کے 6 ویں سال کی یادگاری تقریب کے دوران پوز دیتی ہیں





میچ کے دوران پی ایس جی کے سٹار عثمان ڈیمبلے نظر آ رہے ہیں

پیٹ کمنز کی بیگی گرین کیپ ویسٹ انڈیز میں گم ہوگئی

کراچی (این این آئی) آسٹریلوی کپتان پیٹ کمنز کی بیگی گرین کیپ ویسٹ انڈیز میں گم ہوگئی، وہ برج ٹاؤن میں سیریز کے پہلے ٹیسٹ سے 24 گھنٹے قبل کیپ کھو بیٹھے۔ سیریز سے قبل کیریبین ہم منصب روسٹن چیس کے ہمراہ ٹرافی فوٹوشوٹ کے موقع پر انہوں نے نئی بیگی گرین پہن رکھی تھی، میچ شروع ہوا تو ان کے سر پر 2011 میں ملنے والی پرانی کیپ موجود تھی۔ کمنز نے بعد میں انکشاف کیا کہ انہوں نے جو کیپ ایک دن قبل پہن رکھی تھی وہ گم ہوگئی اور آخری اطلاعات تک انھیں کیپ واپس نہیں ملی تھی۔ اس سے قبل گذشتہ برس نیو ایئر ٹیسٹ سے قبل سابق آسٹریلوی اوپنر ڈیوڈ وارنر کی بھی کیپ گم ہوگئی تھی، جس پر ملک بھر میں تلاش شروع کی گئی تھی



چیس فیلڈ میں تیسری اننگز کے دوران دوسرے اڈے پر ایریزونا ڈائمنڈ بیکس کے جوز ہیریرا نمبر 11 کو زبردستی باہر کرنے کے بعد سان فرانسسکو جائنٹس کے ولی ایڈمز 2# پہلے اڈے پر پھینک رہے ہیں

نیرج چوپڑا جیولین تھرو کرنے کیلئے کس ایشیائی کرکٹر کی 'سپر پاور' حاصل کرنا چاہتے ہیں؟

جیولین کو بھرپور طریقے سے تھرو کرنے کیلئے ایک لیجنڈ ایشیائی کرکٹر کی 'سپر پاور' حاصل کرنے کے خواہشمند

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی جیولین تھرور نیرج چوپڑا جیولین کو بھرپور طریقے سے تھرو کرنے کیلئے ایک لیجنڈ ایشیائی کرکٹر کی 'سپر پاور' حاصل کرنے کے خواہشمند ہیں۔ میڈیا کو دیے گئے ایک انٹرویو 27 سالہ اولمپک میڈلسٹ نیرج چوپڑا نے کہا کہ وہ کرکٹ لیجنڈ سچن ٹنڈولکر کی ''سپر پاور'' حاصل کرنا چاہیں گے تاکہ انھیں پرسکون ذہنیت کے ساتھ چیلنجوں سے نمٹنے میں مدد ملے۔ نیرج سے پوچھا گیا تھا کہ وہ اپنی جیولین پھینکنے کے لیے کس کرکٹر کی سپر پاور چاہتے ہیں تو جواب میں انھوں نے کہا، ''سچن ٹنڈولکر، کیوں کہ انھوں نے اتنے سالوں تک ہمارے ملک کی اتنی اچھی نمائندگی کی اور ہمارے لیے بہت سارے ریکارڈ بنائے ہیں۔ جیولن تھروور نے کہا کہ جس طرح سچن ٹنڈولکر نے بہت سے عظیم باؤلرز کے چیلنجوں کا سامنا کیا اور پھر بھی غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کیا وہ متاثر کن ہے۔ نیرج چوپڑا کا مزید کہنا تھا کہ میں جسپریت بمراہ کے ساتھ بھی جیولین آزمانا چاہوں گا اور امید کرتا ہوں کہ وہ مجھے بولنگ کی کچھ مہارتیں سکھائیں گے۔ جب کہ بولنگ اور جیولین دونوں تھرو ہیں۔ اولمپک میڈلسٹ کا کہنا تھا کہ وہ جیولن میں آہستہ آہستہ بہاؤ کے تصور کو سمجھ رہے ہیں کیوں کہ ان کے کوچ جان زیلینزنی نے انھیں اپنی جیولین تھرو کرنے سے پہلے 18 سالہ نوجوان کی طرح ''بغیر کسی تناؤ کے ''بھاگنے کا مشورہ دیا ہے۔

میجر لیگ کرکٹ، ٹیکساس سپر کنگز کا 21 واں میچ' ایم آئی نیویارک کو 39 رنز سے ہرا دیا

مایہ ناز بلے باز فاف ڈوپلیسس دھواں دار نا قابل شکست سنچری سکور کرنے پر پلیئر آف دی میچ قرار پائے

ڈلاس (این این آئی) ٹیکساس سپر کنگز نے میجر لیگ کرکٹ کے 21 ویں میچ میں ایم آئی نیویارک کو 39 رنز سے ہرا دیا۔ ٹیکساس سپر کنگز کی یہ میجر لیگ کرکٹ میں پانچویں فتح ہے۔ ٹیکساس سپر کنگز کی جانب سے 224 رنز کے ہدف کے تعاقب میں ایم آئی نیویارک کی ٹیم مقررہ 20 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 148 رنز بنا سکی۔ ٹیکساس سپر کنگز کے کپتان اور مایہ ناز بلے باز فاف ڈوپلیسس دھواں دار ناقابل شکست سنچری سکور کرنے پر پلیئر آف دی میچ قرار پائے۔ پیئر گوگرینڈ پریری سٹیڈیم، ڈلاس میں کھیلے گئے میجر لیگ کرکٹ کے 21 ویں میچ میں ایم آئی نیویارک کے کپتان نکولاس پوران نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔ ٹیکساس سپر کنگز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 223 رنز بنائے، کپتان فاف ڈوپلیسس نے 53 گیندوں کا سامنا کرتے ہوئے 9 فلک شگاف چھکوں اور 5 چوکوں کی مدد سے ناقابل شکست 103 رنز کی دلکش اننگز کھیلی، ڈونووان فریرا 53 رنز کے ساتھ دوسرے نمایاں بلے باز رہے۔ جارج لنڈے اور رشیل اوگرکرنے دو، دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں ایم آئی نیویارک کی ٹیم مطلوبہ ہدف حاصل کرنے میں ناکام رہی اور مقررہ 20 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 184 رنز بنا سکی۔ کیرون پولارڈ 70 اور کوئنٹن ڈی کاک 35 رنز بنا سکے۔ ٹیکساس سپر کنگز کے عقیل حسین نے عمدہ باؤلنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 3 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی اور ناندرے برگر اور مارکس سٹوئنس نے دو، دو کھلاڑیوں کو ہوم دار ناقابل شکست سنچری سکور کرنے پر پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔

نیتھن لیون نے آسٹریلوی ٹیم کے سانگ ماسٹر سے انوکھی ریٹائرمنٹ لے لی

وکٹری سونگ کو لیڈ کرتے تھے، انہوں نے آسٹریلیا کی ٹیسٹ کرکٹ ٹیم میں جشن کی قیادت کی ذمے داری چھوڑ دی

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا کے اسپنر نیتھن لیون نے انوکھی ریٹائرمنٹ لے لی، انہوں آسٹریلوی ٹیم کے سانگ ماسٹر سے ریٹائرمنٹ لے کر جانشین کی بھی نشاندہی کر دی۔ نیتھن لیون آسٹریلیا کے وکٹری سونگ کو لیڈ کرتے تھے، انہوں نے آسٹریلیا کی ٹیسٹ کرکٹ ٹیم میں جشن کی قیادت کی ذمے داری چھوڑ دی۔ نیتھن لیون کا ٹیسٹ کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا کوئی ارادہ نہیں ہے، انہوں نے جشن منانے کی قیادت ایلکس کیری کو سونپ دی۔ میچ جیتنے کے بعد آسٹریلوی ٹیم باقاعدہ ایک جشن کرتی ہے جس کی قیادت نیتھن لیون کر رہے تھے۔ اس حوالے سے نیتھن لیون کا کہنا ہے کہ ٹیم کا گانا اور جشن لیڈ کرنا میرے لیے اعزاز کی بات رہی ہے، جشن کی ذمے داری سے سبکدوش ہونے کا مطلب یہ نہیں کہ میں کرکٹ سے ریٹائر ہو رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میرے خیال میں ایلکس کیری ایک بہترین امیدوار ہیں، ارادہ تھا کہ اگر آسٹریلیا ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ جیتتا تو یہ ذمے داری کسی اور کو دیتا مگر اب ویسٹ انڈیز سیریز میں یہ فیصلہ کیا۔

سیکرٹری سپورٹس یوتھ اینڈ کلچر سے آزاد جموں و کشمیر کے کوہ پیماء راجہ ولید نثار کی ملاقات

ولید نثار آزاد کشمیر کے ہیرو ہیں اور ان کی اس شعبہ میں خدمات قابل فخر ہیں

مظفر آباد (این این آئی) سیکرٹری سپورٹس یوتھ اینڈ کلچر تہذیب النساء سے آزاد جموں و کشمیر کی تاریخ کے پہلے کوہ پیماء راجہ ولید نثار نے ان کے آفس چیمبر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ملک شوکت حیات خان، ڈائریکٹر محمد نعمت اللہ خان، ڈپٹی ڈائریکٹر سپورٹس افتخار صادق، اسسٹنٹ ڈائریکٹر مظفر آباد سہراب اسلم بھی موجود تھے۔ سیکرٹری سپورٹس یوتھ اینڈ کلچر کو ولید نثار نے ملاقات کے دوران بتایا کہ وہ اس دفعہ بھی جی 2_ (8035) میٹر بلند چوٹی قراقرم رینج جون تا اگست 2025 کو سر کرنے کا ارادہ ہے چونکہ اس پروفیشن پر خطیر رقم کی ضرورت ہوتی ہے. اس حوالے سے سپانسر شپ کے لئے کوشاں ہوں اور وہ امید کرتے ہیں کہ محکمہ سپورٹس یوتھ اینڈ کلچر ان کی ضروری مالی معاونت کرے گا۔ اس سے قبل ولید نثار نے 2021 میں رش پیک سر کی جس کی بلندی 5098 میٹر تھی۔ 2022 میں شگر ویلی میں خسر گنگ چوٹی سر کی جس کی بلندی 6028 میٹر تھی۔ 2024 سے اسپانگ چوٹی سر کی جس کی بلندی 7027 میٹر تھی۔ ولید نثار 7027 میٹر چوٹی سر کرنے والے آزاد کشمیر کے پہلے نوجوان ہیں۔ اس موقع پر سیکرٹری سپورٹس یوتھ اینڈ کلچر نے کہا کہ ولید نثار آزاد کشمیر کے ہیرو ہیں اور ان کی اس شعبہ میں خدمات قابل فخر ہیں. اور آپ کو اس کوہ پیمائی کے شعبے میں مزید آگے بڑنے کے لیے حکومت آزاد کشمیر کشمیر بھرپور مدد کرے گی۔ ملاقات کے اختتام پر سیکرٹری سپورٹس یوتھ اینڈ کلچر نے ولید نثار کو پرائیڈ آف کشمیر کے سرٹیفکیٹ سے نوازا۔ ولید نثار آزاد کشمیر کے ہیرو ہیں اور ان کی اس شعبہ میں خدمات قابل فخر ہیں

سری لنکا اور بنگلہ دیش کے درمیان تین میچوں کی سیریز کا پہلا ون ڈے کرکٹ میچ آج ہوگا

کولمبو (این این آئی) سری لنکا اور بنگلہ دیش کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں پر مشتمل سیریز کا پہلا میچ آج (بدھ کو) آر پریما داسا سٹیڈیم، کولمبو میں کھیلا جائے گا۔ اس سے قبل دونوں ٹیموں کے درمیان کھیلی گئی دو میچوں کی ٹیسٹ سیریز 0-1 سے سری لنکن ٹیم نے جیت لی تھی۔ سری لنکا اور بنگلہ دیش کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا پہلا ٹیسٹ میچ ہار جیت کے فیصلے کے بغیر ختم ہو گیا تھا جبکہ دوسرے اور آخری ٹیسٹ میچ میں میزبان آئی لینڈرز نے بنگلہ دیشی ٹیم کو ایک اننگز اور 78 رنز سے شکست دے کر دو میچوں کی سیریز 0-1 سے جیت لی تھی۔



فیفا کلب ورلڈ کپ 2025 کے دوران انٹر میامی کے لیونل میسی اور پیرس سینٹ جرمین کے وارن زائر ایمری گیند کے لیے لڑ رہے ہیں



انگلینڈ میں پہلی سنٹرل کاؤنٹی گراؤنڈ میں سسیکس اور وارو کشائر کے درمیان روتھیسے کاؤنٹی چیمپئن شپ کے دوران اپنی سنچری تک پہنچنے کے بعد ہجوم کو تسلیم کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

سیوریج مسائل کے دیرپا حل کے لیے ڈپٹی کمشنر ساہیوال کی سربراہی میں جامع پلان تیار کرنے کی ہدایت جاری

اجلاس میں ڈپٹی کمشنر شاہد محمود، ایڈیشنل کمشنر کارپوریشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر، چیف آفیسر کارپوریشن شیخ اشفاق احمد سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی



ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپراسے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل نے مون سون سیزن کے پیش نظر شہری سہولیات کی فراہمی کو مزید بہتر بنانے اور سیوریج مسائل کے دیرپا حل کے لیے ڈپٹی کمشنر ساہیوال کی سربراہی میں جامع پلان تیار کرنے کی ہدایت جاری کر دی ہے۔ وہ اپنے دفتر میں پمپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر شاہد محمود، ایڈیشنل کمشنر کو آرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر، چیف آفیسر کارپوریشن شیخ اشفاق احمد سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا کہ مون سون بارشوں کے دوران اربن فلڈنگ سے بچاؤ کے لیے مشینری اور عملے کو ہائی الرٹ رکھا جائے اور نشیبی علاقوں میں فوری نکاسی آب یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ محرم الحرام کے جلوسوں کے روٹس کو فوری طور پر کلیئر کیا جائے تاکہ عزاداروں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ ہو۔ کمشنر نے صدر بازار، پاکپتن بازار اور دیپالپور بازار میں جاری ترقیاتی کاموں کو جلد مکمل کرنے کی بھی ہدایت دی تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ شہریوں کی فلاح و بہبود کے لیے ضلعی انتظامیہ کی کاوشیں قابل تحسین ہیں، جن سے ساہیوال شہر کو صاف ستھرا اور خوبصورت بنانے میں مدد ملے گی۔

یوم عاشور کے مقررہ روٹس کا معائنہ کرنے کیلئے نواز لیگ کے سینئر رہنما چوہدری شہباز چھینہ اور ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ کا دورہ

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی امام بارگاہ کلاں شیخوپورہ میں مجالس عزا کے انتظامات کا جائزہ لینے اور یوم عاشور کے مقررہ روٹس کا معائنہ کرنے نیلے نواز لیگ کے سینئر رہنما چوہدری شہباز چھینہ نے ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ملک نعمان علی ڈوگر اور اسسٹنٹ کمشنر سید الاسلام شمک کے ہمراہ دورہ کیا جہاں انہوں نے انجمن جعفریہ کے صدر سید رضا حسین بابر رضوی و دیگر عہدیداروں سے ملاقات کی اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چوہدری شہباز چھینہ نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے محرم الحرام کے دوران سکیورٹی کے جو شاندار ریویو انتظامات کئے ہیں ماضی میں ان کی مثال نہیں ملتی پہلی مرتبہ تمام جلوسوں کو براہ راست آن لائن مانیٹر کرنے کے ساتھ موبائل کلینکل و پولیس اور ریسکیو سروسز کی گاڑیاں موجود ہوں گی امن وامان کی فضا برقرار رکھنے کیلئے تمام مکاتب فکر کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کا مہینہ ہمیں نواسہ رسولؐ اور ان کے جانثار ساتھیوں کی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے کیونکہ آپ نے خالصتاً اللہ تعالیٰ کی خوشنودی، دین اسلام کی سربلندی اور باطل قوتوں کے منہ توڑ کے حربوں کو ٹھکراتے ہوئے دین اسلام کی سربلندی کیلئے شہادت کا رتبہ قبول کیا اسی لئے کربلا کا واقعہ تمام مسلمانوں کیلئے مشعل راہ کی حیثیت رکھتا ہے جو اس بات کا درس دیتا ہے

ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو کا رات گئے امام بارگاہ قصر بتول کا دورہ

ڈپٹی کمشنر نے امام بارگاہ میں تعینات عملے کی حاضری، انتظامات سمیت منتظمین سے ملاقات بھی کی



نکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو کا رات گئے امام بارگاہ قصر بتول کا دورہ۔ ڈی ایس پی سٹی، امن کمیٹی کے ممبران بھی ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے امام بارگاہ میں تعینات عملے کی حاضری، انتظامات سمیت انتظامیہ سے ملاقات بھی کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عشرہ محرم الحرام کے دوران امن وامان ہر قیمت پر یقینی بنایا جائے گا، محرم ہمیں اخوت، رواداری اور احترام کا پیغام دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجالس وجلوس کی فول پروف سکیورٹی، عزاداروں کا تحفظ اور سہولیات فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، اس معاملے میں کسی بھی قسم کی کوتاہی یا خلا ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات اور ڈی پی او نکانہ صاحب عرفان نواز میکن کی ذاتی نگرانی میں ضلع بھر میں سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں، 1122 سمیت ایمرجنسی سروسز کی گاڑیاں موجود ہیں، ڈی ایس پی سٹی، ایس ایچ او تھانہ سٹی اور ایس ایچ او تھانہ صدر کی ڈیوٹیاں امام بارگاہ میں لگائی گئی ہیں، ڈی پی او نکانہ صاحب عرفان نواز میکن کی ہدایات پر ایس ایچ او تھانہ سٹی نے امام بارگاہ کا دورہ کیا اور انتظامات کا جائزہ لیا، ڈی پی او نکانہ صاحب عرفان نواز میکن کی ہدایات پر ایس ایچ او تھانہ سٹی نے امام بارگاہ کا دورہ کیا اور انتظامات کا جائزہ لیا، ڈی پی او نکانہ صاحب عرفان نواز میکن کی ہدایات پر ایس ایچ او تھانہ سٹی نے امام بارگاہ کا دورہ کیا اور انتظامات کا جائزہ لیا

حسن سرفراز بھلی کی پنجاب بار کونسل الیکشن جیت یقینی ہے

گوجرانولہ بار ہے وکلاء گروپس کیجانب نے حمایت کی یقینی دہانی کرادی



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) امیدوار برائے پنجاب بار کونسل سیالکوٹ سیٹ چوہدری حسن سرفراز بھلی کی سنیئر وکیل رہنماء چوہدری بشیر کماٹوالہ، چوہدری فرخ محمود سلہریا ایڈووکیٹ سابقہ چیئرمین ایجوکیشن پنجاب بار کونسل کے ہمراہ گوجرانولہ بار ایسوسی ایشن میں الیکشن مہم چلائی۔ اس دوران ایس ایڈووکیٹ اے ایسوسی ایٹس بھی انکے ہمراہ تھے۔ گوجرانولہ بار ایسوسی ایشن کے معزز وکلاء گروپس و ڈورٹو ڈور معزز وکلاء گوجرانولہ بار کیساتھ ملاقاتیں ہوئیں۔ معزز وکلاء گوجرانولہ بار نے امیدوار برائے پنجاب بار کونسل سیالکوٹ سیٹ چوہدری حسن سرفراز بھلی کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے انکی حمایت کا عندیہ دیا۔ معزز وکلاء گروپس کا کہنا تھا کہ پنجاب بار کونسل میں نمائندگی دلیر و مدبر قیادت کے ہاتھ ہونے سے معزز وکلاء اور بار ایسوسی ایشنز کی فلاح و بہبود یقینی ہے۔

معروف روحانی پیشواء حضرت پیر میاں فضل احمد نقشبندی اویسی آستانہ عالیہ اویسیہ نقشبندیہ کا عرس مبارک

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) معروف روحانی پیشواء حضرت پیر میاں فضل احمد نقشبندی اویسی آستانہ عالیہ اویسیہ نقشبندیہ کا عرس مبارک بمقام اویسیہ پارک بل موڑ جوئیانوالہ موڑ شیخوپورہ میں منعقد ہوا جس کی صدارت پیر سن گو ہر اویسی نقشبندی اور ابو ذر حسنین سجادہ نشین نے کی عرس مبارک میں افضال حسین شاہ زنجانی خصوصی شرکت کی جبکہ عرس کے انتظامات کی سرپرستی سجادہ نشین آستانہ عالیہ اویسیہ نقشبندیہ ڈاکٹر پیر میاں منظور احمد اویسی نقشبندی اور نگران قاری شفیق احمد اویسی نقشبندی اور مولانا عبدالشکور اویسی نقشبندی نے کی اس موقع پر علامہ محمد شاہد جمیل اویسی، پیر سید صغیر الحسن شاہ شیرازی، پیر شفیق الرحمن چشتی، پیر مولانا خلیل احمد نقشبندی، پیر افتخار احمد اویسی، حافظ قمر تنویر اویسی، قاری کرامت علی، فیضان منظور اویسی، محمد اویس حیدر اویسی، صاحبزادہ اویس منظور اویسی، حاجی طاہر جاوید نقشبندی، رانا وزیر علی ایڈووکیٹ، فرحان رشید بھٹی عرف کاشی، بابا ہدایت علی اویسی، بابا علی اکبر اویسی و دیگر علماء کرام اور دینی مذہبی شخصیات سمیت زائرین ومریدین کی بڑی تعداد موجود تھی، تقریبات کے دوران دربار شریف کی چادر پوشی اور خصوصی دعا کی گئی، شرکاء عرس سے خطاب کرتے ہوئے سجادہ نشین ڈاکٹر میاں منظور احمد اویسی نقشبندی نے کہا کہ پیر میاں فضل احمد نقشبندی ولی اللہ اور صاحب ادراک شخصیت تھے انہوں نے امت مسلمہ کی رہنمائی اور دین اسلام کی ترویج واشاعت کیلئے انتھک خدمات سرانجام دیں، آج کے پرفتن دور میں ان کی تعلیمات ہمارے لئے مشعل راہ ہیں جن پر عمل پیرا ہو کر ہم دنیاوی و اخروی کامیابیاں اور بھلائیاں حاصل کرسکتے ہیں ان کے عرس کے مبارک موقع پر ہمیں خود سے عہد کرنا ہوگا کہ آئندہ کی ساری زندگی اسلامی تعلیمات کے تحت گزاریں گے اور اپنا سراپا حقیقی مسلمان کے طور پر استوار کریں گے ان شاء اللہ ہمارا یہ عمل اللہ تعالیٰ کی رضا و نبی کریم ﷺ کی خوشنودی کا ذریعہ ثابت ہوگا، انہوں نے کہا کہ محرم الحرام میں ہمیں نواسہ رسول حضرت امام حسین علیہ السلام اور دیگر نفوس قدسیہ کی قربانیوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے خود کو اسلام کی سربلندی کی خاطر بھرپور کردار ادا کرنے کا مصمم عزم کرنا ہوگا تاکہ دین مبین کی اشاعت وترویج کی ذمہ داری انجام دی جاسکے۔

جہلم بچوں کے لیے عمر کے مطابق ب فارم کے نئے قواعد جاری کر دیے گئے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم بچوں کے لیے عمر کے مطابق ب فارم کے نئے قواعد جاری کر دیے گئے جن کے مطابق تصویر اور بائیومیٹرک کو ضروری قرار دیا گیا ہے۔ یونین کونسل کا برتھ سرٹیفکیٹ حاصل کیے بغیر سی، آر سی نہیں بن سکتا۔ اس مقصد کے کیے لیے نادرا آنے سے پہلے یونین کونسل تشریف لے جانا ہوگی۔ نئے قواعد کے مطابق ب فارم بنوانے کے لئے بائیومیٹرک کی شرائط کے تحت 1 تا 3 سال کی عمر کے بچوں کے لیے تصویر یا بائیومیٹرک کی ضرورت نہیں۔ 3 سال سے کم عمر کے بچوں کے ب فارم کا وہی طریقہ کار ہوگا جو پہلے تھا لیکن جیسے ہی عمر 3 سال سے تجاوز کرے گی تو بے فارم کی میعاد ختم ہو جائے گی اور اس عمر میں جو تصویر لی جائے گی وہ 10 سال کی عمر تک کارآمد ہوگی 3 تا 10 سال کے بچوں کے لیے تصویر لازمی قرار اور جہاں ممکن ہو آئرس اسکین 10 کو یقینی بنایا جائے گا۔ تاہم 10 تا 18 سال تک کے بچوں کے لیے تصویر اور بائیومیٹرک دونوں لازمی قرار دیئے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ فیس میں کسی بھی قسم کا اضافہ نہیں کیا گیا اور پچھلے بے فارم بھی منسوخ نہیں کیے گئے ہیں۔

جہلم مہنگائی کے مارے شہریوں کے لیے چینی کا حصول مزید مشکل بنا دیا گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم مہنگائی کے مارے شہریوں کے لیے چینی کا حصول مزید مشکل بنا دیا گیا، ہول سیل میں 50 کلو چینی کا تھیلا 8950 روپے سے زائد میں فروخت ہونے لگا۔ پرچون مارکیٹ میں چینی 190 روپے فی کلو سے بھی تجاوز کر گئی، جبکہ بریٹڈ چینی کی قیمت 200 روپے فی کلو گرام تک پہنچ گئی ہے، جس سے غریب، سفید پوش طبقہ شدید متاثر ہو رہا ہے۔ دوسری جانب جہلم میں موجود یوٹیلیٹی اسٹورز پر سستی چینی نام کی کوئی چیز نہیں۔ شہریوں کو محرم الحرام میں سبیلوں اور گھریلو استعمال کے لیے مہنگی چینی دکانوں سے خریدنی پڑ رہی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ حکومت رمضان محرم اور دیگر مذہبی تہوار کے مواقع پر عوام کو رلیٹ فراہم کرے اور جہلم سمیت ملک بھر میں موجود یوٹیلیٹی اسٹورز پر چینی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ تاکہ غریب سفید پوش طبقہ اپنے بچوں کو چائے کے ساتھ روٹی دے کر پیٹ بھر سکے،

ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد مغل کے ہمراہ فرید یہ پارک کا تفصیلی دورہ کیا

پارک میں جاری ترقیاتی کاموں، بالخصوص نئی گرین بیلٹس اور سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب کے عمل کا بغور جائزہ لیا



ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپراسے) ڈپٹی کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل نے مون سون سیزن کے پیش نظر شہری سہولیات کی فراہمی کو مزید بہتر بنانے اور سیوریج مسائل کے دیرپا حل کے لیے ڈپٹی کمشنر ساہیوال کی سربراہی میں جامع پلان تیار کرنے کی ہدایت جاری کر دی ہے۔ وہ اپنے دفتر میں پمپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر شاہد محمود، ایڈیشنل کمشنر کو آرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر، چیف آفیسر کارپوریشن شیخ اشفاق احمد سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا کہ نقاضوں اور مقامی آب و ہوا کے مطابق ایسے پودے لگائے جائیں جو کم پانی میں زیادہ دیر تک سرسبز رہیں اور شہر کی خوبصورتی میں اضافے کا باعث بنیں۔ سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے متعلقہ افسران نے بتایا کہ پارک کے داخلی و خارجی راستوں سمیت تمام اہم مقامات پر کیمرے نصب کیے جا رہے ہیں تاکہ سیکیورٹی کے نظام کو مؤثر اور جدید خطوط پر استوار کیا جا سکے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر شاہد محمود کا کہنا تھا کہ شہر کی تمام تفریحی سہولیات کو جدید خطوط پر استوار کرتے ہوئے محفوظ اور پرکشش بنانا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

اسپیشل پراسیکیوٹر ضلع قصور محمد عامر گجر حج کی سعادت حاصل کرنے کے بعد سعودی عرب سے واپس پاکستان پہنچ گئے

اس موقع پر صدر پریس کلب شوکت الرحمان خاں نے محمد عامر گجر کو حج کی سعادت حاصل کرنے پر ڈھیروں مبارکباد پیش کی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) ایڈیشنل پراسیکیوٹر ضلع قصور محمد عامر گجر حج کی سعادت حاصل کرنے کے بعد سعودی عرب سے واپس پاکستان پہنچ گئے۔ اس موقع پر صدر پریس کلب شوکت الرحمان خاں نے محمد عامر گجر کو حج کی سعادت حاصل کرنے پر ڈھیروں مبارکباد پیش کی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ اس موقع پر محمد عامر گجر نے صدر پریس کلب شوکت الرحمٰن خاں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں اللہ پاک کا بے حد شکر گزار ہوں کہ اس نے مجھے اپنے گھر مہمان بلوایا اور حج جیسی عبادت کی ادائیگی کا موقع دیا میرے لیے بہت ہی خوشی اور اعزاز کی بات ہے کہ میں نے حج مبارک ادا کیا اور روضہ رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر بھی حاضری کا شرف حاصل ہوا میری دعا ہے کہ اللہ پاک تمام مسلمانوں کو اپنے گھر کا طواف کروائے۔ حج عمرہ مسلمانوں کے لیے بہترین عبادتیں ہیں ایسی عبادات سے ہمیں انسانیت کی بھلائی کا درس ملتا ہے۔

مختلف مقامات پر ناقص مضر صحت کیمیکلز ملے دودھ، دہی کی فروخت جاری

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت ضلع بھر کے مختلف مقامات پر ناقص مضر صحت کیمیکلز ملے دودھ، دودھ دہی کی فروخت جاری ہے۔ دودھ فروخت کرنے والے افراد نے شہر کے نجان آباد علاقوں میں دودھ دہی کی دکانیں قائم کرنے فروخت شروع کر رکھی ہے۔ جبکہ پنجاب فوڈ اتھارٹی ضلع جہلم کے زمہ داران ناقص مضر صحت دودھ سپلائی کرنے والے گوالوں اور دودھ دہی فروخت کرنے والے دکانداروں کے خلاف کارروائیاں کرنے کی بجائے اپنے ٹارگٹ پورے کرتے دکھائی دیتے ہیں مضر صحت دودھ دہی کے استعمال سے نوزائیدہ بچوں کی صحت کیلئے انتہائی مہلک اور خطرناک ہے

پنجاب فوڈ اتھارٹی نے جعلی مشروبات بنانے والا یونٹ پکڑ لیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے جعلی مشروبات بنانے والا یونٹ پکڑ لیا، مالکان کیخلاف مقدمہ درج۔ 217 لٹر جعلی فلیور ڈرنکس، 840 پیکنگ بوتلیں، تقریباً 10 کلو گرام پیکنگ مٹیریل، 1 کلو گرام کھلا رنگ، 20 کلو گرام مینگو ڈرنکس پر مشتمل 1 مشینری ضبط۔ کارروائی چونیاں روڈ، قلعہ سوندھا سنگھ میں جوس پلانٹ پر کی گئی۔ مصنوعی مٹھاس اور کھلے رنگ سے جوس اور فلیور ڈرنکس تیار کی جا رہی تھیں۔ مضر صحت مشروبات معروف برانڈز کے نام سے پیک کر کے مارکیٹ میں فروخت کی جاتی تھیں۔

تحصیل اینٹی ٹی بی ایسوسی ایشن رجسٹرڈ ڈسکہ کا ماہانہ 736 واں اجلاس

اجلاس زیر صدارت خان عباس خان منعقد ہوا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول ﷺ سے ہوا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) تحصیل اینٹی ٹی بی ایسوسی ایشن رجسٹرڈ ڈسکہ کا ماہانہ 736 واں اجلاس زیر صدارت خان عباس خان منعقد ہوا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول ﷺ سے ہوا جنرل سیکرٹری چوہدری قطب الدین نے گزشتہ ماہانہ اجلاس ماہ مئی 2025 کی کاروائی پیش کی، فنانس سیکرٹری محمد ارشد جاوید العزیز نے آمدن واخراجات ماہ مئی 2025 کی رپورٹ پیش کی، فنانس سیکرٹری نے نئے اسلامی سال کے آغاز کی بھی تمام ممبران کو مبارک باد دی، سیکرٹری نشرو اشاعت حکیم چوہدری محمد افضل بھگل نے گزشتہ ماہانہ اجلاس کی شائع شدہ خبریں پیش کیں انہوں نے ہاؤس کو بتایا کہ ہمارے ایک منٹل ڈوز حاجی انعام اللہ بھگل نے ادارے کو 150,000 روپے کا عطیہ دیا ہے، ممبران نے ان کا شکریہ ادا کیا جنرل سیکرٹری نے ہاؤس کو بتایا کہ اس سال تقریباً 25000 کے قریب مریض ہمارے ادارے سے مستفید ہوئے ہیں جس پر ممبران نے مسرت کا اظہار کیا ہسپتال کے ملازمین کی تنخواہوں میں سالانہ اضافہ بارے فیصلہ اگلے اجلاس تک موخر کر دیا گیا آخر میں مولانا ایوب خان نے دعائے خیر کروائی اور پاکستان اینٹی ٹی بی ایسوسی ایشن کے سابقہ جنرل سیکرٹری حیدر علی سیمی کی مغفرت کے لئے بھی دعا کی گئی۔

سانحہ دریائے سوات ایک المناک واقعہ ہے: مولانا محمد ایوب خان ثاقب

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) سانحہ دریائے سوات ایک المناک واقعہ ہے غیر پختون خواہ کے ریسکیو اداروں کی نااہلی ہے سیاست دان خدا کا خوف کریں دریائے سوات کے 10 شہداء کی میتوں پر سیاست نہ کریں اس قسم کے واقعات پوائنٹ سکورنگ کے واسطے نہیں ہوتے متاثرہ خاندانوں کو اس طرح بے یارو مددگار چھوڑ دینا نا مناسب رویہ ہے مرکزی حکومت پنجاب حکومت اور کے پی کی حکومت کو فی الفور متاثرہ خاندان کی کفالت کرکے انکے غم میں شرکت کرنی چاہیے ارباب اقتدار کا خالی ہاتھ ڈسکہ متاثرین کے گھروں میں فاتحہ خوانی کے فوٹو سیشن کروانا نامناسب رویہ ہے ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام س کے نیکرٹری جنرل صاحبزادہ مولانا محمد ایوب خان ثاقب نے متاثرین کے گھروں میں سیاسی اور سرکاری افراد کا اپنے لاؤ لشکر کے ساتھ آنا اور فوٹو سیشنز/ پریس کانفرنس/ زکوٰۃ دیکھنے کے بعد ردعمل کے طور پر کیا



وفاقی وزیر ملک رشید احمد خاں کی منسٹر ایجوکیشن رانا سکندر حیات سے ملاقات

حلقہ میں اکثر سکولوں اور کالجوں کی بلڈنگوں کی خستہ حالی اور کمروں کی کمی کی وجہ سے بچوں کو دھوپ میں بیٹھنا پڑتا ہے

کوٹ رادھا کشن گرلز اور بوائز کالج میں بہترین تعلیم کے لئے آئی ٹی لیب اور نیے بلاکس بنائے جائیں

رانا سکندر حیات خاں نے فوری ایکشن لیتے ہوئے ڈائریکٹر ایجوکیشن قصور ملک اصغر خاں کو احکامات جاری کر دیئے

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) وفاقی وزیر ملک رشید احمد خاں کی منٹر ایجوکیشن رانا سکندر حیات سے ملاقات۔ کوٹ رادھا کشن () تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر ملک رشید احمد خاں نے منٹر ایجوکیشن رانا سکندر حیات خاں سے اہم میٹنگ کے دوران مطالبہ کیا کہ حلقہ میں اکثر سکولوں اور کالجوں کی بلڈنگوں کی خستہ حالی اور کمروں کی کمی کی وجہ سے بچوں کو دھوپ میں بیٹھنا پڑتا ہے ایسے سکولوں میں نئے کمرے تعمیر کروائے جائیں کوٹ رادھا کشن گرلز اور بوائز کالج میں بہترین تعلیم کے لئے آئی ٹی لیب اور نیے بلاکس بنائے جائیں گورنمنٹ گریجویٹ گرلز کالج میں ایک بس ناکافی ہے ان کی تعداد بڑھائی رانا سکندر حیات خاں نے فوری ایکشن لیتے ہوئے ڈائریکٹر ایجوکیشن قصور ملک اصغر خاں کو احکامات جاری کر دیئے۔

جہلم محکمہ موسمیات نے جہلم سمیت ملک بھر میں 5 جولائی تک وقفے وقفے سے بارشوں کی پیشگوئی جاری

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم محکمہ موسمیات نے جہلم سمیت ملک بھر میں 5 جولائی تک وقفے وقفے سے بارشوں کی پیشگوئی جاری کر دی۔ شمال مشرقی پنجاب، خطہ پوٹھوہار اور بالائی خیبر پختونخوا میں موسلا دھار بارشیں متوقع۔ جہلم، مری، راولپنڈی گلیات، اسلام آباد، سوات، اور پشاور میں طغیانی جبکہ کشمیر میں لینڈ سلائیڈنگ کے شدید خدشے کا اظہار کیا گیا ہے۔ جہلم، چکوال، لاہور، گوجرانوالہ، مالاکنڈ، سیالکوٹ اور سوات سمیت کئی علاقوں میں بھی بارشوں کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق حالیہ ہونے والی بارشوں اور سیلابی ریلوں کے باعث 45 افراد جاں بحق اور 608 زخمی ہو چکے ہیں۔ ادھر جہلم اور راولپنڈی میں شدید بارشوں اور اربن فلڈنگ کے خدشات کے پیش نظر دفعہ 144 نافذ کر دی گئی ہے۔ شہریوں کو دریاؤں نہروں اور دیگر آبی گزرگاہوں میں نہانے سے سختی سے روک دیا گیا ہے

اوکاڑہ: تھانہ ستگھرہ کے نواح 13 ون آر میں خاتون کیساتھ زیادتی میں ملوث ملزم گرفتار

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ: تھانہ ستگھرہ کے نواح 13 ون آر میں خاتون کیساتھ زیادتی میں ملوث ملزم گرفتار۔ پولیس نے ملزم کو گرفتار کر کے تفتیش شروع کر دی، ملزم نے خاتون کے گھر میں داخل ہو کر زیادتی کی، ملزم عقیب متاثرہ خاتون کے گھر کے قریب رہتا ہے، زیادتی کرنے کے بعد ملزم موقع سے فرار ہو گیا تھا، پولیس نے 02 گھنٹے کے قلیل وقت میں گرفتار کیا۔ ملزم کو قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی نیو راگین مہم کے تحت خواتین کیساتھ زیادتی پر پولیس زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔

ماہ جون میں وارداتوں میں ملوث 15 گینگز کا خاتمہ، گینگز کے 41 ارکان گرفتار ہوئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ جرائم کی شرح میں کمی، اعلیٰ دشمار جاری، ماہ جون میں وارداتوں میں ملوث 15 گینگز کا خاتمہ، گینگز کے 41 ارکان گرفتار، 02 کروڑ 10 لاکھ 08 ہزار روپے مالیت کا مال مسروقہ برآمد، ملزمان سے 79 موٹر سائیکل، 13 بندوق، 07 رائفل، 02 ریوالور، 01 کار، بین اور 315 گولیاں برآمد، متفرق برآمدگی پر 132 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، ملزمان سے 139 کلو چرس برآمد، 1787 لیٹر شراب، 741 لیٹر بیئر اور 11 چالو بھٹیاں برآمد۔ اشتہاری وعادی مجرمان کے خلاف بھی موثر کارروائیاں۔ 425 اشتہاری ملزمان، 53 پی آئی گینگز اکٹھے گرفتار اور 42 عدالتی مفروران کو گرفتار کیا گیا، سنگین جرائم میں ملوث اے کیٹیگری کے 110، بی کیٹیگری کے 315 اشتہاری مجرمان گرفتار، شہر میں ایس او ایس ناکے، سرچ وکومبنگ آپریشنز اور کرائم ایلیمینیشن پروگرام کو یقینی بنایا گیا، جرائم کے خاتمے کیلئے ایلیمینیٹ آپریشنز اور کریک ڈاؤن میں مزید تیزی لائی جائے گی، شہریوں کے جان ومال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا۔



CRIME & COURT

جرم وسزا

کوٹ عبدالمالک سب ڈویژن ڈیوٹی پر موجود میٹر انسپکٹر زاھد پر حملہ

4 موٹر سائکلوں پر سوار 10 افراد نے اسلحہ کے زور پر کے ڈنڈے اور لوہے کے راڈوں سے شدید تشدد کا نشانہ بنایا، جس سے میٹر انسپکٹر زاھد شدید زخمی ہو گیا





فیروز والہ (نامہ نگار منور حسین) کوٹ عبدالمالک سب ڈویژن ڈیوٹی پر موجود میٹر انسپکٹر زاھد پر حملہ۔ واقع کوٹ عبدالمالک کے علاقہ شرقپور خورد میں پیش آیا میٹر انسپکٹر پر 10 مسلح افراد نے حملہ کیا جب وہ بجلی چوری کی اطلاع پر موقع کی تصدیق کے لیے پہنچے واقع جمعہ کے روز دوپہر 30:12 پر پیش آیا جب ایس ڈی او ہدایت پر زاھد ایک مشتبہ نمبر پر چیکنگ کے لئے پہنچے وہاں پر پہلے سے گھات لگائے 4 موٹر سائکلوں پر سوار 10 افراد نے اسلحہ کے زور پر مکے ڈنڈے اور لوہے کے راڈوں سے شدید تشدد کا نشانہ بنایا جس سے میٹر انسپکٹر زاھد شدید زخمی ہو گیا ذرائع کے مطابق واقع کی ایف آئی آر درج تو کرلی گئی ہے لیکن پولیس نے غلط دفعات شامل کی جس پر متاثرہ اہل کار نے شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے سوال یہ اٹھ رہا ہے کہ آیا کہ چیف لیسکو کو اس واقع کی اطلاع دی ہی نہیں گئی یا پھر کسی سطح پر اس بات کو دبایا جا رہا ہے کہ چیف لیسکو کی جانب سے کوئی ردعمل سامنے نہیں آیا لیسکو ملازمین نے اعلی حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ملزمان کو فوری گرفتار کر کے ایف آئی آر میں دہشت گردی اور اقدام قتل جیسی دفعات شامل کی جائیں

سول ڈیفنس گروپ F کی اہم میٹنگ میں ایس ایچ او کینٹ کی شرکت

محرم الحرام ڈیوٹی پیشہ وارانہ انداز سے انجام دی جائیگی۔ ملک وحید احمد



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سول ڈیفنس گروپ ایف کی میٹنگ برائے محرم الحرام زیر صدارت وحید احمد ملک (ڈپٹی چیف وارڈن) منعقد ہوئی جس میں ایس ایچ او کینٹ مدثر بریارو ڈویژن وارڈن 2 حدید احمد بٹ نے خصوصی شرکت کی۔ میٹنگ میں محرم الحرام سیکیورٹی ڈیوٹی کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایس ایچ او کینٹ نے اس موقع پر ساتویں اور دسویں محرم الحرام کے موقع پر کینٹ سے برآمد ہونے والے قدیمی مرکزی جلوس کی گزرگاہ میں ڈیوٹی مستعدی کیساتھ کرنے کا عندیہ دیتے ہوئے کہا کہ امید کرتے ہیں کہ انشاء اللہ گزشتہ سالوں کی طرح سول ڈیفنس سیکیورٹی ڈیوٹی پر فارم کریگی۔ اس موقع پر ڈپٹی چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ ملک وحید احمد کا کہنا تھا کہ چیف وارڈن سول ڈیفنس طاہر مجید کپور کی قیادت میں انشاء اللہ ایف گروپ اپنے چاروں پوسٹ وارڈنز کیساتھ مشترکہ لائحہ عمل طے کر چکا ہے انہوں نے ڈیوٹی روسٹر کے مطابق وانٹیز کیجانب سے مکمل عمل درآمد کروانے کی یقین دہانی کروائی اور ے اور ۱۰ محرم کو ڈیوٹی کو بھرپور ڈیوٹی سرانجام دینے کا عہد کیا گیا۔

واپڈا آفس میں ضعیف العمر خاتون پر تشدد اور گھسیٹ کر دفتر سے باہر نکالنے کا معاملہ

وفاقی وزیر مملکت برائے توانائی وعوامی امور عبدالرحمن خان کانجو نے نوٹس لے لیا

مرید کے (تحصیل رپورٹر) ایس ای لیسکو واپڈا آفس میں ضعیف العمر خاتون پر تشدد اور گھسیٹ کر دفتر سے باہر نکالنے کا معاملہ وفاقی وزیر مملکت برائے توانائی وعوامی امور عبدالرحمن خان کانجو نے نوٹس لے لیا چیف لیسکو سے رپورٹ طلب سوشل میڈیا پر بزرگ خا

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت لاہور

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 اشتہارات

بقیہ جات 1

تحت مکان بنانے کے لئے 51911 سے زائد فرضے جاری کیے گئے ، پراجیکٹ کے تحت مختصر مدت میں 57 ارب 90 کروڑ روپے کے لون کا اجراء ہوا۔اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت 5293 مکانوں کی تعمیر مکمل، گھر آباد ہوگئے، پراجیکٹ کے تحت 41324 گھروں کے تعمیر کا عمل تیزی سے جاری ہے ۔اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت گھر بنانے والے کمینوں نے پراجیکٹ کو نعمت قرار دیا۔ پراجیکٹ کے تحت پہلی مرتبہ گھر بیٹھے قرضوں کے لئے اپلائی کرنے کی منفرد سہولت ، دفاتر کے چکر لگائے بغیر قرضوں کا اجراء ہے ۔اس حوالے سے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ کسی بھی سفارش کے بغیر گھر بنانے کے لئے قرضوں کا اجراء پنجاب بلکہ پاکستان کی تاریخ میں قابل تقلید مثال ہے،اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کا مقصد عوام کے لئے آسانی اور سہولت پیدا کرنا ہے۔ اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت اپلائی کرنے والے ہر فرد کو سیاسی وابستگی سے بالاتر قرضے مل رہے ہیں۔ ملک کی تاریخ میں عوام کے گھر بنانے کا ریکارڈ قائم کیا،اپنے ریکارڈ خود ہی توڑیں گے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ قائد محمد نواز شریف کا عوامی خدمت کا ویژن اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ میں عملی صورت اختیار کر چکا ہے۔لوگوں نے جھوٹے نعرے لگائے، مگر ہم نے عوام کے لئے گھر بنائے۔

بقیہ جات 2

یلغنے میں آئی ،2144 پوائنٹس کے اضافے کے ساتھ پاکستان سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 30 ہزار 344 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا۔واضح رہے کہ گزشتہ کاروباری روز کے اختتام پر مجموعی طور پر ہنڈرڈ انڈیکس 2572 پوائنٹس کے اضافے کیساتھ ایک لاکھ 28 ہزار 199 پوائنٹس کی نئی بلند ترین سطح پر بند ہوا تھا۔سٹاک مارکیٹ میں آج 32 ارب 21 کروڑ 37 لاکھ 92 ہزار 199 روپے مالیت کے 34 کروڑ 57 لاکھ 94 ہزار 612 شیئر زکا لین دین ہوا۔

بقیہ جات 3

پر پی پی آئی کے ٹکٹ پر کامیاب امیدواروں کی واپسی کالعدم قرار دیتے ہوئے مجموعی طور پر 74 نشستیں بحال کی ہیں۔ترجمان الیکشن کمیشن کے مطابق قومی اسمبلی کی 19، خیبر پختونخوا اسمبلی کی 25، پنجاب اسمبلی کی 27 اور سندھ اسمبلی کی 3 نشستیں بحال کر دی گئی ہیں۔الیکشن کمیشن نے اس فیصلے کے تحت 24 اور 29 جولائی 2024 کو جاری کردہ وہ نوٹیفکیشنز بھی واپس لے لیے ہیں جن کے ذریعے پی ٹی آئی کے امیدواروں کی واپسی ظاہر کی گئی تھی۔نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ سپریم کورٹ نے 27 جون 2025 کو نظر ثانی اپیلوں پر فیصلہ سناتے ہوئے مذکورہ نوٹیفکیشن کو کالعدم قرار دیا تھا جس کی روشنی میں الیکشن کمیشن نے یہ اقدام کیا۔ترجمان کے مطابق عدالت عظمیٰ کے فیصلے پر مکمل عمل درآمد کیا گیا ہے اور بحال اراکین اب اسمبلیوں کی کارروائی میں شریک ہو سکیں گے۔الیکشن کمیشن نے سپریم کورٹ آف پاکستان کے فیصلے کے بعد قومی اسمبلی میں خیبر پختونخوا کی خواتین کی 5 مخصوص نشستیں بھی بحال کی ہیں، قومی اسمبلی میں مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کو دو دو جبکہ خیبر پختونخوا کی ایک مخصوص نشست جے یو آئی کو مل گئی ہے۔الیکشن کمیشن کے مطابق پنجاب سے قومی اسمبلی میں خواتین کی 11 مخصوص نشستیں بحال کر دی گئی ہیں، 10 نشستیں مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کو ایک مخصوص نشست ملی ہے۔اسی طرح قومی اسمبلی میں اقلیتوں کی 3 نشستیں بھی بحال کر دی گئی ہیں، الیکشن کمیشن کے فیصلے کے بعد قومی اسمبلی میں مسلم لیگ ن، پیپلز پارٹی اور جے یو آئی کو ایک ایک اقلیتی نشست مل

بقیہ جات 4

شہباز شریف کی زیر صدارت ہوا، جس میں وزیر اعظم نے سال 2024-25 میں وفاقی ٹیکس محصولات میں گزشتہ 10 سالوں کی نسبت 42 فیصد اضافے پر وزارت خزانہ اور ایف بی آر کی کاوشوں کو سراہا۔اس موقع پر دی گئی بریفنگ میں بتایا گیا کہ مالی سال 2024-2025 میں اصلاحات اور ٹیکس قوانین کے نفاذ کے ذریعے گزشتہ سال کی نسبت کل 865 ارب روپے کی زائد محصولات وصول کی گئیں جو کہ 8 گنا کا تاریخ ساز اضافہ ہے۔مالی سال 2024-25 میں ٹیکس کا مجموعی پیداوار سے تناسب (Federal RatioGDPtoRevenue) 11.3 فیصد رہا جو کہ گزشتہ سال کے مقابلے میں 1.5 فیصد زیادہ ہے۔وزیر اعظم نے کہا کہ نئے مالی سال میں محصولات کی وصولی اور دیگر معاشی اہداف کو حاصل کرنے بھی اسی مستعدی کا مظاہرہ کیا جائے اور اس میں کسی قسم کی ادارہ جاتی سستی کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔اس سلسلے میں تمام ادارے مکمل جانفشانی سے کام کریں۔ پاکستان کے روشن معاشی مستقبل کے لیے معاشی اہداف کے حصول میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔شہباز شریف نے کہا کہ محصولات کی وصولی اور معاشی اہداف کے تمام مراحل کی ذاتی طور پر نگرانی کر رہا ہوں۔انہوں نے ایف بی آر کے افسران کو ہدایت کی کہ محصولات کی وصولی اور اپنے فرائض کی ادائیگی میں ایف بی آر عوام سے عزت و تکریم کے ساتھ پیش آئے۔ملکی معیشت کی ترقی کے لیے تمام سرکاری ادارے ایف بی آر کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ ٹریک اینڈ ٹریس ڈیجیٹل پروڈکشن سسٹم، اشیا کے پیداواری اور ترسیل کے مراحل میں شامل کیا جائے تاکہ تمام پیداوار کو ٹیکس نیٹ میں لایا جاسکے۔ٹیکس نادہندہ اور تمام صنعتوں کے پیداواری عمل کو ڈیجیٹائز کر کے ٹیکس نیٹ میں لایا جائے۔شہباز شریف نے ریٹیل کے شعبے میں ایف بی آر کے پوائنٹ آف سیل (Point of Sale-POS) سسٹم کا دائرہ کار مزید وسیع کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے آئندہ مالی سال کے بجٹ کی منظوری پر اجلاس کے شرکا کو مبارکباد بھی دی۔اجلاس میں وزیر اعظم کو ایف بی آر میں اصلاحات کے حوالے سے اقدامات کی پیشرفت پر بریفنگ دی گئی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ کاروباری برادری اور ٹیکس دہندگان کو مکمل سہولیات فراہم کرنے کے لیے ایف بی آر تمام دروازے کھلے رکھے۔وزیر اعظم کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ ٹریک اینڈ ٹریس ڈیجیٹل پروڈکشن سسٹم کو اب تک، چینی، تمباکو اور فرٹیلائزر میں مکمل طور پر نافذ کر دیا گیا ہے اور سیمنٹ اور دیگر صنعتوں میں جلد مکمل نافذ ہو جائے گا۔اجلاس میں وفاقی وزیر داخلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ، وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ اور چیئرمین ایف بی آر اور دیگر اعلیٰ سرکاری حکام نے شرکت کی۔

بقیہ جات 5

کے 502 واقعات رپورٹ ہوئے جن میں 737 افراد جاں بحق اور 991 زخمی ہوئے، دہشتگردی کے ان واقعات میں زیادہ تر حملے سیکورٹی فورسز، عوامی مقامات اور اہم تنصیبات پر کیے گئے۔دہشتگردی پر کام کرنے والے تھنک ٹینک کی رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ سیکورٹی ادارے ملک میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے اور دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔

بقیہ جات 6

پیپلز پارٹی حکومت میں شامل ہوجائے۔وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی حکومت میں شمولیت اچھی بات ہوگی،البتہ پیپلز پارٹی سے حکومت کے رابطوں کی تفصیلات کا انہیں علم نہیں۔ان کا کہنا تھا کہ تمام معاملات کو سنیارٹی کا یہ معاملہ پہلے ہی انٹرا کورٹ اپیل میں زیر التوا ہے، اس لیے اس پر یکطرفہ فیصلہ کرنا مناسب نہیں تھا۔جسٹس منصور کا کہنا ہے کہ ان کی رائے میں اس اہم معاملے پر باضابطہ مشاورت ناگزیر تھی۔

بقیہ جات 7

عوام سے کیا ایک اور وعدہ پورا کردیا۔مریم نواز نے کہا ہے کہ اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کا مقصد عوام کے لیے آسانی پیدا کرنا ہے، اپلائی کرنے والے ہر فرد کو سیاسی وابستگی سے بالاتر قرضے مل رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کا کہنا ہے کہ عوام کے گھر بنانے کا ریکارڈ قائم کیا،اپنے ریکارڈ خود ہی توڑیں گے، قائد نواز شریف کا عوامی خدمت کا وژن عملی صورت اختیار کر چکا ہے۔ان کا کہنا ہے کہ لوگوں نے جھوٹے نعرے لگائے مگر ہم نے عوام کے لیے گھر بنائے۔

بقیہ جات 8

باجوڑ کی تحصیل خار صادق آباد میں پھاٹک میلہ کراؤنڈ کے قریب دھماکا ہوا ہے جس میں 5 افراد جام شہادت نوش کر گئے جبکہ 11 زخمی ہیں، دھماکے کے نتیجے میں ایک گاڑی مکمل طور پر تباہ ہوگئی۔پولیس حکام کا کہنا ہے کہ دھماکے میں شہید ہونے والوں میں اسسٹنٹ کمشنر ناوگئی، تحصیلدار وکیل خان، دو پولیس اہلکار اور ایک شہری شامل ہیں، لاشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔پولیس اور سیکورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر تحقیقات کا آغاز کر دیا

بقیہ جات 9

خطے پر اثرات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔غیر ملکی خبر ایجنسیوں کے مطابق فرانسیسی صدر میکرون نے گفتگو کے دوران خدشہ ظاہر کیا کہ ایران کا جوہری پروگرام اور میزائل نظام خطے کے لیے خطرناک ثابت ہو سکتے ہیں۔انہوں نے زور دیا کہ ایران بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی کے ساتھ مکمل تعاون کرے اور جوہری عدم پھیلاؤ کے معاہدے پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائے۔روسی صدر پوٹن نے ایرانی موقف کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ ایران کا جوہری پروگرام پرامن مقاصد کے لیے ہے، اور بین الاقوامی قوانین کے تحت ایران کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنی جوہری توانائی کی ترقی جاری رکھے۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ایران کی خودمختاری اور سلامتی کا احترام کیا جانا چاہیے۔فرانسیسی صدر میکرون نے کہا کہ ایرانی جوہری پروگرام اور میزائل سسٹم سے جڑے خدشات کا سفارتی حل نکالنے کے لیے فرانس پرعزم ہے۔دونوں رہنماؤں نے خطے میں امن و استحکام کی ضرورت پر اتفاق کیا اور کہا کہ سفارتی کوششوں کے ذریعے مسائل کا حل تلاش کرنا ہی بہترین راستہ

بقیہ جات 10

ہے۔ایئر فورس کے ترجمان کے مطابق ایئر چیف کی امریکی حکام سے ملاقاتوں میں اہم علاقائی اور عالمی اسٹریٹیجک امور پر گفتگو ہوئی۔ظہیر بابر سدھو گزشتہ دس سال میں امریکا کا سرکاری دورہ کرنے والے پاک فضائیہ کے پہلے سربراہ ہیں۔ایئر چیف ظہیر بابر سدھو کی امریکی ایئر فورس کی سیکریٹری کیلی ایل سیملٹ سے بھی ملاقات ہوئی ہے۔

بقیہ جات 11

تحت مکان بنانے کے لئے 51911 سے زائد قرضے جاری کیے گئے ، پراجیکٹ کے تحت مختصر مدت میں 57 ارب 90 کروڑ روپے کے لون کا اجراء ہوا۔اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت 5293 مکانوں کی تعمیر مکمل، گھر آباد ہوگئے، پراجیکٹ کے تحت 41324 گھروں کے تعمیر کا عمل تیزی سے جاری ہے ۔اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت گھر بنانے والے کمینوں نے پراجیکٹ کو نعمت قرار دیا۔ پراجیکٹ کے تحت پہلی مرتبہ گھر بیٹھے قرضوں کے لئے اپلائی کرنے کی منفرد سہولت ، دفاتر کے چکر لگائے بغیر قرضوں کا اجراء ہے ۔اس حوالے سے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ کسی بھی سفارش کے بغیر گھر بنانے کے لئے قرضوں کا اجراء پنجاب بلکہ پاکستان کی تاریخ میں قابل تقلید مثال ہے،اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کا مقصد عوام کے لئے آسانی اور سہولت پیدا کرنا ہے۔ اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت اپلائی کرنے والے ہر فرد کو سیاسی وابستگی سے بالاتر قرضے مل رہے ہیں۔ ملک کی تاریخ میں عوام کے گھر بنانے کا ریکارڈ قائم کیا،اپنے ریکارڈ خود ہی توڑیں گے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ قائد محمد نواز شریف کا عوامی خدمت کا ویژن اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ میں عملی صورت اختیار کر چکا ہے۔لوگوں نے جھوٹے نعرے لگائے، مگر ہم نے عوام کے لئے گھر بنائے۔

بقیہ جات 12

ہے جس میں جج کی سنیارٹی کے تعین کے معاملے پر گہرے تحفظات کا اظہار کیا گیا ہے۔ذرائع کے مطابق یہ خط جسٹس منصور علی شاہ نے گزشتہ روز جوڈیشل کمیشن کے اجلاس سے قبل تحریر کیا۔خط کے مندرجات کے مطابق جسٹس منصور علی شاہ نے مؤقف اختیار کیا ہے کہ ججز کی سنیارٹی جیسے اہم اور حساس معاملے پر چیف جسٹس یا دیگر متعلقہ حکام سے کوئی مشاورت نہیں کی گئی، جو آئین کے تقاضوں کے برخلاف ہے۔جسٹس منصور نے اپنے خط میں واضح کیا کہ آئین کے آرٹیکل 200 کے تحت صدر مملکت چیف جسٹس سے مشاورت کے پابند تھے،لیکن اس کے برعکس انہوں نے جلد بازی میں ازخود سنیارٹی کا تعین کرلیا۔خط میں یہ بھی نشاندہی کی گئی کہ سنیارٹی کا یہ معاملہ پہلے ہی انٹرا کورٹ اپیل میں زیر التوا ہے، اس لیے اس پر یکطرفہ فیصلہ کرنا مناسب نہیں تھا۔جسٹس منصور کا کہنا ہے کہ ان کی رائے میں اس اہم معاملے پر باضابطہ مشاورت ناگزیر تھی۔

بقیہ جات 13

منظوری دے دی۔ذرائع کے مطابق گورنر سندھ کامران ٹیسوری کی منظوری کے بعد سندھ فنانس بل یکم جولائی سے نافذ العمل ہوگیا ہے۔فنانس بل میں موٹر سائیکل کو لازمی انشورنس کی شرط سے مستثنیٰ قرار دے دیا گیا ہے۔اس حوالے سے گورنر سندھ کا کہنا ہے کہ تعلیم، صحت، آئی ٹی، پیشہ ورانہ ٹیکنیشن، انفرا اسٹرکچر اور مینوفیکچرنگ سمیت مختلف شعبوں میں عوام کو ریلیف دیا گیا ہے۔

بقیہ جات 14

کے مطابق سکیورٹی خدشات کی وجہ سے جماعت نہم اور دہم کے پرچے ملتوی کر دیئے گئے ہیں، باقی تمام پرچے ہو چکے ہیں صرف دو پرچے باقی ہیں۔حکام کا کہنا ہے کہ شمالی وزیرستان میں سکیورٹی خدشات کی وجہ سے منسوخ کئے گئے پرچوں کی نئی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

بقیہ جات 15

بھارت شامل ہیں، پہلگام حملے کے لیے پاکستان کو مورد الزام ٹھہرانے کے بھارتی بیانیے کی توثیق کرنے سے انکار کر دیا ہے جونی دہلی کے لیے ایک اور سفارتی دھچکا ہے۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق گروپ نے کسی ملک کا نام لئے بغیر یا کسی پر الزام لگائے بغیر واقعے کی صرف مذمت کی اور زور دیا کہ مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے، جس سے پاکستان کے خلاف اپنے بیانیے کو بین الاقوامی سطح پر فروخ دینے کی بھارت کی کوششوں کو دھچکا لگا۔ 22 اپریل کو ہونے والے حملے کے بعد جوہری ہتھیاروں سے لیس پاکستان اور بھارت کے درمیان دہائیوں پرانی دشمنی میں نئی شدت دیکھنے میں آئی۔ کیونکہ بھارت نے بغیر کسی ثبوت کے حملے کا الزام پاکستان پر لگایا تھا اور بلا جواز اس پر حملہ کیا تھا۔الائنس میں شامل ممالک کے وزراء نے اقوام متحدہ کے رکن ممالک پر زور دیا کہ وہ اس قابل مذمت کارروائی میں ملوث افراد، سرپرستوں اور مالی معاونت کرنے والوں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے کے لئے متعلقہ حکام کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔

بقیہ جات 16

اقدامات کی ضرورت کا اعادہ کرتے ہوئے وعدوں سے آگے بڑھ کر حقیقی عمل شروع کیے جانے پر زور دیا، وزیر خزانہ نے ترقیاتی منصوبوں میں ملکی ترجیحات کو مقدم رکھنے پر زور دیا۔وزیر خزانہ نے ترقی پذیر ممالک کے لیے آسان اور بلینڈڈ فنانس تک رسائی بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔وزیر خزانہ نے نجی سرمایہ کاری کو متحرک کرنے، عالمی مالیاتی نظام میں اصلاحات اور کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیوں کے کردار پر نظر ثانی کی ضرورت کا ذکر کیا۔وزیر خزانہ نے ترقی پذیر ممالک کی اندرونی پالیسیوں کے تناظر میں ترقیاتی تعاون کو نتائج سے منسلک اور قابل پیمائش بنانے کی اہمیت واضح کی۔انہوں نے موسمیاتی لچک، صنفی مساوات، اور ڈیجیٹل شمولیت جیسے پہلوؤں کو ترقیاتی حکمتِ عملیوں میں شامل کیے جانے کی ضرورت اجاگر کی۔ وزیر خزانہ نے اپنے خطاب سیول اہداف کے نفاذ کے لیے عالمی سطح پر ڈیلیوری میکانزم بنانے اور ایک عالمی ٹاسک فورس بنانے کی تجویز دی۔

بقیہ جات 17

تحت مکان بنانے کے لئے 51911 سے زائد قرضے جاری کیے گئے ، پراجیکٹ کے تحت مختصر مدت میں 57 ارب 90 کروڑ روپے کے لون کا اجراء ہوا۔اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت 5293 مکانوں کی تعمیر مکمل، گھر آباد ہوگئے، پراجیکٹ کے تحت 41324 گھروں کے تعمیر کا عمل تیزی سے جاری ہے ۔اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت گھر بنانے والے کمینوں نے پراجیکٹ کو نعمت قرار دیا۔ پراجیکٹ کے تحت پہلی مرتبہ گھر بیٹھے قرضوں کے لئے اپلائی کرنے کی منفرد سہولت ، دفاتر کے چکر لگائے بغیر قرضوں کا اجراء ہے ۔اس حوالے سے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا کہ کسی بھی سفارش کے بغیر گھر بنانے کے لئے قرضوں کا اجراء پنجاب بلکہ پاکستان کی تاریخ میں قابل تقلید مثال ہے،اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کا مقصد عوام کے لئے آسانی اور سہولت پیدا کرنا ہے۔ اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کے تحت اپلائی کرنے والے ہر فرد کو سیاسی وابستگی سے بالاتر قرضے مل رہے ہیں۔ ملک کی تاریخ میں عوام کے گھر بنانے کا ریکارڈ قائم کیا،اپنے ریکارڈ خود ہی توڑیں گے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ قائد محمد نواز شریف کا عوامی خدمت کا ویژن اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ میں عملی صورت اختیار کر چکا ہے۔لوگوں نے جھوٹے نعرے لگائے، مگر ہم نے عوام کے لئے گھر بنائے۔

بقیہ جات 18

ہوگئی ہے۔نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر (این ای او سی) کے مطابق رواں سال 14 واں پولیو کیس شمالی وزیرستان سے رپورٹ ہوا ہے۔این ای او سی کا کہنا ہے کہ پولیو ریفرنس لیبارٹری کے مطابق متاثرہ بچے کی عمر 19 ماہ ہے۔این ای او سی کے مطابق رواں سال خیبر پختونخوا سے 8، سندھ سے 4، پنجاب اور جی بی سے ایک، ایک کیس رپورٹ ہوا ہے۔ نیشنل ای او سی کا کہنا ہے کہ شمالی وزیرستان کی 11 یونین کونسلز میں جلد خصوصی ویکسینیشن مہم شروع کی جائیگی، والدین بچوں کو ہر مہم میں پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں۔

بقیہ جات 19

ٹیرف میں کمی کی حکومتی درخواست منظور کرتے ہوئے اپنا فیصلہ نوٹیفکیشن کے لیے وفاقی حکومت کو بھجوا دیا ہے۔ایکسپریس نیوز کے مطابق ملک بھر کے بجلی صارفین کے لیے بنیادی ٹیرف میں اوسط ایک روپے 14 پیسے فی یونٹ اور زیادہ سے زیادہ ایک روپے 16 پیسے فی یونٹ تک کمی ہوگی۔نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نیکیم جولائی 2025 سے بنیادی ٹیرف میں کمی کی حکومتی درخواست کی منظوری دی۔

بقیہ جات 20

عاصم منیر کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں میری ٹائم وارئیرز کی پریڈ سے خطاب میں فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر نے ایک بار پھر دنیا پر واضح کر دیا ہے کہ ہمارا دشمن بھارت تکبر اور غرور کے نشے میں مبتلا ہے، فیلڈ مارشل نے دنیا پر واضح کر دیا کہ بھارت جس جدوجہد کو دہشتگردی کہتا ہے وہ ایک قانونی اور آزادی کی جائز جدوجہد ہے فیلڈ مارشل نے بھارت کی جانب سے جدوجہد کشمیر کو دہشتگردی قرار دینے کی مذمت سازش کو بھی ناکام بتایا ہے فیلڈ مارشل نے ایک بار پھر دنیا پر واضح کر دیا کہ جب تک مسئلہ کشمیر کا منصفانہ اور پُرامن حل نہیں نکلتا جنوبی ایشیاء میں امن قائم نہیں ہوسکتا کشمیری عوام مسلح افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں بھارت کو دہشتگردی کے جھوٹے بیانیے کے پیچھے چھپنے نہیں دیں گے آزادی کی جدوجہد کو پایہ تکمیل تک پہنچانے اور تحریک تکمیل پاکستان کا خواب شرمندہ تعبیر ہونے تک جدوجہد آزادی جاری رہے گی شہدائے کشمیر اور مسلح افواج پاکستان کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے ایک خصوصی بیان میں کیا۔انھوں نے کہا کہ بھارت کا خطے پر تسلط کا خواب چکنا چور ہو چکا ہے فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر نے دنیا کے سامنے کشمیریوں کی امنگوں کی بھرپور ترجمانی کرکے پاکستان کے دیرینہ اور دوٹوک موقف بارے ایک بار پھر دنیا کو آگاہ کر دیا ہے فیلڈ مارشل کا مسئلہ کشمیر پر دوٹوک موقف کشمیریوں سے پاکستان کی لازوال محبت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔انھوں نے کہا کہ کشمیری تحریک آزادی کشمیر کو منطقی انجام تک پہنچانے کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے ''ہم پاکستانی ہیں پاکستان ہمارا ہے'' کا سدید علی گیلانی کا نعرہ ہر پیر و جوان کے دل کی آواز ہے اقوام متحدہ اور انسانی حقوق کی تنظیمیں بھارت کے مقبوضہ جموں وکشمیر میں جاری جنگی جرائم کا نوٹس لیں، بھارت جنگی جنون میں مبتلا ذہنی طور پر بیمار قیادت کے ہاتھوں میں پھنسا ہے، فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر کو کشمیری عوام کی امنگوں کی بھرپور ترجمانی پر خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔

بقیہ جات 21

تحت صحت کے تعاون سے شروع کیا گیا ہے، جس کے تحت ہر سال 90 ہزار سے زائد ڈائیلاسز سیشنز فراہم کیے جائیں گے، جب کہ مکمل طبی اور دوائیوں کی سہولیات بھی مصری ہسپتالوں میں دستیاب ہوں گی۔میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ منصوبہ شاہ سلمان ریلیف مرکز کے زیر انتظام قاہرہ، الجیزہ، اسکندریہ، الاقصر اور اسوان جیسے بڑے شہروں میں نافذ کیا جائے گا۔منصوبے کے تین بنیادی مقاصد ہیں، سوڈانی مریضوں کو فوری اور زندگی بچانے والی طبی سہولیات کی فراہمی، ان علاقوں میں طبی اداروں کی تعمین جہاں سوڈانی پناہ گزینوں کی تعداد زیادہ ہے اور اور علاج تک مستقل اور قابلِ بھروسا رسائی کو یقینی بنانا شامل ہے۔اس موقع پر مصر کے وزیرِ صحت ڈاکٹر خالد عبدالغفار نے کہا کہ یہ منصوبہ شاہ سلمان ریلیف سینٹر، مصری وزارتِ صحت اور عالمی ادارہ صحت کے درمیان بہترین اشتراکِ عمل کی ایک مثال ہے، جس کا مقصد سوڈانی مریضوں کی تکلیف کم کرنا ہے۔

بقیہ جات 22

Gurdwara Alliance UK کے نمائندوں نے شرکت کی۔ رمیش سنگھ اروڑہ نے پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے تقریب کے شرکاء کو پاکستان میں سکھوں اور دیگر اقلیتوں کو حاصل مذہبی آزادی، سہولیات اور حکومتی اقدامات سے آگاہ کیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے اور قائد اعظم محمد علی جناح کے وژن کے مطابق تمام مذاہب کے ماننے والوں کو اپنی عبادات کی مکمل آزادی حاصل ہے۔اس موقع پر انہوں نے قائد اعظم کا مشہور قول بھی دہرایا: آپ آزاد ہیں، مسجدوں، مندروں اور کسی بھی عبادت گاہ میں جانے کے لیے۔ رمیش سنگھ اروڑہ نے کہا کہ پاکستان نے 126 ممالک کے لیے جدید آن لائن ویزا پالیسیاں متعارف کرائی ہیں، جبکہ کرتار پور راہداری کے ذریعے روزانہ پانچ ہزار سکھ یاتری بغیر ویزا درشن کی سہولت حاصل ہے۔ہندو برادری کے ساتھ ساتھ بدھ مت کے پیروکاروں کے لیے بھی پاکستان میں مقدس مقامات موجود ہیں، جن کی زیارت کے لیے ہر سال بڑی تعداد میں یاتری آتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سیاحت کو فروغ دینے کے لیے حکومت نے ای ویزا سسٹم متعارف کرایا ہے، جس کے تحت 126 ممالک کے شہری آن لائن ویزا حاصل کر سکتے ہیں۔ رمیش سنگھ اروڑہ نے کہا کہ پاکستان کی سیاحت کو عالمی سطح پر فروغ دینے کے لیے حکومت کی کاوشیں قابل ستائش ہیں۔

بقیہ جات 23

صف نے جی ٹی روڈ سے گفتگو میں کہا کہ اس وقت کیا ہو رہا ہے، یہ تو نہیں بتا سکتے لیکن امکان ہے کہ پیپلز پارٹی حکومت میں شامل ہو جائے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی حکومت میں شمولیت اچھی بات ہوگی، البتہ پیپلز پارٹی سے حکومت کے رابطوں کی تفصیلات کا انہیں علم نہیں۔ان کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن قومی ایجنڈا اپریل کو کام کر سکتی ہیں۔یاد رہے کہ اس سے قبل پیر کو سندھ کے سینیر وزیر شرجیل میمن نے کہا تھا کہ فی الحال وفاق سے پیپلز پارٹی کو کوئی پیش کش نہیں کی گئی، وہ ایسی باتوں کی تردید کرتے ہیں۔

بقیہ جات 24

ہسپتالوں کی ورکنگ میں بہتری لانے کیلئے تقسیم کئے گئے ہیں۔گذشتہ حکومت نے سرکاری ہسپتالوں میں نئے ایئر کنڈیشنرز کی فراہمی پر کوئی توجہ نہ دی۔ٹرشری کیئر ہسپتالوں میں نئے ایئر کنڈیشنرز کی مزید سپلائی بھی بھیج رہے ہیں۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق عوام تک صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں۔سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کیلئے آسانیاں پیدا کرنا اولین ترجیح ہے۔اس حوالے سے محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن نے تفصیلات بھی جاری کردی ہیں۔

بقیہ جات 25

سون ہوا میں جنوب مشرقی علاقوں میں داخل ہو رہی ہیں۔ترجمان محکمہ موسمیات نے مزید بتایا کہ کراچی میں اس دوران ہلکی بارش اور بوندا باندی کا امکان رہے گا۔انہوں نے یہ بھی بتایا کہ ٹھرپارکر، مٹھی اور ملحقہ علاقوں میں آج سے 5 جولائی تک بارش ہوسکتی ہے۔

بقیہ جات 26

کی گئی ہے، تاہم مری، گلیات، راولپنڈی، بہلم اور اٹک میں بارش کا امکان ہے۔خیبر پختونخوا میں مطلع جزوی ابر آلود رہے گا جبکہ دیر، سوات، مالاکنڈ، باجوڑ اور شانگلہ میں بارش کی توقع ہے۔سندھ اور بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں موسم گرم اور مرطوب رہے گا، تاہم موسیٰ خیل، خضدار، ژوب اور قلات میں کہیں کہیں بارش ہو سکتی ہے۔ادھر کشمیر اور گلگت بلتستان میں بھی مطلع ابر آلود رہنے کے ساتھ ساتھ بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔

بقیہ جات 27

نے اس بات پر بھی زور دیا ہے کہ پاکستان سے سفر حج 2026 کے لیے رجسٹریشن کروانا لازمی ہے، حج پیکیج کے اخراجات اور دیگر شرائط وضوابط حج پالیسی 2026 کے مطابق الگ سے جاری کی جائیں گی۔

بقیہ جات 28

بننے کا دعویٰ اصل میں مظالم ڈھانے والا کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک ایسا ریاستی نظام، جس نے نفرت کو بطور ہتھیار استعمال کیا، ہجوم کے تشدد کو معمول بنایا اور امتیازی سلوک کو اپنے ہی شہریوں اور مقبوضہ علاقوں کے لوگوں کے خلاف قانون کا حصہ بنا دیا۔ اسے 'ذمہ داری برائے تحفظ' (R2P) پر کوئی اخلاقی جواز حاصل نہیں۔ ربیعہ اعجاز کا کہنا تھا کہ ''ڈی جے پی-آر ایس ایس کے تحت بھارت ایک اکثریتی آمریت میں تبدیل ہو چکا ہے، جہاں تمام اقلیتیں، مسلمان، عیسائی، اور دلت مسلسل خوف و جبر کے سائے تلے زندگی گزار رہے ہیں۔ لیکن پرخاموشی اختیار کی جاتی ہے۔ بلڈوزر اجتماعی سزا کا ذریعہ بن چکے ہیں، مساجد کو شہید کیا جاتا ہے اور شہریت کا حق مذہب کی بنیاد پر چھینا جاتا ہے۔

بقیہ جات 29

کرلاشوں کو کھائی سے نکال لیا ہے۔ جاں بحق افراد کا تعلق ضلع کھرمنگ سے بتایا گیا ہے جبکہ کار میں سوار افراد اسکردو سے گلگت جارہے

بقیہ جات 30

کیا ہے کہ جب ان کے ملک کی فوج نے یمن سے اسرائیلی سرزمین کی طرف داغا گیا میزائل روک لیا۔میڈیا رپورٹس کے کانٹرے ایران کے ساتھ 12 روزہ تنازعے کا حوالہ دیتے ہوئے ایک بیان میں کہا کہ یمن کا حشر بھی تہران جیسا ہی ہوگا۔بیان میں کہا گیا، تہران میں سانپ کا سر کچ

سی ڈی کے ساتھ مبینہ مقابلوں میں باپ بیٹے سمیت 5 ملزمان ہلاک

تمام ملزمان اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے مارے گئے ، فرار ساتھیوں کی گرفتاری کیلئے خصوصی ٹیمیں تشکیل دیدیں' حکام

ہلاک باپ بیٹا موٹر سائیکل پر وارداتیں کرنے والے گروہ سے تعلق رکھتے تھے' سی سی ڈی ذرائع

لاہور (این این آئی) کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ مبینہ مقابلوں میں باپ بیٹے سمیت 5 ملزمان ہلاک ہوگئے۔سی سی ڈی ذرائع کے مطابق کاہنہ میں سی سی ڈی کو دو موٹر سائیکل سواروں کی جانب سے لوٹ مار کی اطلاع ملی تھی، جس پر ٹیم نے فوری کارروائی کرتے ہوئے چھاپہ مارا۔ چھاپے کے دوران ملزمان کی جانب سے مزاحمت کی گئی اور فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ دو ملزمان زخمی ہوئے جو کہ بعد ازاں ہسپتال لے جاتے ہوئے راستے میں دم توڑ گئے۔ ہلاک ہونے والے ملزمان میں 55 سالہ فضل الرحمان، 25 سالہ امیر عباس شامل ہیں۔ دونوں ہلاک ہونے والے افراد موٹر سائیکل پر وارداتیں کرنے والے گروہ سے تعلق (بقیہ نمبر 40)

دو مرتبہ نواز شریف وزیر اعظم بنے تو اصل وزیر اعظم چوہدری نثار تھے جاوید ہاشمی

چوہدری نثار تو سیاست میں بھی نہیں تھے لیکن جب وہ آئے تو ہماری پارٹی کے اندر ہم سے بڑے لیڈر بن گئے

شہباز شریف بطور وزیر اعظم بیرون ممالک دورے کرتے ہیں تو نواز شریف کے دل پر کیا گزرتی ہے یہ میں جانتا ہوں

لاہور (این این آئی) سینئر سیاستدان جاوید ہاشمی نے کہا ہے کہ دو مرتبہ جب نواز شریف وزیر اعظم بنے تو اس وقت اصل وزیر اعظم چوہدری نثار ہی تھے، وہ شیو بھی وزیر اعظم ہاؤس آ کر کرتے تھے اور چند گھنٹے گزارنے کے لئے اپنے گھر جاتے تھے ،جب نواز شریف تیسری بار وزیر اعظم بنے تو ان کے لئے وزیر اعظم ہاؤس کے دروازے بند کر دیئے گئے ،شاہد خاقان عباسی کو وزیر اعظم بنانا بھی چوہدری نثار کے لئے تکلیف کا باعث بنا،نواز شریف کی بڑی خواہش ہے وہ سیاسی طور پر دوبارہ کھڑے ہوں، جب شہباز شریف بطور وزیر اعظم بیرون ممالک دورے کرتے ہیں تو نواز شریف کے دل پر کیا گزرتی ہے(بقیہ نمبر 41)



لاہور: اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان بھچر دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں



اسلام آباد: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سالانہ امرناتھ یاترا جموں سے شروع ہوگئی، سخت پابندیاں عائد

پولیس نے جموں شہر میں متعدد چوکیاں قائم کی ہیں جہاں لوگوں سے پوچھ گچھ کی جاتی ہے

جموں (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں سیکورٹی انتظامات کے نام پر لگائی گئی سخت پابندیوں کے دوران سالانہ امرناتھ یاترا آج جموں سے شروع ہوگئی۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بال تل روٹ سے جانے والے یاتریوں کا پہلا قافلہ بدھ کی صبح 4 بجے جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے روانہ ہوا۔اس کے بعد صبح 3: 4 بجے یاتریوں کا ایک اور قافلہ پہلگام کے روایتی راستے سے امرناتھ غار کی طرف روانہ ہوا۔روایت کے مطابق یاترا 270 کلومیٹر طویل سرینگر جموں ہائی وے سے آگے بڑھے گی۔

کشمیریوں سے اپنے ہی وطن میں ان کی سرزمین، وسائل اور حقوق چھینے جا رہے ہیں

مودی حکومت مقبوضہ جموں و کشمیر میں آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کے مذموم منصوبے پر عمل پیرا ہے، حریت کانفرنس

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے کہا ہے کہ مودی کی زیر قیادت بھارتی حکومت علاقے کی مسلم شناخت مٹانے اور اس کو ایک نو آبادی میں تبدیل کرنے کے مذموم منصوبے پر عمل پیرا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید منہاس نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا کہ بی جے پی اور آر ایس ایس گٹھ جوڑ نے مقبوضہ جموں و کشمیر کے مسلم اکثریتی تشخص کو تبدیل کرنے کے لیے ایک جارحانہ مہم شروع کر رکھی ہے۔ 5 اگست 2019 کا غیر قانونی اور یکطرفہ فیصلہ کشمیری عوام کی سیاسی، ثقافتی اور مذہبی شناخت پر براہ راست حملہ تھا۔

لندن: برطانوی سکھوں کے پارلیمانی گروپ کی 20 ویں سالگرہ کی تقریب کا انعقاد

تقریب کے دوران UK اور Alliance Gurdwara کا باقاعدہ افتتاح بھی کیا گیا، جو برطانیہ بھر کے 200 سے زائد گردواروں کی نمائندہ ایک تاریخی تنظیم ہے

پاکستان میں تمام مذاہب کو مکمل آزادی حاصل ہے اور سکھ برادری کو ہمیشہ عزت و وقار کے ساتھ برابری کے حقوق دیے گئے ہیں، صوبائی وزیر



لاہور: صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ لندن میں APPG اور UK Gurdwara Aliance کی 20 ویں سالگرہ کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

لاہور (خبر نگار) برطانوی پارلیمنٹ میں آل پارٹیز پارلیمنٹری گروپ (APPG) برائے برٹش سکھ کی 20 ویں سالگرہ کے موقع پر منعقدہ تقریب میں پاکستان کے صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور/ پردھان پاکستان سکھ گردوارہ پربندھک کمیٹی (PSGPC) سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے بطور خصوصی بین الاقوامی مہمان شرکت کی۔تقریب کے دوران "UK Alliance Gurdwara" کا باقاعدہ افتتاح بھی کیا گیا، جو برطانیہ بھر کے 200 سے زائد گردواروں کی نمائندہ ایک تاریخی تنظیم ہے۔ اس اتحاد کا مقصد حکومتی اداروں اور مقامی سکھ برادری کے درمیان موثر رابطہ اور مذہبی ہم آہنگی کو فروغ دینا تھا۔ اپنے خطاب میں سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے APPG اور UK Alliance Gurdwara کو مبارکباد دیتے ہوئے پاکستان میں اقلیتوں کے لیے مذہبی آزادی کی صورتحال پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی 11 (بقیہ نمبر 47)

بانی سندس فاؤنڈیشن محمد یٰسین کا سیف سٹیز اتھارٹی کا فلاحی دورہ

ورچوئل بلڈ بینک کو وقت کی اہم ضرورت قرار، سیف سٹی اور سندس کی مشترکہ مہم پر اتفاق

بلڈ ڈونرز کا ڈیٹا سیف سٹی نظام سے منسلک کرنے اور آگاہی بڑھانے پر تفصیلی گفتگو

لاہور (زیڈ این این) بانی و صدر سندس فاؤنڈیشن محمد یٰسین خان نے پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا خصوصی دورہ کیا۔اس موقع پر چیف آپریٹنگ آفیسر سیف سٹی مستنصر فیروز نے محمد یٰسین خان کو سیف سٹی کے عوامی فلاحی منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ محمد یٰسین خان کو سیف سٹی کے مختلف شعبہ جات اور بالخصوص ورچوئل بلڈ بینک کے نظام کا عملی مشاہدہ کرایا گیا۔صدر سندس فاؤنڈیشن نے ورچوئل بلڈ بینک کو وقت کی سب سے اہم ضرورت قرار دیتے ہوئے اس اقدام کو سراہا۔دورے کے دوران یہ فیصلہ کیا گیا کہ سیف سٹی اتھارٹی اور سندس فاؤنڈیشن مل کر ورچوئل بلڈ بینک کی آگاہی کے لیے مشترکہ مہم شروع کریں گے تاکہ عوام کو بروقت اور محفوظ خون کی فراہمی ممکن بنائی جا سکے۔سیف سٹی اور سندس فاؤنڈیشن کے درمیان بلڈ ڈونرز کی معلومات کو سیف سٹی کے ڈیٹا بیس سے منسلک کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔

لاہور: برطانوی سکھوں کے پارلیمانی گروپ کی 20ویں سالگرہ کی تقریب کا انعقاد

حجرہ شاہ مقیم، شوہر نے بیوی کو کلہاڑی سے مار ڈالا

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) حجرہ شاہ مقیم کے نواحی گاؤں شیر نگر میں گھریلو ناچاکی کے نتیجے میں افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں 45 سالہ خاتون کو مبینہ طور پر اس کے شوہر مشتاق نے کلہاڑی کے وار سے قتل کر دیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر راشد ہدایت نے فوری نوٹس لیا جس پر پولیس نے ملزم مشتاق کو گرفتار کر کے قتل کا مقدمہ درج کرتے ہوئے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ ڈی پی او راشد ہدایت نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ کسی کو ناحق قتل کرنے والا کسی بھی رعایت کا مستحق نہیں، ملزم کو قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

رائے ونڈ، بھائی کوٹ کے رہائشیوں کا بجلی کی بندش پر احتجاج

ٹائروں کو آگ لگا کر احتجاج کرتے ہوئے رائے ونڈ سندر روڈ بلاک کر دی

رائے ونڈ (این این آئی) رائے ونڈ کے علاقے بھائی کوٹ کے رہائشیوں نے بجلی کی بندش پر ایس ڈی او رائے ونڈ کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے رائے ونڈ سندر روڈ بلاک کر دی ۔ ٹائروں کو آگ لگا کر لیسکو افسران کے خلاف نعرے بازی کی گئی۔ مظاہرین نے کہا کہ جب سے نئے ایس ڈی او مبشر حسین نے چارج سنبھالا ہے صارفین کی مشکلات میں اضافہ ہو گیا ہے ،آئے روز فالٹ سفارمر جل رہے ہیں



لاہور: عوامی رکشہ یونین کے زیر اہتمام پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے اور مہنگائی کے خلاف پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

احمد پور شرقیہ' وین آتشزدگی واقعہ، ایک اور زخمی طالبہ جاں بحق، تعداد 2 ہوگئی

ریسکیو حکام کے مطابق 17 سالہ اجالا کو نشتر ہسپتال ملتان منتقل کیا گیا مگر جانبر نہ ہو سکی

احمد پور شرقیہ (این این آئی) احمد پور شرقیہ میں وین آتشزدگی واقعہ کے دوران جھلس کر زخمی ہونے والی ایک اور طالبہ دم توڑ گئی۔ ریسکیو حکام کے مطابق 17 سالہ اجالا کو نشتر ہسپتال ملتان منتقل کیا گیا مگر جانبر نہ ہو سکی، جس کے بعد آتشزدگی واقعہ میں جاں بحق طالبات کی تعداد 2 ہوگئی، گزشتہ روز جاں بحق ہونے والی طالبہ طیبہ عباس کی نماز جنازہ آبائی لیاقت پور میں ادا کر دی گئی۔ پولیس حکام کا کہنا ہے

شیخوپورہ، بل درست کرانے آئی بزرگ خاتون پر گارڈ کا تشدد، گھسیٹ کر گیٹ سے باہر نکال دیا

شیخوپورہ (این این آئی) پنجاب کے شہر شیخوپورہ میں لیسکو آفس میں سیکیورٹی گارڈ نے بزرگ خاتون پر بدترین تشدد کیا، بل درست کرانے آئی خاتون کو گھسیٹ کر گیٹ سے باہر نکال دیا جبکہ واقعے کی ویڈیو سامنے آنے پر ایس ای واپڈا نے فوری نوٹس لیتے ہوئے سیکیورٹی گارڈ کے خلاف انکوائری کا حکم دے دیا۔

شاہراہ سکردو پر کار ڈرائیور کے قابو سے باہر ہو کر گہری کھائی میں جا گری 2 افراد جاں بحق

گلگت (این این آئی) شاہراہ سکردو پر کار ڈرائیور کے قابو سے باہر ہو کر گہری کھائی میں جا گری 2 افراد جاں بحق، حادثہ روندو بشو پل کے قریب پیش آیا۔اطلاع ملنے پر ریسکیو روندو کے اہلکار فوری طور پر ضروری سامان کے ساتھ جائے حادثہ پر پہنچے اور ریسکیو آپریشن شروع کیا اور دونوں لاشوں کو کھائی سے نکال کے روندو ٹھوار ہسپتال منتقل کیا ہے جہاں پر ضروری قانونی کاروائی کے بعد ورثا کے حوالے کیا جائے گا۔

بھارت، آسام کے ضلع گول پاڑہ میں مسلمانوں کے 700 سے زائد گھر منہدم کر دیے گئے

گواہاٹی (این این آئی) بھارتی ریاست آسام کے ضلع گولپاڑہ میں حکومت کی بلڈوزر مہم کے دوران 700 سے زائد مسلمانوں کے گھروں کو مسمار کر دیا گیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق غیر قانونی بستیوں کے خلاف حکومت کے نام نہاد کریک ڈاؤن کے نام پر سینکڑوں مسلمانوں کو بے گھر کر دیا گیا جن کو شدید گرمی اور آنے والی مون سون بارشوں کے دوران شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔

سوات واقعہ، خیبر پختونخوا حکومت کا فلڈ فائٹنگ آلات خریدنے کا فیصلہ

سیلاب اور دیگر ایمرجنسی صورتحال میں اب ڈرونز کا استعمال کیا جائے گا، کئی سو کلو وزن اُٹھانے کی صلاحیت ہوگی

پشاور (این این آئی) سوات سیلاب کے بعد خیبر پختونخوا حکومت نے موثر اقدامات اٹھانے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق صوبائی حکومت نے فلڈ فائٹنگ آلات خریدنے کا فیصلہ کیا ہے جن میں ڈرونز اور واٹر ریسکیو بوٹس شامل ہیں، سیلاب اور دیگر ایمرجنسی صورتحال میں اب ڈرونز کا استعمال کیا جائے گا، ڈرونز میں کئی سو کلوگرام وزن اُٹھانے کی صلاحیت ہوگی۔ خیبر پختونخوا محکمہ ریلیف نے (بقیہ نمبر 42)

شبیر شاہ کی رہائی کے لیے ڈی ایف پی کی پاکستانی سیاسی قیادت سے مدد کی اپیل

اس وقت پروسٹیٹ کینسر میں مبتلا ہیں جنہیں فوری علاج کی ضرورت ہے

اسلام آباد (این این آئی) جموں و کشمیر ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی (DFP) نے پاکستان کی سیاسی قیادت سے اپیل کی ہے کہ وہ نئی دہلی کی تہاڑ جیل میں نظر بند ان کے پارٹی چیئرمین شبیر احمد شاہ کی فوری رہائی کو یقینی بنانے کے لیے مداخلت کرے جو پروسٹیٹ کینسر سمیت متعدد عارضوں میں مبتلا ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق ڈی ایف پی کے قائم مقام چیئرمین محمود احمد ساغر نے مسلم لیگ (بقیہ نمبر 43)



لاہور: محنت کش ہاتھ سے چھلنے والے سیکھے فروخت کر رہے ہیں

پتوکی نامعلوم ملزمان نے تیز دھار آلہ سے نوجوان کا گلا کاٹ کر قتل کر دیا

ملزمان نے نقش کھیتوں میں پھینک دی ملزمان موقع سے فرار تاحال پولیس ملزمان کا کوئی سراغ نہ لگا سکی

پتوکی (این این آئی) پتوکی نامعلوم ملزمان نے تیز دھار آلہ سے نوجوان کا گلا کاٹ کر قتل کر دیا ملزمان نے نقش کھیتوں میں پھینک دی ملزمان موقع سے فرار تاحال پولیس ملزمان کا کوئی سراغ نہ لگا سکی ڈی پی او پتوکی نے ملزمان گرفتار کرنے کی یقین دہانی کروا دی ۔پتوکی کے نواحی گاؤں بھنجرائے کلاں میں نامعلوم ملزمان نے 18 سالہ نوجوان مہتاب کو تیز دھار آلہ سے قتل کیا اور ملزمان نے مقتول کی نعش (بقیہ نمبر 44)

ضلعی انتظامیہ باغ کے زیر اہتمام شہداء پولیس آزاد کشمیر کانفرنس کا انعقاد کیا گیا

پولیس کانفرنس، کمشنر پونچھ، ڈی ا،ئی جی پونچھ، ڈپٹی کمشنر اور ایس پی باغ سمیت درجنوں شخصیات کا خطاب

باغ (این این آئی) ضلعی انتظامیہ باغ کے زیر اہتمام شہدائے پولیس آزاد کشمیر کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، شہداء کی قربانیوں کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے شہدا کے مشن کو جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا۔ شہدائے پولیس کانفرنس کی میزبانی ڈپٹی کمشنر باغ راجہ محمد صداقت خان اور ایس ایس پی باغ راجہ اکمل نے کی جبکہ کانفرنس میں چیف آرگنائزر آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس عثمان علی، کمشنر پونچھ مسعود الرحمٰن، ڈی آئی جی پونچھ سردار ظہیر، ڈی سی سدھنوتی ممتاز کاظمی کے علاوہ وکلا، تاجران، شہریان، سول سوسائٹی، سیاسی جماعتوں کے قائدین کے علاوہ تمام مکاتب فکر نے سینکڑوں کی تعداد میں شرکت کی۔ شہدائے پولیس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے چیف آرگنائزر مسلم کانفرنس عثمان (بقیہ نمبر 37)



کوئٹہ: پرووائس چانسلر بیوٹمز ڈاکٹر میر وائس کاسی اور سی ای او آریا انسٹیٹیوٹ ڈاکٹر سہیل خان بیوٹمز اور آریا انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز کے مابین باہمی تعاون کی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں

مون سون سیزن، سرگودہا شہر کو 14 سیکٹرز میں تقسیم کر دیا گیا

انتظامی افسران کو صفائی اور نکاسی آب کے انتظامات کی نگرانی کا حکم دے دیا گیا

سرگودہا (این این آئی) مون سون سیزن میں نکاسی آب کے موثر انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے سرگودہا شہر کو 14 سیکٹرز میں تقسیم کر کے انتظامی افسران کو صفائی اور نکاسی آب کے انتظامات کی نگرانی کا حکم دے دیا گیا جو نشیبی علاقوں کی نشاندہی اور عملے کی موجودگی کو یقینی بنائیں گے۔ (بقیہ نمبر 35)

چین امریکہ تعلقات میں پاکستان نے ہمیشہ اہم کردار ادا کیا: پروفیسر وکٹر گاؤ

ہمیشہ پاکستان کا شکر گزار رہنا چاہیے جو کہ جدید تاریخ کے سب سے بڑے گیم چینجر واقعات میں سے ایک ہے، چینی ماہر

اسلام آباد (این این آئی) اظہار بین الاقوامی تعلقات کے چینی ماہر پروفیسر وکٹر گاؤ نے کہا کہ چین اور امریکہ کو چین امریکہ تعلقات کی بنیاد رکھنے پر ہمیشہ پاکستان کا شکر گزار رہنا چاہیے جو کہ جدید تاریخ کے سب سے بڑے گیم چینجر واقعات میں سے ایک ہے۔ان خیالات کا اظہار بین (بقیہ نمبر 36)



رائے ونڈ بھائی کوٹ کے رہائشی پیلی کی بندش کے خلاف رائے ونڈ سندر روڈ بلاک کر کے احتجاج کر رہے ہیں

عمانی بائیکرز پاکستان کا مثبت امیج لے کر جائیں گے: سلیم حیدر خان

گورنر پنجاب سے عمانی بائیکرز کی ملاقات، دونوں ممالک کے درمیان عوامی، سیاحتی و ثقافتی روابط کو فروغ دینے پر زور دیا گیا

لاہور (زیڈ این این) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے عمان کے شہر بوشر سے تعلق رکھنے والے بائیکرز کے وفد نے گورنر ہاؤس لاہور میں ملاقات کی۔ ملاقات میں دوطرفہ عوامی، ثقافتی اور سیاحتی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عمانی بائیکرز کے دورہ پاکستان سے دونوں ممالک کے درمیان عوامی سطح پر تعلقات کو مزید وسعت ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ عمانی بائیکرز واپس جا کر دنیا میں پاکستان کا مثبت اور پر امن امیج اجاگر کریں گے ۔انہوں نے پاکستان کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ پاکستان اسلام کا قلعہ اور ایک پر امن ایٹمی قوت ہے، جس نے ہمیشہ اسلامی دنیا کے دفاع، خودمختاری اور جغرافیائی سلامت کے لیے عالمی فورمز پر مؤثر آواز بلند کی۔ گورنر پنجاب نے مزید کہا کہ "انڈیا کی جانب سے جب جنگ مسلط کی گئی

مون سون سیزن، سرگودہا شہر کو 14 سیکٹرز میں تقسیم کر دیا گیا

کاہنہ: ویٹرز نے شادی ہال لوٹ لیا، 3 رکنی گروہ گرفتار

لاہور (زیڈ این این) لاہور کے علاقے ڈیفنس روڈ پر واقع شادی ہال میں کام کرنے والے ویٹرز نے مالکان سے لین دین کے تنازع پر شادی ہال میں ہی گن پوائنٹ پر واردات کر کے لاکھوں روپے مالیت کا سامان چوری کر لیا۔ پولیس کے مطابق یہ نقب زنی کی ایک منظم واردات تھی، جس کے بعد کاہنہ پولیس چوکی ہلوکی کے انچارج قاسم علی نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے کارروائی کرتے ہوئے۔

سرگودھا، انتشار پھیلانے والوں کے خلاف کارروائی، 8 مقدمات درج

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا پولیس نے پرامن ماحول کو سبوتاژ کرنے کے لئے انتشار پھیلانے والوں کے خلاف کارروائی میں 8 مقدمات درج کر کے اس میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر لیا اور مزید تفتیش جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق پولیس حکام کا کہنا ہے کہ پاکستان ایک پرامن ملک ہے، جہاں ہر شہری کو اپنے عقیدے کے مطابق عبادت کرنے کا مکمل حق حاصل ہے۔ سرگودھا پولیس ایسے عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی کر رہی ہے۔ جو کسی بھی قسم کے انتشار کا باعث بن رہے ہیں

پنجاب حکومت نے سرکاری ملازمین کی تنخواہیں صرف ڈیجیٹل طریقے سے ادا کرنے کا فیصلہ

لاہور (زیڈ این این) حکومت پنجاب نے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں کی ادائیگی کا نظام مکمل طور پر ڈیجیٹل کر دیا ہے۔ محکمہ خزانہ پنجاب کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق اب یکم ستمبر 2025 سے صوبہ بھر کے سرکاری ملازمین کو تنخواہیں صرف بینک اکاؤنٹس، ڈیجیٹل والٹس یا بائیومیٹرک پلیٹ فارمز جیسے ذرائع سے دی جائیں گی۔ نوٹیفکیشن میں واضح ہدایت کی گئی ہے کہ چیک یا نقد ادائیگی کا طریقہ کار ختم کر دیا گیا ہے

ڈولفن سکواڈ کی کارروائی، لاری اڈہ سے موبائل چور گروہ کے 2 ملزمان گرفتار

لاہور (زیڈ این این) ڈولفن سکواڈ نے لاری اڈہ میں بروقت کارروائی کرتے ہوئے شہریوں کے موبائل فون چوری کرنے والے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ڈولفن ٹیم نے یہ کارروائی سنیپ چیکنگ کے دوران کی۔ ترجمان ڈولفن فورس کے مطابق گرفتار ملزمان کی شناخت نوید اور علی کے نام سے ہوئی ہے، جو کہ سابقہ ریکارڈ یافتہ ہیں۔ یہ دونوں ملزمان دوسرے شہروں سے لاہور آنے والے مسافروں کو نشانہ بنا کر ان کے قیمتی موبائل چوری کیا کرتے تھے۔ کارروائی کے دوران چوری شدہ 2 موبائل فونز ملزمان کے قبضے سے برآمد کر لیے گئے ہیں۔ گرفتار ملزمان کو مزید قانونی کارروائی کے لیے تھانہ لاری اڈہ کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

کمیٹی کا اجلاس، بغیر PPSC امتحان ایجوکیٹرز کی مستقلی کی سمری وزیر اعلیٰ کو بھیجنے کا فیصلہ

لاہور (زیڈ این این) محکمہ سکول ایجوکیشن پنجاب کی جانب سے 14 ہزار ایجوکیٹرز کو مستقل کرنے کے حوالے سے اہم اجلاس ہوا جس میں مثبت پیش رفت سامنے آئی ہے۔ اجلاس میں ایجوکیٹرز کی جلد مستقلی کی یقین دہانی کرائی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق مستقل ہونے والے اساتذہ میں 3 ہزار اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز (AEOs) بھی شامل ہیں۔

ایف آئی اے نے لیسکو کے 2 ملازمین کو کروڑوں کی کرپشن پر گرفتار کر لیا

لاہور (زیڈ این این) ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل لاہور نے لیسکو میں کروڑوں روپے کی بدعنوانی اور سرکاری مال خورد برد کے الزام میں 2 ملازمین کو گرفتار کر لیا ہے۔ ترجمان کے مطابق گرفتار کیے گئے ملزمان کی شناخت محمد شہباز اور محمد منیب طاہر کے نام سے ہوئی ہے۔ ملزم محمد شہباز گرڈ اسٹیشن کوٹ لکھپت لاہور میں بطور اسسٹنٹ سب اسٹیشن اٹینڈنٹ تعینات تھا جبکہ محمد منیب طاہر حمزہ ٹاؤن سب ڈویژن میں لائن سپرنٹنڈنٹ کے طور پر ڈیوٹی انجام دے رہا تھا۔



لاہور: چیف آپریٹنگ آفیسر سلمان نصیر کی زیر قیادت پی ایس ایل انتظامیہ سے اسٹیک ہولڈرز ملاقات کر رہے ہیں

سانحہ سوات' پشاور ہائی کورٹ نے کمشنر مالاکنڈ اور دیگر متعلقہ افسران کو طلب

غفلت کے باعث 17 جانیں گئیں، سیاحوں کو ڈرون کے ذریعے حفاظتی جیکٹس کیوں نہیں دی گئیں، چیف جسٹس برہم

سوات (این این آئی) دریائے سوات میں سیاحوں کے جاں بحق ہونے سے متعلق درخواست پر سماعت کے دوران پشاور ہائی کورٹ نے کمشنر مالاکنڈ اور دیگر متعلقہ افسران کو طلب کر لیا۔ پشاور ہائی کورٹ میں چیف جسٹس ایس ایم عتیق شاہ اور جسٹس فہیم ولی نے درخواست کی سماعت کی۔ (بقیہ نمبر 38)

گلگت بلتستان' کارکھائی میں جا گری، 2 افراد جاں بحق

جاں بحق افراد کا تعلق ضلع کھرمنگ سے بتایا گیا ہے جبکہ کار میں سوار افراد اسکردو سے گلگت جا رہے تھے

گلگت (این این آئی) گلگت بلتستان میں کار گہری کھائی میں جا گری، جس کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو کے مطابق روندو میں شاہراہ بلتستان پر شوت نالے کے قریب کار موڑ کاٹتے ہوئے گہری کھائی میں جا گری، کار میں سوار دونوں افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو نے موقع پر پہنچ (بقیہ نمبر 39)



اسلام آباد: صدر آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے سابق ڈی آئی جی ڈائریکٹر جنرل قومی ادارہ انسداد دہشت گردی پاکستان ڈاکٹر خالد چوہان ملاقات کر رہے ہیں

واپڈا دفتر شیخوپورہ میں بزرگ خاتون کے ساتھ بدسلوکی قابل مذمت: جاوید قصوری

عوام سرکاری اداروں میں بیٹھے فرعونوں کے رحم و کرم پر ہیں، وزیر اعلیٰ نوٹس لیں' امیر جماعت اسلامی پنجاب

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے شیخوپورہ میں بزرگ خاتون کے ساتھ واپڈا دفتر میں بدسلوکی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرکاری اداروں میں بیٹھے فرعونوں نے ظلم کی انتہا کر رکھی ہے ان لوگوں کے نزدیک غریب عوام کی کوئی عزت و تکریم نہیں بلکہ یہ کیڑے مکوڑے ہیں۔ سرکاری افسر دفتر آنے کی تنخواہ اور مراعات لیتے ہیں جبکہ کام کرنے کے لئے رشوت

کھوکھر پیلس میں محرم الحرام کے سلسلہ میں امن کمیٹی کا اہم اجلاس

اجلاس کی صدارت ملک سیف الملوک کھوکھر نے کی، علماء و مقامی قیادت کی شرکت

لاہور (زیڈ این این) کھوکھر پیلس لاہور میں محرم الحرام کے سلسلے میں امن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت ممبر قومی اسمبلی ملک سیف الملوک کھوکھر نے کی۔ اجلاس میں صوبائی وزیر ملک فیصل ایوب کھوکھر، رکن صوبائی اسمبلی عرفان شفیع کھوکھر اور ملک شہباز کھوکھر سمیت تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام اور مقامی قیادت نے شرکت کی۔ اجلاس میں محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام، بین المسالک ہم آہنگی، اور ضلعی و مقامی سطح پر تعاون کے حوالے سے تفصیلی مشاورت کی گئی۔

لاہور پریس کلب میں صحافیوں اور اہلخانہ کیلئے ویکسی نیشن میڈیکل کیمپ کا انعقاد

بچوں، خواتین کے حفاظتی ٹیکہ جات، بلڈ پریشر و ذیابیطس کے مفت ٹیسٹ کی سہولیات فراہم

صدر لاہور پریس کلب ارشد انصاری کی کوششوں سے کیمپ ممکن ہوا، ڈاکٹر ثمرہ کو یادگاری شیلڈ پیش

لاہور (زیڈ این این) لاہور پریس کلب میں معزز ممبران اور ان کے اہلخانہ کے لیے تو سیعی پروگرام برائے حفاظتی ٹیکہ جات کے تعاون سے ایک روزہ میڈیکل و ویکسی نیشن کیمپ منعقد کیا گیا، جس میں صحافیوں اور ان کے اہلخانہ کو مفت طبی سہولیات فراہم کی گئیں کیمپ میں دو سال تک کی عمر کے بچوں کے لیے معمول کی ویکسی نیشن، نامکمل کورس والے بچوں کے لیے پانچ سال کی عمر تک ویکسین، اور حاملہ خواتین کو تشنج سے بچاؤ کے حفاظتی ٹیکے لگائے گئے۔ ساتھ ہی بلڈ پریشر، ذیابیطس، اور عمومی صحت کا مفت معائنہ بھی کیا گیا۔

شاہدرہ: سی سی ڈی کا مبینہ مقابلہ، اپنے ہی ساتھیوں کی گولی سے ملزم ہلاک

زیر حراست ملزم طاہر ریکوری کے دوران فائرنگ سے زخمی ہوا، ہسپتال منتقلی پر دم توڑ گیا

لاہور (زیڈ این این) لاہور کے علاقے شاہدرہ میں سی سی ڈی (کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ) کی ٹیم کے ساتھ مبینہ پولیس مقابلے کے دوران زیر حراست ملزم طاہر فائرنگ کے نتیجے میں ہلاک ہو گیا۔ ذرائع کے مطابق سی سی ڈی اہلکار ملزم طاہر کو ریکوری کے لیے لے کر گئے تھے کہ اس دوران ملزم کے ساتھیوں نے پولیس پر فائرنگ کر دی۔ فائرنگ کے تبادلے کے بعد جب صورتحال معمول پر آئی تو زیر حراست ملزم طاہر زخمی حالت میں پایا گیا۔ سی سی ڈی حکام کے مطابق طاہر اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی ہوا اور بعد ازاں ہسپتال منتقل کیے جاتے وقت دم توڑ گیا۔ ملزم کے ساتھی اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر موقع سے فرار ہو گئے



نارووال: ورکرز سرکلر روڈ پر صفائی کرنے میں مصروف ہیں

لاہور پریس کلب میں صحافیوں اور اہلخانہ کیلئے ویکسی نیشن میڈیکل کیمپ کا انعقاد

سانحہ سوات' پشاور ہائی کورٹ نے کمشنر مالاکنڈ اور دیگر متعلقہ افسران کو طلب

کاہنہ میں سی سی ڈی کا مبینہ مقابلہ، موٹر سائیکل سوار باپ بیٹا ہلاک

ہلاک ہونے والے فضل الرحمان اور امیر عباس وارداتوں میں ملوث، ٹیم تشکیل دیدی گئی

لاہور (زیڈ این این) لاہور کے علاقے کاہنہ میں سی سی ڈی (کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ) کی ج